قادیانیت شکن

محمد طاہر رنداق



ترتیب وتدوین

محمد طاہر رزاق

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ
حضوری باغ روڈ ملتان ☎ 40978

انتساب

اللہ تعالیٰ کے نام ——————

جس نے مرزا قادیانی کو "ٹٹی خانہ" میں مارا۔

آئینہ مضامین

	صفحہ
❑ انتساب	3
❑ پہلا پتھر (محمد طاہر رزاق)	5
❑ سامان شفاعت (عطاء الحق قاسمی)	9
❑ جھوٹے "طاہر" کے مقابلہ میں سچا "طاہر" (صاحبزادہ طارق محمود)	12
❑ مریض الملت (ڈاکٹر محمد یونس بٹ)	15
❑ مذہبی دنیا کا چارلی چیپلن (شفیق مرزا)	17
❑ قادیانی قاعدہ یٰ	21
❑ بیماریوں کا عالمی چیمپئن	81
❑ مرزا قادیانی کی اکھ مٹکے کی شادی	101
❑ بہشتی مقبرہ روتا ہے	111
❑ جب مرزا قادیانی کو موت آئی!	121
❑ نوکر ودہٹی وا	133
❑ اگر مرزا قادیانی آج کے دور میں ہوتا	143
❑ مرزا قادیانی کے ابے سے ملئے	153
❑ مواصلاتی سیارے کے ذریعے جہنم سے مرزا قادیانی کا تاریخی انٹرویو	169
❑ قادیانی عملیات	195
❑ مرزا قادیانی کا شاعرانہ ریمانڈ	215
❑ جب مرزا قادیانی کو انگریزی نبوت ملی	229
❑ قادیانی لطیفے	239
❑ قادیانی امتحانی پرچہ	251
❑ قادیانیت اور عقل	267

5

پہلا پتھر

فتنہ قادیانیت ایک ہمہ گیر اور ہمہ جہت فتنہ ہے۔ اگر اسے ایک سمت سے دیکھیں تو یہ جھوٹی نبوت کا خارزار وجود لیے نظر آتا ہے' دوسری سمت سے دیکھیں تو یہ مسلمانوں کے قلب سے جذبہ جہاد نکالتا اور ان کے پاؤں میں غلامی کی زنجیریں ڈالتا نظر آتا ہے۔ تیسری سمت سے ملاحظہ کریں تو یہ کتاب اللہ اور احادیث سول کو مسخ کرتا دکھائی دیتا ہے۔ چوتھی سمت سے جائزہ لیں تو یہ مسلمانوں کی ملی وحدت کو ٹکڑیوں میں بانٹتا نظر آتا ہے۔ پانچویں سمت سے نظر ڈالیں تو یہ اپنی زہریلی زبان سے خاتم الانبیاء جناب محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخیوں کے طوفان اٹھاتا نظر آتا ہے۔ چھٹی سمت سے نگاہ دوڑائیں تو یہ وطن عزیز پاکستان کی جڑیں کاٹتا ہوا نظر آتا ہے۔ آپ مختلف سمتوں اور جہتوں سے اسے دیکھتے جائیں' آپ کی آنکھوں کے سامنے اس فتنہ کی خطرناک سے خطرناک اور ہولناک سے ہولناک تصویریں آتی جائیں گی اور آپ مارے حیرت و خوف سے آنکھیں بند کرلیں گے اور چکراتا ہوا سر دونوں ہاتھوں سے پکڑلیں گے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ فتنہ قادیانیت اس گول وجود والے سانپ کی طرح ہے' جس کے اپنی گولائی میں درجنوں منہ ہوں اور ہر منہ میں مختلف انتہائی سخت زہروں والی تھیلیاں ہوں اور وہ اپنی ضرورت کے تحت مختلف زہر استعمال کرتا ہو۔

میں نے اس فتنے کو قلم کے اڑنگے پر لاکر پٹخنیاں دی ہیں۔ حقیقت افروز ریگ مال سے اس کے منہ کی رگڑائی کرکے ملمع کاری کو اتارا ہے۔ بانی فتنہ قادیانیت کی دستار کے پیچ کھول کر اسے جھاڑا ہے' جبے کے بخیے ادھیڑے ہیں' قلب سیاہ کی ای سی جی کی ہے' آنکھوں میں ہیٹری کی لائٹ سے بے وفائی و بے حیائی چیک کی ہے' دماغ پر فتن کی سکیننگ کی ہے' سینہ پر کینہ کے ایکسرے لیے ہیں' رگوں میں دوڑنے والے خون غلیظ کا کیمیائی تجزیہ کیا ہے' حریص پیٹ کا الٹرا ساؤنڈ کیا ہے' زندگی کے خفیہ گوشوں کی ویڈیو کیسٹ چلائی ہے اور جگر میں قلم کا نشتر چبھو کر اس کی چیخیں سنائی ہیں۔

میری حقیقت نگاری سے تو انشاء اللہ کسی کو اختلاف نہیں ہوگا لیکن ممکن ہے کہ کسی کو

میرے اسلوب بیان سے اختلاف ہو' کسی کو میری جملہ سازی پر اعتراض ہو' کوئی میرے لفظوں کے انتخاب پر متفق نہ ہو۔ لیکن میں کیا کروں' میرے دل کے کسی گوشہ میں گستاخ رسولؐ ہاشمی کے لیے کوئی لحاظ نہیں۔ میں کسی مرتد سے میٹھی اور رسیلی زبان میں گفتگو کرنے سے قاصر ہوں۔ میری زندگی کی لغت میں غدار ملت اسلامیہ کے لیے عزت کے القابات نہیں۔ میرا قلم کسی ایمان فروش اور وطن فروش کا نام لکھتے ہوئے احتجاج کیے بغیر آگے نہیں بڑھتا۔ آپ خود ہی بتایئے کہ مرزا قادیانی' جس کی فرد جرم کچھ یوں ہے:

خدائی کا دعویٰ کرنے کے جرم میں یہ فرعون' نمرود اور شداد ہے۔ نبوت کا دعویٰ کرنے کے جرم میں یہ اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب ہے۔ توہین رسالت کے جرم میں یہ ابوجہل' ابولہب اور ولید بن مغیرہ ہے۔ قرآن مجید میں تحریف کرنے کے جرم میں یہ یہودی و نصرانی ہے۔ صحابہ کرامؓ کی توہین کرنے کے جرم میں یہ ابن سبا ہے۔ دین اسلام سے پھر جانے کے جرم میں یہ مرتد ہے۔ تعلیمات اسلامیہ کو مسخ کرنے کے جرم میں یہ زندیق ہے۔ حضرت علیؓ کی توہین کرنے کے جرم میں یہ خارجی ہے۔ امام حسینؓ کی شان میں بکواس کرنے کے جرم میں یہ شمر ہے۔ اسلام کو گالیاں دینے کے جرم میں یہ راجپال اور سلمان رشدی ہے۔ ظاہراً مسلمان اور باطناً کافر ہونے یعنی منافق ہونے کے جرم میں یہ عبداللہ ابن ابی ہے۔ خود کو انسان کا بچہ نہیں بلکہ کرم خاکی بننے کے جرم میں یہ ڈارون کی اولاد ہے۔ جھوٹی جنت بنانے کے جرم میں یہ شداد ہے۔

اور ملت قادیانیہ!

جس نے خلافت عثمانیہ کی تباہی پر قادیان میں چراغاں کیا۔

جس نے شاتم رسول راجپال کے قتل پر غازی علم الدین شہیدؒ پر تنقید کی۔

جس نے حد بندی کمیشن کے سامنے مسلمانوں سے ہٹ کر قادیان حاصل کرنے کے لیے اپنا الگ میمورنڈم پیش کیا' جس کے نتیجہ میں ضلع گورداسپور بھارت کے قبضہ میں چلا گیا اور بھارت کو کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کرنے کا واحد زمینی راستہ مل گیا۔

جس کے نمائندہ وزیر خارجہ سر ظفراللہ نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کا نماز جنازہ اس لیے نہ پڑھا کیونکہ قادیانیوں کے نزدیک قائداعظم کافر تھے۔

جس نے ایک گہری سازش کے ذریعے راولپنڈی میں پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کو اس لیے قتل کروایا کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ لیاقت علی خان راولپنڈی کے جلسہ عام میں سر ظفر اللہ کو وزارت خارجہ سے الگ کرنے کا اعلان کرنے والے ہیں۔

جنہوں نے وطن عزیز میں اپنی الگ ریاست "ربوہ" کے نام سے بسائی اور اس میں بغیر اجازت مسلمانوں کا داخلہ ممنوع قرار دیا۔

جنہوں نے محض قادیان پہنچنے کے لیے 1965 کی جنگ شروع کرادی اور ملک کا اقتصادی ڈھانچہ تباہ کردیا۔

جن کے چھ سو فوجی اسرائیل کی فوج میں بھرتی ہیں۔

جنہوں نے مشرقی پاکستان کے سقوط پر بھنگڑا ڈالا اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔

جنہوں نے عالم اسلام کے عظیم محسن شاہ فیصل کی شہادت پر جشن منایا اور حلوے کی دیگیں تقسیم کیں۔

جنہوں نے کہوٹہ ایٹمی پلانٹ کا ماڈل امریکہ پہنچایا۔

جس کے سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام نے وطن عزیز کی سرزمین کو "لعنتی زمین" کہا۔

جن کے نزدیک پاکستان کا تباہ ہونا ایک مذہبی عقیدہ ہے۔

ایسے لوگ کس سلوک کے مستحق ہیں؟ ان کے ساتھ ہمارا قومی و ملی برتاؤ کیسا ہونا چاہیے؟

اسلام تو مرتد، گستاخ رسولؐ اور غدار کے لیے قلم کے ساتھ تلوار اٹھانے کا بھی حکم دیتا ہے۔ الحمدللہ امت محمدیہ کے اہل قلم نے تو اپنے ذمہ قلم کے قرض کا فرض ادا کردیا، لیکن ابھی تک ارباب حکومت کے ذمہ تلوار کا قرض باقی ہے۔ ارض وطن اور اہل وطن سراپا سوال بنے پوچھتے ہیں کہ ارباب بست و کشاد اپنا یہ فرض کب ادا کریں گے؟ جبکہ تلوار بھی ہے، مرتدوں اور زندیقوں کی گردنیں بھی ہیں اور ملک بھی اسلامی ہے!!!

اس کتاب کے تصنیفی سفر میں مجاہد ختم نبوت جناب فیاض اختر ملک، جناب محمد متین خالد اور جناب محمد صدیق شاہ، آغاز سفر سے اختتام سفر تک، میرے شریک سفر رہے اور راستے کی مشکلات سے نبرد آزما ہونے کے لیے میرے دست و بازو بنے رہے۔ یہ ان ہی کی محنت

شاقہ کا ثمر ہے کہ آج یہ کتاب منصہ شہود پر طلوع ہو چکی ہے۔ اس کتاب کے صفحے صفحے میں میرے ان دوستوں کی کوششوں کی خوشبو رچی بسی ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں دنیا و آخرت میں اپنے ہالہ رحمت میں محفوظ رکھے۔ اس کتاب کی اشاعت کے بعد میرے دوست جناب سید علمدار حسین شاہ اور جناب طاہر سلطان صاحب کی دیرینہ خواہش بھی پوری ہو گئی کیونکہ وہ چاہتے تھے کہ فتنہ قادیانیت کے رد میں اس نہج پر بھی ایک کتاب لکھی جائے۔

اے میرے مالک و خالق!

اے سمیع و بصیر! تو شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔۔۔ تو آنکھ جھپکنے کی صدا کو بھی سنتا ہے۔۔۔ تو دلوں کی تہوں میں چھپے ہوئے ارادوں سے بھی واقف ہے۔۔۔ تو دماغ کی پر پیچ وادیوں میں پوشیدہ نیتوں سے بھی آشنا ہے۔۔۔!!!

میرے رب! مجھے قادیانیوں سے کوئی ذاتی بغض و عناد نہیں۔۔۔ میں نے قادیانیت اور بانی فتنہ قادیانیت کی سرجری کر کے جہاں ملت اسلامیہ کو اس فتنہ کی زہرناکیوں سے آگاہ کیا ہے' وہاں قادیانیوں کے لیے بھی باطل کے بہروپی لباس اتار کر باطل کے اصلی رنگ میں دکھانے کا اہتمام کیا ہے۔ دونوں پہلو فائدے سے بھرپور ہیں۔۔۔ کیونکہ قادیانیت کو ماننا بھی جرم ہے اور قادیانیت کے خلاف جہاد نہ کرنا بھی جرم ہے!!!

اب جس کے جی میں آئے وہی پائے روشنی
ہم نے تو دل جلا کے سرعام رکھ دیا

محمد طاہر رزاق
بی۔ایس سی' ایم۔اے (تاریخ)
13 اکتوبر 1993-لاہور

سامان شفاعت

جب عزیزان مکرم محمد متین خالد صاحب اور محمد طاہر رزاق صاحب میرے پاس تشریف لائے اور فرمائش کی کہ آپ نے "قادیانیت شکن" کے حوالے سے چند سطریں تحریر کرنا ہیں تو میرے ہاتھ پاؤں پھول گئے' وجہ صاف ظاہر ہے کہ کتاب مذہبی نوعیت کی تھی اور میں عالم دین نہیں ہوں بلکہ بقول اکبر الہ آبادی

مذہبی بحث میں نے کی ہی نہیں
فالتو عقل مجھ میں تھی ہی نہیں

لیکن جب میں نے ان بکھرے ہوئے مضامین پر سرسری نظر ڈالی تو مجھ پر انکشاف ہوا کہ اگرچہ کتاب اپنے باطن میں سنجیدہ مذہبی مباحث لیے ہوئے ہے اور یوں خاصی عالمانہ ہے لیکن اس کا انداز اتنا ثقہ نہیں جتنا مجھے خدشہ تھا' بلکہ خاصا کالمانہ ہے۔ ویسے بھی میں نے سوچا کہ حضور خاتم النبیینؐ کی نبوت پر حملہ آور ہونے والوں کے سامنے اگر کوئی نوجوان سینہ سپر ہوتا ہے تو کیا میرا اتنا حق بھی نہیں کہ میں ایک طشتری میں لفظوں کے پھول رکھ کر اس کی خدمت میں پیش کروں؟ سو یہ کوئی فلیپ ہے نہ دیباچہ بلکہ لفظوں کی مالا ہے' جو میں نے اپنی شفاعت کے لیے تیار کی ہے!

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ قادیانی مسئلہ بنیادی طور پر دینی مسئلہ ہے بلکہ اس کا تعلق براہ راست ہمارے ایمان سے ہے لیکن میں اسے سیاسی حوالے سے بھی دیکھتا ہوں میرے نزدیک بدبخت انگریز نے ہندوستان میں اپنے غاصبانہ قبضے کو مضبوط کرنے اور اسلام سے اپنی ازلی دشمنی کے اظہار کے لیے جہاں اور بہت سے اقدامات کیے وہاں مرزا غلام احمد صاحب کے گلے میں "انگریزی نبوت" کا "طوق" بھی ڈالا۔ چنانچہ موصوف نے مسلمانان ہند کو بے روح بنانے کے لیے پہلا کام یہ کیا کہ جہاد کو منسوخ قرار دے ڈالا تاکہ ہندوستان کے تخت و تاج کے وارث مسلمان انگریز کی غلامی کو

مذہبی بنیادوں پر بھی تسلیم کر لیں' صرف یہی نہیں بلکہ موصوف نے انگریزوں کے جو قصیدے لکھے' وہ اتنے افسوسناک ہیں کہ انہیں پڑھتے ہوئے ایک آزادی پسند انسان کا خون کھولنے لگتا ہے' ایک اور کام جو مرزا غلام احمد صاحب نے کیا' وہ اسلام سے وابستہ مقدس اصطلاحات' القاب' مقامات اور شخصیات کے مقابلے میں ایک ڈمی عمارت استوار کرنا تھا۔ چنانچہ خود کو نبی' اپنی بیگمات کو امہات المومنین' اپنے حواریوں کو صحابی اور اپنے جانشینوں کو خلفاء قرار دینے کے علاوہ وہ تمام القاب اور اصطلاحیں بھی بے دریغ استعمال کیں جو صرف حضورؐ اور ان سے وابستہ دوسری مقدس ہستیوں سے مخصوص تھیں۔ صرف یہی نہیں کہ انہوں نے امت محمدیہؐ کے مقابلے میں ایک ڈمی امت کھڑی کرنے کی کوشش کی بلکہ مسلمانوں کو کافر بھی قرار دے ڈالا۔ مرزا بشیر الدین محمود سے ایک قادیانی نے سوال کیا کہ "اگر کسی "غیر احمدی" کا معصوم بچہ انتقال کر جائے تو کیا اس کی نماز جنازہ جائز ہے؟" مرزا بشیر الدین نے جواب دیا "اگر کسی عیسائی یا ہندو کا معصوم بچہ فوت ہو جائے تو کیا آپ اس کی نماز جنازہ پڑھیں گے؟" چنانچہ یہ غلط فہمی ہے کہ مرزائیوں کو دائرۂ اسلام سے خارج کرنے میں مسلمانوں نے پہل کی' حقیقت یہ ہے کہ اس سے بہت عرصہ قبل یہ لوگ الٹا مسلمانوں کو دائرۂ اسلام سے خارج کر چکے تھے۔

انگریز استعمار کے اشارے پر عالم اسلام کے خلاف یہ گھناؤنی سازش مرزا غلام احمد صاحب نے تیار کی اور "قادیانیت شکن" اس لحاظ سے واقعی "قادیانیت شکن" ہے کہ انگریز کے آلہ کار "نبی" کا پوسٹ مارٹم "ڈاکٹر" محمد طاہر رزاق صاحب نے پوری بے دردی سے کیا ہے۔ ان کے قلم میں بلا کی کاٹ ہے اور ان میں ایک باقاعدہ طنز نگار بننے کے پورے امکانات موجود ہیں۔۔۔۔ مرزا غلام احمد صاحب اور ان کے حواریوں نے حضور نبی اکرمؐ' امہات المومنینؓ اور صحابہ کرامؓ کے حوالے سے انتہائی گستاخانہ زبان استعمال کی ہے اور "قادیانیت شکن" کا لہجہ غالباً اس کا فطری ردعمل ہے۔ جب آپ دنیا کی مقدس ترین ہستیوں کے خلاف زبان طعن دراز کریں

گے تو پھر شکایت کرنے کے بجائے اس کے ردعمل کا سامنا کرنے کے لیے بھی آپ کو تیار ہونا چاہیے۔ تاہم میری دیانت دارانہ رائے یہ ہے کہ اس کتاب کی تاثیر میں مزید کئی گنا اضافہ ہوسکتا تھا اگر نوجوان طاہر رزاق بعض مقامات پر اپنے غصے کو قابو میں رکھنے پر کامیاب ہو جاتے۔۔۔ موجودہ صورت میں بھی "قادیانیت شکن" ان مسلمانوں کے لیے ایک تحفے سے کم نہیں جو انگریز کے خودکاشتہ اس پودے کے زہریلے پھلوں کے ذائقے سے ناآشنا ہیں۔ محمد طاہر رزاق حب رسولؐ سے سرشار ایک تعلیم یافتہ نوجوان ہیں' انہوں نے حضورؐ کی شفاعت کے لیے پوری عرق ریزی کے ساتھ یہ کتاب تحریر کی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور نبی اکرمؐ کے صدقے میں ان کی یہ کاوش قبول فرمائے!

عطاء الحق قاسمی

(8 اکتوبر 1993)

جھوٹے "طاہر" کے مقابلہ میں سچا "طاہر"

عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور محاسبہ قادیانیت کے محاذ پر کام کرنے والوں کے لیے عزیزم طاہر رزاق کی ذات محتاج تعارف نہیں۔ انہوں نے قلمی میدان میں قادیانی فتنہ کے ناپاک عقائد اور ارتدادی عزائم کو بے نقاب کرنے میں ایک ایسے سرجن کا کردار ادا کیا ہے' جس کے نشتر کی کسک سے یقیناً فتنہ ارتداد کے بانی کی روح بھی تڑپ اٹھی ہوگی۔ تردید مرزائیت کے ضمن میں دو سال قبل طاہر رزاق کے 13 چھوٹے بڑے کتابچے' پمفلٹ' 320 صفحات پر مشتمل کتاب "تحفظ ختم نبوت" کی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔ یہ موصوف کی دوسری پیشکش ہے' جس میں مزید لکھے گئے 15 کتابچے شامل ہیں۔ یہ دونوں کتابیں مرقع و مسجع تحریروں کی بارا تیں ہیں۔ جس سج دھج سے طاہر رزاق اپنی تحریروں کو منظرعام پر لائے ہیں' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے جانفشانی' عرق ریزی اور محنت و ریاضت میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ عزیزم کی اولین تحریریں سنجیدگی' متانت' دلائل و شواہد کا مجموعہ ہونے کے ساتھ ساتھ ان کے بھرپور دلی جذبات کی آئینہ دار بھی ہیں۔ دوسرے راؤنڈ میں طاہر رزاق نے عصر جدید کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے' خصوصاً نوجوانوں کے ذہن' مزاج اور پسند کے عین مطابق انہیں سامراجی تحریک کے مضمرات سے باخبر کیا اور انہیں دعوت عمل کا پیغام بھی دیا۔

قادیانیت کی دینی' سیاسی' علمی اور قلمی تاریخ میں بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن طنز و مزاح کی دنیا میں سب سے پہلے خانہ ساز نبوت کی خم ٹھوکنے کا اعزاز حاصل کرنے والی شخصیت طاہر رزاق کی ہے۔ اس لحاظ سے وہ نئے رنگ' نئے ڈھنگ اور نئے اسلوب کے بانی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جھنگ کے معروف ناول نگار جناب

اشتیاق احمد صاحب نے کچھ مدت پہلے اسلام اور وطن دشمن قادیانی جماعت کی انڈر گراؤنڈ سرگرمیوں کو افسانوی رنگ میں بیان کیا تھا لیکن وہ مستقل طور پر اس سلسلہ کو آگے نہ بڑھا سکے۔ طاہر رزاق نے اب تک بیسیوں کتابچے تحریر کیے ہیں۔ ان کے قلم کا شوق سفر جاری ہے۔ طاہر کی تحریریں پختگی و شستگی' رعنائی و توانائی' نکھار و بہار' بانکپن و برجستہ پن' جوش و خروش اور ولولہ و ہمہمہ کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

موصوف کے اکثر و بیشتر کتابچوں میں قادیانی فتنہ کے عقائد باطلہ' اس کی مکروہ سازشوں' ناپاک عزائم اور ریشہ دوانیوں کو منظرعام پر لانے کے لیے' طنز و مزاح کا ایسا دلکش انداز اختیار کیا ہے کہ ان کی نثری تحریروں میں ندرت اور جدت کا حسن دو تشنہ ہوگیا ہے۔ قادیانیت کے قلمی جہاد میں طاہر کے قلم میں طنز بھی ہے' مزاح بھی' تنقید اور تنقیص بھی' گرفت اور جارحیت بھی--- ان کے قلم کی کاٹ تلوار سے کم نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض جگہوں پر ان کی ضربات کلیمی سے مرزائیت پھڑپھڑاتی نظر آتی ہے۔ طاہر رزاق کا قلم ارتداد کے خلاف سیف اللہ کی تلوار اور باطل کے خلاف حق و صداقت کی یلغار ہے۔

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ کتابچے' پمفلٹ وقت کے ساتھ ساتھ ضائع ہو جاتے ہیں۔ طاہر رزاق نے علم و ادب کے موتیوں کی مالا کو یکجا کر کے بکھرنے سے بچانے کا جو قریضہ سرانجام دیا ہے' وہ بھی لائق صد تحسین ہے۔ زیر نظر کتاب میں اچھوتے عنوانات کے تحت شوخی تحریر سے مزین کتابچے موضوع کی حشر سامانیاں لیے اور الفاظ کی بیناکاری سے قاری کو مسحور کر دیتے ہیں۔ طاہر رزاق کی ضبط تحریر کے چھوٹے چھوٹے کتابچے' علم و ادب کے سمندر میں علمی و ادبی جزیروں کی مانند نظر آتے ہیں۔ میرے مشاہدہ کے مطابق یہ نوجوان نسل کے لیے جاذب نظر اور ذوق مطالعہ کے لیے سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ سکولوں' کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تیزی سے مقبول ہونے والے طاہر رزاق کے قلمی کتابچے مرزائیت کے لیے راکٹ لانچر اور میزائل کا درجہ رکھتے ہیں' جو جھوٹی نبوت کے خرمن کو خاکستر کرنے کی پوری پوری صلاحیت

رکھتے ہیں۔ عزیزم طاہر حضرت داغ سے معذرت کے ساتھ کہہ سکتے ہیں۔

پڑا فلک کو کبھی دل جلوں سے کام نہیں
جلا کے خاک نہ کر دوں داغ نام نہیں

طاہر رزاق کا زرخیز دماغ بلاشبہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور عشق کا مرہون منت ہے۔ عقیدۂ ختم نبوت کے محاذ پر طاہر رزاق اور محمد متین خالد جیسے ایثار پیشہ اور پیکر اخلاص مجاہدوں کا کردار اور ان کی شبانہ روز محنت حضور اکرم فداہ امی و ابی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر کرم کا نتیجہ ہے۔۔۔ اس لحاظ سے وہ بلاشبہ خوش نصیب ہیں۔۔۔ اور ان کی نسبت سے ہم بھی خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جھوٹے "طاہر" کے مقابلہ میں سچا "طاہر" عطا فرمایا ہے۔

طالب دعا

صاحبزادہ طارق محمود

ایڈیٹر ہفت روزہ "لولاک"

فیصل آباد

مریض الملت

جب کوئی ہم سے پوچھتا کہ لکھنے کے لیے کیا چاہیے ہوتا ہے تو ہم کہتے کاغذ اور قلم۔ مگر اب پتہ چلا ہے کہ لکھنے کے لیے علم بھی چاہیے ہوتا ہے۔ محاورہ ہے لاعلمی ہزار نعمت ہے اور واقعی اگر طاہر رزاق کو ہمارا علم نہ ہوتا تو ہم اس محاورے پر یقین کر لیتے لیکن طاہر رزاق صاحب نے ہماری لاعلمی میں اضافہ کرنے کے لیے ہمیں مرزا قادیانی کی شخصیت سے متعارف کروایا' جو نہ ہی کراتے تو ہم اور مرزا دونوں کے لیے بہتر ہوتا۔ مرزا کا نام سنتے ہی ہماری آنکھوں کے سامنے جو تصویر آتی ہے' وہ صاحباں کی ہوتی ہے۔ مگر طاہر رزاق صاحب نے جو تصویر کشی کی ہے' اسے دیکھ کر لگتا ہے مرزا صاحب کو خدا نے نہیں بلکہ پی ڈبلیو ڈی والوں نے بنایا تھا۔ ہمیں ان میں صرف یہی خوبی نظر آئی کہ وہ زندہ نہیں ہیں۔ طاہر رزاق صاحب نے ان پر یوں روشنی ڈالی ہے کہ وہ جتنی روشنی ڈالتے ہیں اتنا اندھیرا واضح ہوتا جاتا ہے۔ انہوں نے ہمیں اس شخصیت پر لکھوانے کے لیے جتنی محنت کی' اتنی محنت سے تو ہم لکھتے بھی نہیں۔ ہمیں یہ سمجھ نہ آتی تھی کہ آخر طاہر رزاق اس کتاب پر ہمیں سے فلیپ کیوں لکھوانا چاہتے ہیں لیکن جب پمفلٹ "بیماریوں کا عالمی چیمپئن" پر "طاہرانہ نظر" ڈالی تو پتہ چلا کہ طاہر صاحب نے بحیثیت ڈاکٹر ہمارا انتخاب کیا ہے۔ ویسے بھی ہم ایسے ڈاکٹر ہیں کہ ہمارے پاس جو آ جائے پھر وہ بیماری سے نہیں مرتا' دوائی سے مرتا ہے۔ ڈاکٹروں کو ویسے بھی تندرست آدمی اچھے نہیں لگتے۔ مگر اس مریض الملت القادیانیہ کا ذکر پڑھ کر تو یوں لگا جیسے وہ بیماریوں میں مبتلا نہ تھے' بیماریاں ان میں مبتلا تھیں۔ مگر طاہر رزاق صاحب لکھتے لکھتے ساتھ علاج بھی کرتے جاتے ہیں۔ مگر پڑھنے والوں کا مذہبی لوگوں کے

بارے میں علم اتنا ہی ہے جتنا مرزا ایسے مذہبی لوگوں کا مذہب کے بارے میں ہے۔ مرزا قادیانی کے احسانات میں سے ہمیں صرف ایک کا ہی پکا پتہ ہے کہ وہ مر چکے ہیں۔ سنا ہے وہ اپنی زندگی میں ہی مر گئے تھے۔ پیشہ نبوت تھا۔ ایک خاص جگہ پر تشریف رکھتے تو ان پر "وحی" اترتی' اسی جگہ پر انتقال فرمایا۔ دنیا میں جو جھوٹے نبی گزرے ہیں' وہ ان میں سب سے جھوٹے ہیں۔

ڈاکٹر یونس بٹ

روزنامہ "جنگ" لاہور

مذہبی دنیا کا چارلی چیپلن

قادیانیت اور اس کے بانی علیہ ما علیہ کی شخصیت و افکار کے بارے میں لکھنے کے لیے پطرس بخاری کی ذہانت' مشتاق احمد یوسفی کے خامہ گلرنگ اور میکسم ایسے ماہر فن کارٹونسٹ کی ضرورت ہے۔ کیونکہ اس کوکب ارضی کے کسی عام باسی کے لیے یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ دور حاضر کی اس عجوبہ روزگار ہستی کے خدوخال کی تصویر کشی کر سکے' جس نے ہندوستان میں نبوت کا دعویٰ کیا' پھر "خدا کی بارش کی طرح متواتر وحی" سے وہ اس الجھن میں پھنس کر رہ گیا کہ وہ صوفیانہ اصطلاح میں لغوی' ظلی یا بروزی نبی یعنی مجدد وقت ہے یا صاحب شریعت نبی۔ اب مسئلہ یہ تھا کہ سلسلہ انبیاء تو ختمی المرتبت صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنے انجام کو پہنچ چکا' سو کیا کیا جائے۔ اس لیے ایک طرف تو یہ کہا کہ شریعت' اوامر و نواہی کا مجموعہ ہی تو ہوتی ہے اور یہ احکام میری وحی میں بھی موجود ہیں۔ پھر خدشہ ہوا کہ میں تو صاحب کتاب نہیں' کیا کروں؟ عقل عیار ہے سو بھیس بدل لیتی ہے۔ اس کا حل یہ نکالا کہ نبی کے لیے کتاب ضروری نہیں۔ اگر وہ پہلی شریعت کے کسی ایک حکم کو منسوخ کر دے تو یہ بھی شریعت ہے۔ مگر پھر اس دہشت نے آ لیا کہ محض جہاد کو منسوخ کرنے سے نبی نہ بن سکوں گا' اس لیے بلاسوچے سمجھے لغوی' ظلی اور بروزی نبی کی اصطلاحات کو نبوت کے معنوں میں استعمال کرتے ہوئے اپنے اور اپنی جماعت کے ازالہ اوہام کے لیے "ایک غلطی کا ازالہ" نامی کتابچہ لکھا لیکن اپنے ذہنی خلجان سے اسے "ایک غلطی کا اضافہ" بنا دیا۔

اس سے بھی اطمینان نہ ہوا تو۔

میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں
نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

کے نعرے لگاتا ہوا مسیح وقت اور مہدی دوراں بن بیٹھا۔ جب کہا گیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام تو دو زرد چادروں میں لپٹے ہوئے چرخ نیلی فام سے نزول فرمائیں گے' تو ایک طرف تو اپنے آپ کو مثیل مسیح کہنا شروع کر دیا اور دوسری جانب حضرت مسیح علیہ السلام کی طبعی موت اور سری نگر' کشمیر میں ان کی قبر کی موجودگی پر ایک کتاب لکھ ماری۔ کیونکہ جب تک یہ کرسی خالی نہ ہو اس پر بیٹھنا ممکن نہ تھا۔ مرزا غلام احمد کی امت اس سے بھی دو قدم آگے گئی اور اس نے "ٹیورن" سے دریافت ہونے والے ایک کفن اور اس پر زخم کے نشان کو مرزا غلام احمد کے مذکورہ بالا انکشاف کے حق میں پیش کرتے ہوئے اس پر بلاشبہ اربوں روپے خرچ کیے اور اس کی اتنی تفصیل چھاپی کہ شاید ہی نظارت اصلاح و اشاعت کی کوئی کتاب ایسی ہو' جس میں اس کا تذکرہ نہ ہو۔ مگر وائے افسوس کہ قادیانیوں کا یہ دجل بھی پاش پاش ہوگیا ہے اور گزشتہ سال سائنس دانوں نے اس کفن پر طویل ترین تحقیق کے بعد یہ فیصلہ دے دیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے مقدس نام کی طرف منسوب ہونے والا کفن بالکل جعلی ہے۔ قادیانی حکومت نے مرزا غلام احمد کو حامل شریعت نبی بنانے کے لیے کبھی اس کی رطب و یابس تحریروں کو پیش کیا' کبھی اس کے اضغاث و احلام کو "تذکرہ" یعنی مجموعہ الہامات کا نام دے کر اس کو صاحب کتاب بنانے کی جدوجہد کی' کبھی اس کے "ملفوظات" کو سیرۃ المہدی کے نام سے تین جلدوں میں اکٹھا کر کے صحیح' بخاری و مسلم کی طرز پر اسے' "بیان کیا مجھ سے فلاں بن فلاں نے" سے شروع کر کے انہیں احادیث کا درجہ دینے کی کوشش کی' کبھی ان کے سالا صاحب میر محمد اسمٰعیل نے اپنے رسالہ "درود شریف" میں ان کا کلمہ **لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ** درج کیا اور جب اس پر ہنگامہ اٹھنے کا ڈر پیدا ہوا' تو ان کے بیٹے مرزا بشیر احمد نے لکھا کہ ہمیں کلمے میں **محمد رسول اللہ** کے الفاظ کو تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ جب ہم **محمد رسول اللہ** کہتے ہیں تو اس سے مراد ہی مرزا غلام احمد ہوتا ہے۔ بانی تحریک قادیانیت کی حضورؐ کی نبوت میں شرکت کی یہی ناپاک خواہش تھی' جس نے

اسے مسیلمہ پنجاب بنا دیا۔ اب قادیانی امت کے چوتھے گرو لندن میں بیٹھ کر ڈش انٹینا کے ذریعے اپنے حواریوں کو کرتب دکھا کر ان سے چندہ اینٹھ رہے ہیں اور مریدوں کے خون پسینے کی کمائی پر گلچھرے اڑا رہے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ قادیان کی معاشی نبوت کے ارکان خمسہ میں ہر طرف چندہ ہی چندہ دکھائی دیتا ہے۔ "حقیقتہ الوحی" کے سینکڑوں الہامات بھی دس یا بیس روپیہ کی ادنیٰ رقم کی آمد کے بارے میں ہیں' جن کی خبر ٹیچی ٹیچی فرشتہ عین وقت پر ٹچ کر کے دے جاتا ہے۔ خواجہ حسن نظامی مرحوم نے اپنے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ ہم نے قادیان میں نظارت امور عامہ کا معائنہ کیا۔ نشر و اشاعت اور تحریک جدید کے دفاتر دیکھے۔ غرض بہشتی مقبرہ پہنچے تو اسے سبزہ نورستہ کے اعتبار واقعی جنت معنوی پایا۔ لیکن ایک بات بڑی حیران کن تھی کہ اس کے تمام درختوں اور پیڑوں پر قطار اندر قطار بیٹھے ہوئے پرندے ایک ہی راگ الاپ رہے تھے' چندہ چندہ چندہ۔ اس مختصر سے جائزے سے آپ یقیناً اس نتیجے پر پہنچے ہوں گے کہ اگر چارلی چیپلن مرزا غلام احمد کے عہد میں ہوتا تو ضرور اس کے قدموں میں بیٹھ جاتا اور مزاحیہ اداکاری میں اسے اپنا امام تسلیم کر لیتا۔ اس اداکاری کی جھلکیاں اگر آپ تحریری زبان میں دیکھنا چاہیں' تو طاہر رزاق کے مزاحیہ خاکوں' مضامین اور مواصلاتی سیارے کے ذریعے مرزا غلام احمد کے جنم سے انٹرویو میں ملاحظہ فرمائیں' جو اب کتابی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔

شفیق مرزا

روزنامہ "جنگ" لاہور

قادیانی قاعدہ

قادیانی بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظور شدہ

الف ۔ انگریز: انگریز فتنہ قادیانیت کا بانی چیئرمین ہے۔ اس فتنہ کے جملہ حقوق بحق انگریز محفوظ ہیں۔ آئینی طور پر اسے یہ حقوق حاصل ہیں کہ وہ جب چاہے مرزا قادیانی کی جگہ کسی اور کو نبی نامزد کر سکتا ہے۔ انگریز کا رنگ گورا اور دل کالا ہوتا ہے۔ جس شدت سے کتوں اور خنزیروں سے محبت کرتا ہے' اسی شدت سے مسلمانوں سے نفرت کرتا ہے۔ ٹب میں نہاتا ہے اور کھڑے ہو کر پیشاب کا شوق فرماتا ہے۔ شراب دیکھ کے اچھلتا ہے اور خنزیر کا گوشت دیکھ کے پھدکتا ہے۔ قادیانیوں سے اسے اتنا ہی پیار ہے جتنا ایک ستر سالہ دادی کو اپنے چھوٹے چھوٹے یتیم پوتوں سے ہوتا ہے۔ قادیانیوں کے دلوں میں اس کا وہی مقام ہے جو مسلمانوں کے دلوں میں اللہ کا۔ جھوٹی نبوت کی سب سے زیادہ نحوست اسی پر ہی پڑی کیونکہ اس کی وہ وسیع و عریض سلطنت' جس میں سورج غروب نہیں ہوتا تھا' اب سمٹ سمٹا کر انگلستان تک محدود ہو کر رہ گئی ہے اور مزید سمٹنے کے لیے تڑپ رہی ہے۔

ب ۔ بہشتی مقبرہ: قادیانی نبوت کا سٹیٹ بنک ہے۔ اس کا مجاور جنرل مینجر اور گورکن "لینڈ آفیسر" کہلاتا ہے۔ یہاں جنت کے نام پر جہنم کی ایڈوانس بکنگ ہوتی ہے اور قادیانی بڑے ذوق و شوق سے یہاں اپنے مردے "پارک" کرتے ہیں۔ یہاں کی قبریں قادیانی رائل فیملی کے لیے سونے کی کانیں اور مردوں کے لیے جہنم کے گڑھے ہیں۔ بہشتی مقبرہ کو بڑی خوبصورتی سے سجا سجا کر رکھا جاتا ہے لیکن اس کا سارا حسن طوائف کا سنگھار ہے۔ قادیانی مردے کے عزیز و اقارب سے "مردہ ٹیکس" تو جنرل مینجر وصول کرتا ہے اور دفن ہونے کے بعد ہڈیاں اور گوشت سانپ اور بچھو وصول کرتے ہیں۔ جس دن بھی کوئی مردہ آتا ہے' اس دن فریقین بڑے خوش ہوتے ہیں۔ خوش کیوں نہ ہوں کیونکہ دونوں کے رزق کا مسئلہ ہے۔ بہشتی مقبرے کا بہشت سے وہی تعلق ہے جو مرزا قادیانی کا نبوت سے! بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کے لیے بے ایمان اور بے وقوف ہونا ضروری ہے۔ اسی لیے تو قادیانی وصیت کر کر کے اور جھگڑ

جھگڑ کے یہاں دفن ہوتے ہیں۔

پ سے پادری آتھم: ہندوستان میں جب مرزا قادیانی نے مسیح ہونے کا دعویٰ کیا تو عیسائی دنیا کی خفتہ آنکھیں بھی کھلیں۔ فریقین کی آنکھیں چار ہوئیں اور ان میں کچھ سرخی آئی اور ہلکی ہلکی جھڑپیں شروع ہوگئیں اور پھر ان جھڑپوں میں تیزی آتی گئی۔ بات عام گفتگو سے شروع ہو کر مناظرے تک' مناظرے سے گالی گلوچ' گالی گلوچ سے اشتہارات اور اشتہارات سے فوجداری مقدمات تک پہنچی۔ ان ساری جھڑپوں میں سے سب سے مشہور جھڑپ مرزا قادیانی اور پادری آتھم کے درمیان ہونے والا تاریخی واقعہ ہے۔ پادری آتھم انتہائی کمزور صحت کا ایک بوڑھا عیسائی تھا جس کی مرزا قادیانی سے تلخی ہوتی رہتی تھی۔ جب اس تلخی نے شدت اختیار کی تو مرزا قادیانی' جو ہر معاملہ میں پیشگوئیاں کرنے کا عادی مجرم تھا' اس نے پادری آتھم کی طویل عمر اور انتہائی کمزور صحت دیکھتے ہوئے اندازہ کیا کہ پادری آتھم جلد ہی مرنے والا ہے' اس لیے اس نے شہرت حاصل کرنے کے لیے پیشگوئی جھاڑ دی کہ آتھم ۵ر ستمبر ۱۸۹۴ء سے قبل مرجائے گا۔ پیشین گوئی پورے ہندوستان میں پھیل گئی اور لوگوں کی نظریں پادری آتھم پر مرکوز ہوگئیں اور وہ بے تابی سے اعلان کردہ تاریخ کا انتظار کرنے لگے۔ سادہ لوح قادیانیوں اور عیسائیوں میں شرطیں بندھ گئیں۔ مذکورہ تاریخ میں چند دن رہ گئے اور آتھم نہ مرا تو مرزا قادیانی نے اپنے پھسلتے ہوئے مریدوں کو قابو کرنے کے لیے انہیں صبح و شام رو رو کر دعائیں کرنے کے کام پر لگا دیا۔ گویا قادیانی آتھم کی موت کے لیے باجماعت رونے لگے۔ قادیانیوں کا پورا پورا گھر بلیوں کی طرح روتا۔ جب تھک جاتے' لیٹ جاتے اور پھر شروع ہو جاتے۔ مرزا قادیانی خود بھی شیطان کے سامنے پھوٹ پھوٹ کر رویا۔ جادو ٹونہ اور دیگر سفلی عملیات کیے لیکن آتھم نہ مرا۔ آخر ۵ر ستمبر ۱۸۹۴ء کا سورج طلوع ہوگیا۔ مرزا قادیانی نے اپنے عقل فروش مریدوں سے کہا کہ تم فکر نہ کرو' آج کا سورج غروب ہونے سے قبل پادری

آتھم جہنم واصل ہو جائے گا۔ ۵ر ستمبر کا سورج سارا دن قادیانیوں کا منہ چڑانے کے بعد سرخ گولے کا روپ دھار کر مغرب کی آغوش میں ڈوبنے لگا اور ادھر مرزا قادیانی دریائے ذلت میں ڈوبنے لگا۔ سورج ڈوب گیا' رات گزر گئی لیکن سخت جان اور مرزے کی رسوائی کا سامان بوڑھا پادری آتھم نہ مرا اور ایک لمبی مدت نہ مرا۔ عیسائیوں نے جشن منائے' خوشی سے چوراہوں میں بھنگڑے ڈالے' پٹاخے چلائے۔ پادری آتھم کو گاڑی میں سوار کیا' گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے اور امرتسر میں زبردست جلوس نکالا۔ ادھر مرزے کی انگریزی نبوت کا جلوس نکل گیا۔ مرید مرزے سے بد دل ہوگئے اور مرزے پر انگلیاں اٹھانے لگے۔ مرزا قادیانی' جو تاویلات کا بادشاہ' دجل و فریب کا امام اور لاثانی ڈھیٹ تھا' نے جب مریدوں کو کھسکتے پھسلتے دیکھا تو وہ بڑا پریشان ہوا اور اس نے سوچا کہ اگر یہ "بھولے بادشاہ" چلے گئے تو چندے کا بیوپار اور جھوٹی نبوت کا کاروبار ٹھپ ہو جائے گا۔ لہٰذا اس نے اپنے مریدوں کے گلے میں تاویل کا پہلا پھندا پھینکتے ہوئے کہا کہ تم عیسائیوں کے جلوسوں میں پادری آتھم کو گلے میں پھولوں کے ہار اور فتح کا رقص کرتے دیکھتے ہوئے بالکل پریشان نہ ہونا۔ اللہ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ پادری آتھم بظاہر زندہ ہے لیکن اندر سے مرچکا ہے۔ اس کی فتح کا جلوس درحقیقت اس کے جنازے کا جلوس ہے۔ لیکن جب اس "آئی بائی دلیل" سے بات نہ بنی تو مرزے نے تاویل کا دوسرا پھندا ان کے گلوں میں پھینکا کہ آتھم اس لیے نہ مرا کہ وہ ۵ر ستمبر کی تاریخ سے پہلے ہی عیسائیت سے تائب ہو کر مسلمان ہوچکا تھا۔ جب یہ بات پادری آتھم تک پہنچی تو اس نے فوراً ایک اشتہار چھپوا کر اعلان کیا کہ میں پہلے بھی عیسائی تھا اور اب بھی عیسائی ہوں۔ لیکن پادری آتھم کے اس دندان شکن جواب پر بھی مرزا قادیانی کی ڈھیٹ زبان خاموش نہ ہوئی اور اس نے اپنے مریدوں کے گلے میں تاویل کا تیسرا پھندا پھینکتے ہوئے کہا کہ اصل آتھم تو مرچکا ہے' عیسائی جس آتھم کو اپنے جلوس میں لیے پھرتے ہیں' وہ پادری آتھم اصلی نہیں بلکہ نقلی ہے۔ مرزا قادیانی کے سنگلاخ اور آہنی بے شرم اور ڈھیٹ ہونے پر ہم

اس کی خدمت میں صرف یہ شعر پیش کر سکتے ہیں۔

ڈھیٹ اور بے شرم بھی عالم میں ہوتے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپ کی

ت سے تذکرہ: حضور خاتم النبیین ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر نبوت ختم ہوگئی۔ قرآن پاک کے بعد سلسلہ وحی بند ہوگیا۔ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر سید البشر جناب محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک تمام نبیوں پر وحی لانے والے فرشتے کا نام جبرائیل ہے' تکمیل نبوت کے بعد اب جبرائیل کسی پر وحی نہیں لاتا۔ رحمانی وحی تو بند ہوگئی لیکن شیطانی وحی جاری ہے اور اس وحی کا ایک وافر حصہ مرزا قادیانی پر نازل ہوا۔ شیطان کی طرف سے یہ وحی مرزا قادیانی کا فرشتہ ٹیچی ٹیچی لے کر آتا تھا۔ قادیانیوں نے مرزا قادیانی کی تمام شیطانی وحی' کشوف' رویا اور الہامات کو اکٹھا کر کے ایک کتاب کی صورت میں شائع کیا ہے' جس کا نام "تذکرہ" ہے۔ مسلمانوں کے قرآن کے مقابل "تذکرہ" قادیانیوں کا قرآن ہے۔ قادیانی اس "تذکرہ" سے قادیانی شریعت اخذ کرتے ہیں اور اس سے زندگی کے مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں۔ "تذکرہ" غلاظت کی پوٹ' جھوٹ کا کوہ ہمالیہ' عقل کا ماتم' دجل و تلبیس کا خنجر' اخلاق کا جنازہ اور شیطنیت کے آوارہ قہقہے ہیں۔ "تذکرہ" کے مضامین پڑھنے سے جہاں متلی آتی ہے وہاں قادیانیوں کے ذہنی معیار کا بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ کس احمقانہ کلام کو اللہ کی وحی مان رہے ہیں۔ کس آوارہ اور لچر شخص کو اللہ کا نبیؐ اور رسولؐ مان رہے ہیں۔ تقریباً ہر قادیانی گھر میں "تذکرہ" رکھتا ہے اور اس کی "زیارت" سے مشرف ہوتا ہے اور اس کے مطالعہ سے قلب و ذہن کی "روشنی" حاصل کرتا ہے۔ پسند اپنی اپنی' نصیب اپنا اپنا۔

"تذکرہ" سے چند نمونے پیش خدمت ہیں۔ انہیں پڑھئے اور ان کی فصاحت و بلاغت اور معارف و معانی کا اندازہ کیجئے۔

"لائف" (تذکرہ' ص ۵۹۳)

"اس کتے کا آخری دم ہے" (تذکرہ' ص ۴۱۷)

"پٹی' پٹی گئی" (تذکرہ' ص ۸۹۱)

"ماتم کدہ" (تذکرہ' ص ۷۵۴)

"زندگیوں کا خاتمہ" (تذکرہ' ص ۵۷۷)

"حنیف مسیح" (تذکرہ' ص ۷۳۴)

"کرنسی نوٹ" (تذکرہ' ص ۵۹۶)

خواب میں دکھائے گئے (۱) تین استرے۔ (۲) عطر کی شیشی۔ (تذکرہ' ص ۷۴۴)

ٹ - ٹیچی ٹیچی : ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر سید البشر خاتم النبیین جناب محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم تک تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام پر وحی لانے والے فرشتے کا نام جبرائیل امین ہے۔ لیکن انگریزی نبی مرزا قادیانی کہتا ہے کہ مجھ پر وحی لانے والے فرشتے کا نام ٹیچی ٹیچی ہے۔ مرزا قادیانی کے پاس ٹیچی ٹیچی کے علاوہ اور بھی بہت سے فرشتے آتے تھے' مثلاً مٹھن لال' درشنی' رانی وغیرہ۔ لیکن جو قربت ٹیچی ٹیچی کو حاصل تھی وہ اور کسی کو نصیب نہ تھی۔ مرزا قادیانی کہتا تھا کہ اس کا نام ٹیچی ٹیچی اس لیے ہے کہ یہ ٹچ کر کے آتا ہے اور ٹچ کر کے چلا جاتا ہے۔ گویا یہ اپنے وقت میں مرزا قادیانی کا F-16 تھا۔ ٹیچی ٹیچی قادیان کی فضاؤں میں لہراتا منڈلاتا رہتا اور جب مرزا قادیانی سے ضروری بات کرنا ہوتی تو فوراً قادیان کے ایئرپورٹ (مرزے کا گھر) پر لینڈ کرتا اور مرزے کو "وحی" دے کر فلائی کر جاتا۔ "وحی" کے علاوہ ٹیچی ٹیچی مرزا قادیانی کے بہت سے نجی کام بھی کر دیتا۔ کہتے ہیں ایک دن ٹیچی ٹیچی شیطان سے مرزے کے لیے انتہائی اہم "وحی" لے کر آیا۔ ٹیچی ٹیچی انتہائی جلدی میں تھا یعنی ٹچ ٹچ کر رہا تھا لیکن اس نے دیکھا کہ مرزا قادیانی افیم کھا کر

اور گھوڑے بیچ کر سویا ہوا ہے۔ ٹیچی ٹیچی نے اپنی جیب سے چھوٹا سا باجا نکالا اور اسے مرزے قادیانی کے ایک کان کے قریب کر کے بجایا۔ پہلے تو مرزا قادیانی نے باجے کی آواز کا کوئی اثر نہ لیا' لیکن جب ٹیچی ٹیچی نے پندرہ بیس مرتبہ باجا بجایا تو مرزا قادیانی نے خرخر کیا اور دوسری طرف کروٹ لے لی۔ ٹیچی ٹیچی پلٹ کر دوسری طرف آیا اور دوسرے کان کے قریب جب کافی دفعہ باجا بجایا تو مرزا قادیانی نے پھر خرخر کی آواز نکالی اور کروٹ بدل لی۔ ٹیچی ٹیچی پھر پلٹ کے آیا اور باجا بجایا۔ کافی دیر کے بعد مرزے نے پھر خرخر کیا اور کروٹ بدل لی۔ غرض کہ ٹیچی ٹیچی باجا بجاتا رہا اور افیم کے نشے میں دھت مرزا کروٹیں بدلتا رہا۔ آخر ٹیچی ٹیچی کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور وہ غصہ میں بڑبڑاتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا اور سوئے ہوئے مرزا قادیانی کے "چوتڑوں" پر ایک زوردار "کک" ماری اور یہ کہتا ہوا پرواز کر گیا۔

"بے غیرت ہم نے تجھے سونے کے لیے بھیجا ہے؟"

ٹیچی ٹیچی کی لائی ہوئی وحی کے چند نمونے پیش خدمت ہیں:

"پریش عمر پراطوس یا پلاطوس"۔ (مکتوبات احمدیہ' جلد اول' ص ۶۸)

"پیٹ پھٹ گیا"۔ (البشریٰ' جلد دوم' ص ۱۹)

"غشم۔ غشم۔ غشم"۔ (البشریٰ' جلد دوم' ص ۵۰)

"زندگیوں کا خاتمہ"۔ (تذکرہ' ص ۵۷۷)

"ایک دانہ کس کس نے کھانا"۔ (البشریٰ' جلد دوم' ص ۱۰۷)

ہم اس وحی کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتے۔ جس نے وحی بھیجی وہ جانے یا جس پر نازل ہوئی تھی۔

ث - ثاقب زیروی: یوں تو سارے قادیانی اخبار و رسائل بادن باون گز کی زبان دراز رکھتے ہیں' زبانیں کیا ہیں' اسلام کے خلاف زہر میں بجھی کرپانیں ہیں' جو گلشن اسلام کے مہکتے پھولوں کے سروں پہ چلتی رہتی ہیں' تاریخ کے کلیجے کو زخمی کرتی

ہیں' چہرہ اسلام کو مسخ کرتی ہیں اور شجر ایمان کی جڑوں پہ کاری وار کرتی ہیں۔ لیکن لاہور سے شائع ہونے والا ہفت روزہ "لاہور" ہرزہ سرائی میں ان سب کا امام ہے جس کا ایڈیٹر ثاقب زیروی ہے۔ میرا دوست متین خالد کہتا ہے کہ اس کا نام ثاقب زیروی اس لیے ہے کیونکہ یہ زیرہ بہت کھاتا ہے۔

لاہور میں رہتا ہے اور ایمان ربوہ میں گروی پڑا ہے۔ رنگ کالا اور دل پہ قادیانیت کا جالا ہے۔ نقوش ایسے کہ بچے کارٹون سمجھ کے کھیلنے لگتے ہیں۔ شکل کو غور سے دیکھو تو محسوس ہوتا ہے کہ غیب کی لاٹھی سے ایک مدت سے پٹائی ہو رہی ہے۔ جب کسی غیر مسلم کی اس کی شکل پر پہلی نظر پڑتی ہے تو اس کی زبان سے فوراً ہائے نکلتا ہے اور جب کسی مسلمان کی نظر پڑتی ہے تو اس کے لبوں پر فوراً "استغفراللہ" آ جاتا ہے۔ موصوف قلم کی بجائے جھاڑو سے لکھتا ہے اور لکھتے لکھتے سر پہ بھی جھاڑو پھیر لیتا ہے کیونکہ سنا ہے گنجا ہے۔ لکھنے کے بعد پڑھتا نہیں' کہتا ہے پڑھتے ہوئے مجھے بھی شرم آ جاتی ہے۔ میرا دوست متین خالد کہتا ہے کہ جب مجاہدین ختم نبوت کے بارے میں لکھتا ہے تو کھٹل والی چارپائی پر بیٹھ جاتا ہے۔ کہتا ہے مرزا قادیانی میرے دل میں رہتا ہے اور میری رگوں میں خون کے ساتھ بہتا ہے۔ اسی لیے تو ضیاء الحق کا نافذ کردہ امتناع قادیانیت آرڈیننس دیکھ کے سر پہ پاؤں رکھ کے بھاگ جاتا ہے۔

جاناں : نصرت جہاں بیگم ایک اٹھارہ سالہ الہڑ دوشیزہ تھی۔ وہ دہلی کی اہل زبان فیملی سے تعلق رکھتی تھی۔ اس کا باپ ملازمت کے سلسلہ میں قادیان آیا ہوا تھا۔ نصرت جہاں پر جوانی آئی تو ادائیں بھی آ گئیں۔ نصرت جہاں کے مکان کے ایک حصہ میں ایک پچپن سالہ بیماریوں کا مارا بڈھا مرزا قادیانی بھی رہتا تھا۔ ایک دن نصرت جہاں کی کسی دلفریب ادا پہ بڈھا مرزا قادیانی فدا ہوگیا اور ایسا فدا ہوا کہ اس کے گھر کا گدا ہوگیا۔ سارا دن اسے جاناں جاناں کہہ کے یاد کرتا۔ جب کبھی اس پہ نظر پڑ جاتی' ٹھنڈی آہیں بھر کے لبوں کو آہستہ آہستہ ہلا کے جاناں جاناں کہتا اور بعض اوقات تو

ایسا گم ہوتا کہ دھڑام سے گر پڑتا۔ جاناں نے اس کے بڈھے اور بیمار دل کو تانگہ بنا کے لگامیں اپنے ہاتھ میں سنبھال لی تھیں۔ پچپن سالہ کانا بڈھا جاناں سے شادی رچانا چاہتا تھا۔ مکار بڈھے نے دولت کی چمک سے جاناں کی آنکھوں کو خیرہ کر لیا تھا اور اس کے ساتھ ہی جاناں کی ماں سے بھی محبت بھرے تعلقات استوار کر لیے تھے۔ مرزا قادیانی سے بہت سے پیسے بٹورنے کے بعد جاناں کی ماں نے جاناں کے باپ کو بھی اس شادی کے لیے راضی کر لیا۔ آخر وہ دن آ گیا جب جاناں سیکنڈ ہینڈ دولہا سے شادی کے بندھن میں بندھ گئی۔ شادی کے بعد جاناں نے سارے گھر اور دولت پہ قبضہ جما لیا۔ مرزا قادیانی اس کے صدقے واری جاتا۔ مرزا قادیانی نے اپنے بڑھاپے کی آرزو کو سوا دو سیر وزنی سونے کے زیورات میں لاد دیا۔ جاناں گھر میں چھن چھن کرتی پھرتی جس سے مرزا قادیانی کا دل بھی چھن چھن کرتا۔ اب جاناں زیادہ منہ زور ہو گئی تھی۔ وہ اپنے خاوند مرزا قادیانی کے دوستوں کے ساتھ اکثر شاپنگ کرنے کے لیے قادیان سے لاہور آتی اور بعض اوقات کئی کئی دن لاہور میں مٹرگشت کرتی رہتی۔ جس دن واپس جاتی تو بوڑھا خاوند سراپا انتظار بنے پلیٹ فارم پر کھڑا ہوتا۔ جاناں کو گاڑی سے اترتے دیکھتا تو چہرہ کھل اٹھتا۔ بیساختہ زبان سے محبت بھرا نام نکلتا۔ جاناں بھی لپک اور لپک کے آتی اور بھرے سٹیشن پر سب کے سامنے مصافحہ ہوتا۔ جاناں ہزاروں روپیہ ماہانہ اپنی زیب و زینت پر صرف کر دیتی لیکن مرزا قادیانی کی طبیعت پر کبھی شاق نہ گزرتا۔ ایک شب مرزا قادیانی کو ہیضہ ہوا اور وہ لیٹرین میں مر گیا۔ سارا جسم غلاظت میں لتھڑ گیا۔ منہ سے پاخانہ بہہ رہا تھا لیکن آنکھیں ابھی تک کھلی تھیں۔ شاید جاناں کا دیدار کرنے کے لیے! جاناں مرے ہوئے بڈھے خاوند کی کھلی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ہلکا سا مسکراتی اور پھر ساتھ والے کمرے میں جا کر اپنی سہیلیوں کے جھرمٹ میں ایک کھسیانی ہنسی بکھیر دیتی۔ لیکن جاناں کی یہ سہیلیاں عورتیں نہیں بلکہ مرد تھے!!!

چ - چیمپئن : یہ چیمپئن شپ مرزا قادیانی اور ان کے ایک سابقہ مرید ڈاکٹر عبدالحکیم خاں اسسٹنٹ سرجن پٹیالہ کے درمیان منعقد ہوئی جس میں ڈاکٹر عبدالحکیم خاں "چیمپئن" ٹھہرے اور مرزا قادیانی موت کے آہنی ہاتھوں "چرل" ہوگیا۔

واقعہ کچھ یوں ہے کہ ڈاکٹر عبدالحکیم خاں مرزا قادیانی کے عقیدت مند تھے' لیکن جب انہوں نے قریب جا کر مرزا قادیانی کو دیکھا' پرکھا' ٹٹولا اور سونگھا تو وہ مرزے اور مرزائیت سے باغی ہوگئے اور رد مرزائیت کے کام میں جت گئے۔ انہوں نے اپنے قلم سے مرزا قادیانی اور مرزائیت کے خلاف چند کتابچے بھی لکھے۔ جب ان کا تیکھا قلم مرزا قادیانی کے کالے دل میں چبھا تو مرزا قادیانی سیخ پا ہوگیا اور دونوں میں لڑائی کی آگ کے شعلے تیز تر ہوگئے۔ دونوں طرف سے ایک دوسرے کے خلاف موت کی الہامی پیشگوئیاں شائع ہوئیں۔ مرزا قادیانی کے شائع کردہ ایک اشتہار سے ایک اقتباس نقل کیا جاتا ہے۔

خدا سچے کا حامی ہو

میاں عبدالحکیم خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن پٹیالہ نے میری نسبت یہ پیشگوئی کی ہے۔ مرزا کے خلاف ۱۵ر جولائی ۱۹۰۶ء کو یہ الہامات ہوئے ہیں۔ "مرزا مسرف ہے' کذاب اور عیار ہے۔ صادق کے سامنے شریر فنا ہوگا۔ اس کی میعاد تین سال بتلائی گئی ہے"۔

پھر مرزا قادیانی کہتا ہے۔

"اس کے مقابل پر وہ پیشگوئی ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے میاں عبدالحکیم خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن پٹیالہ کی نسبت مجھے معلوم ہوئی جس کے الفاظ یہ ہیں۔ خدا کے مقبولوں میں قبولیت کے نمونے اور علامتیں ہوتی ہیں اور وہ سلامتی کے شہزادے کہلاتے ہیں۔ ان پر کوئی غالب نہیں آ سکتا۔ فرشتوں کی کھینچی ہوئی تلوار تیرے آگے ہے"۔

مرزا قادیانی کی اس پیشگوئی کے جواب میں ڈاکٹر عبدالحکیم خاں نے اپنا ایک اور

الہام شائع کیا کہ

"جولائی ۱۹۰۷ء سے ۱۴ ماہ تک مرزا مرجائے گا"۔

یہ سن کر مرزا قادیانی جل بھن کر کباب ہوگیا اور اس نے جواباً" ۵ر نومبر ۱۹۰۷ء کو ایک اشتہار بعنوان "تبصرہ" شائع کیا جس کی پیشانی پر یہ عبارت درج کی۔

"ہماری جماعت کو لازم ہے کہ اس پیشگوئی کو خوب شائع کریں اور اپنی طرف سے چھاپ کر مشتہر کریں اور یادداشت کے لیے اشتہار کے طور پر اپنے گھر کی نظرگاہوں میں چسپاں کریں"۔

اس اشتہار کے چند فقرات حسب ذیل ہیں:

"اپنے دشمن کو کہہ دے کہ خدا تجھ سے مواخذہ لے گا۔ میں تیری عمر کو بڑھا دوں گا یعنی دشمن جو کہتا ہے کہ جولائی ۱۹۰۷ء سے چودہ مہینے تک تیری عمر کے دن رہ گئے ہیں یا ایسا ہی جو دوسرے دشمن پیشگوئی کرتے ہیں' ان سب کو میں جھوٹا کروں گا اور تیری عمر کو بڑھا دوں گا تاکہ معلوم ہو کہ میں خدا ہوں اور ہر ایک امر میرے اختیار میں ہے"۔

پھر مزید لکھتا ہے:

"یہ عظیم الشان پیشگوئی ہے جس میں میری فتح اور دشمن کی شکست اور میری عزت اور دشمن کی ذلت اور میرا اقبال اور دشمن کا ادبار بیان فرمایا ہے اور دشمن پر غضب اور عقوبت کا وعدہ کیا ہے مگر میری نسبت لکھا ہے کہ دنیا میں تیرا نام بلند کیا جائے گا اور نصرت اور فتح تیرے شامل حال ہوگی اور دشمن جو میری موت چاہتا ہے وہ خود میری آنکھوں کے روبرو اصحاب الفیل کی طرح نابود اور تباہ ہوگا"۔

مرزا قادیانی کی اس پیشگوئی کے جواب میں ڈاکٹر عبدالحکیم خاں نے اپنا ایک اور الہام شائع کیا کہ

"مرزا مورخہ ۴ر اگست ۱۹۰۸ء تک مرجائے گا"۔ (چشمہ معرفت' ص ۳۲۱۔ ۳۲۲ مصنفہ مرزا قادیانی)

ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب کی پیشگوئی عین سچی ثابت ہوئی اور مرزا قادیانی ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء کو جہنم واصل ہوگیا۔

سلامتی کا شہزادہ قتل ہوگیا۔

اللہ کے ہاں قبولیت کا دعویٰ کرنے والا ٹٹی خانہ میں قبول ہوگیا۔

فرشتوں کی تلواروں کے حصار میں رہنے کے دعویٰ باز کو فرشتہ اجل نے ٹٹی خانہ میں گھسیٹ کر مارا۔

عمر بڑھانے کی بڑھکیں مارنے والا اپنی پر ذلت زندگی کے ایک لمحہ میں بھی اضافہ نہ کر سکا۔ حریف کو خدائی غضب کی دھمکیاں دینے والا کذاب خود خدائی غضب کا شکار ہوگیا۔ ڈاکٹر عبدالحکیم خان کو اپنی آنکھوں کے سامنے تباہ و برباد ہونے کی وعید سنانے والا خود تباہ و برباد اور جہنم کا دائمی مکیں ہوگیا۔

ح۔ حکیم نور الدین: اگر اس کے نام کے اجزاء کو بکھیریں تو صورت کچھ یوں بنتی ہے ○ حکیم ○ نور ○ دین

حکمت یہ کہ مرزا قادیانی جیسے فاتر العقل، مخبوط الحواس، کذاب اور دجال کو نبی مان بیٹھا۔

نور یہ کہ قادیانیت کی وحشت ناک تاریکی کو ساری زندگی نور سمجھتا رہا۔

دین یہ کہ اللہ کے پسندیدہ دین "دین اسلام" سے منہ موڑ کر "دین قادیان" کا منہ چوم لیا اور تا مرگ اس زہر کو پیتا رہا۔ لہٰذا حکمت اور انصاف تقاضا کرتے ہیں کہ اس کا نام یوں لکھا جائے۔

"نا حکیم نا نور نا دین"

ضلع سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کا باسی تھا۔ شروع سے ہی ملحدانہ نظریات اور گمراہ عقائد کا حامل تھا۔ مرزا قادیانی کی نبوت پر سب سے پہلے ایمان لانے والا یہی شخص تھا۔ عمر میں مرزا قادیانی سے ایک یا دو برس چھوٹا تھا۔ ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء میں جب مرزا

قادیانی کی زندگی کا دیا گل ہوا تو حکیم نورالدین کو اس کا پہلا خلیفہ نامزد کیا گیا۔ چھ برس تک قادیانی خلافت کی مسند پر بیٹھا رہا۔ ایک دن گھوڑے پر سوار کہیں جا رہا تھا کہ گھوڑے نے زمین پر پٹخا اور ٹانگ ٹوٹ گئی' پھر ٹانگ کو گنگرین ہوگئی۔ درد کی شدت سے چیختا' چلاتا اور زمین پر تڑپ تڑپ جاتا۔ اس حالت میں بیوی کسی کے ساتھ فرار ہوگئی اور جوان بیٹے کو بشیرالدین نے قتل کروا دیا۔ آخری وقت میں زبان بند ہوگئی اور یوں ایک مرتد اور گستاخ رسول انسانیت کے لیے ایک عبرت کی داستان چھوڑ کر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر ۲۶ مارچ ۱۹۱۴ء کو سوئے جہنم پرواز کر گیا۔

خ - خطوط: داناؤں کا قول ہے کہ کسی بھی شخصیت کے خطوط سے اس شخصیت کو پہچانا اور پرکھا جا سکتا ہے۔ آیئے ہم کذاب قادیاں مرزا قادیانی کے خطوط کی مدد سے اس کی شخصیت کو پرکھتے ہیں۔ ان خطوط کی مدد سے مرزا قادیانی کی شخصیت کے مختلف پہلو کھل کھل کر ہمارے سامنے آجائیں گے۔

خط نمبر۱:

معی اخویم حکیم محمد حسین قریشی سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔ اس وقت والدہ محمود احمد ہوا کی تبدیلی کے لیے لاہور آئی ہیں۔ غالباً انشاء اللہ تعالیٰ دس دن تک لاہور میں رہیں گی اور بعض ضروری چیزیں پارچات وغیرہ خریدیں گی۔ اس لیے اس خدمت کا ثواب حاصل کرنے کے لیے آپ سے بہتر اور کسی شخص کو نہیں دیکھتا۔ لہٰذا اس غرض سے آپ کو یہ خط لکھتا ہوں کہ آپ جہاں تک ہوسکے' اس خدمت کے ادا کرنے میں ان کی خوشنودی حاصل کریں اور خود تکلیف اٹھا کر عمدہ چیزیں خریدیں۔ باقی سب طرح سے خیریت ہے۔

مرزا غلام احمد عفی عنہ - ۴ر جون ۱۹۰۷ء

اس خط سے مندرجہ ذیل چیزیں سامنے آتی ہیں۔

مرزا قادیانی کی بیگم محض ہوا کی تبدیلی کے لیے مختلف شہروں میں مٹرگشت کرتی

رہتی تھی۔

مرزا قادیانی کی اہلیہ غیر محرموں کے ساتھ شاپنگ بھی کر لیتی تھی، جس کی شہادت اس حوالہ سے بھی مل جاتی ہے۔

"بیوی صاحبہ مرزا جی کے مریدوں کو ساتھ لے کر لاہور سے کپڑے بھی خود ہی خرید لایا کرتی تھیں"۔ (کشف الظنوں، مرتبہ ڈاکٹر بشارت احمد، لاہور، ص ۸۸)

مرزا قادیانی پرلے درجے کا بے غیرت تھا جو دو نامحرموں کے ملاپ کو "خوشنودی" کہہ رہا ہے۔

مرزا قادیانی نے بیگم کو پیسے دے کر نہیں بھیجا جس سے عیاں ہے کہ شاپنگ کا خرچہ مرید کو کرنا پڑے گا، جو مرید کو واپس نہیں ملے گا کیونکہ مرزے نے نبوت کا دعویٰ ہی حصول دولت کے لیے کیا تھا۔

خط نمبر ۲:

محبی اخویم، السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔

اس وقت بموجب تاکید والدہ محمود لکھتا ہوں کہ آپ مبارکہ میری لڑکی کے لیے ایک قمیص ریشمی یا جالی کی جو چھ روپے قیمت سے زیادہ نہ ہو اور گوٹہ لگا ہوا ہو عید سے پہلے طیار کرا کر بھیج دیں۔ قیمت اس کی کسی کے ہاتھ بھیج دی جاوے گی یا آپ کے آنے پر آپ کو دی جاوے گی۔ رنگ کوئی ہو مگر پارچہ ریشمی یا جالی ہو۔ اندازہ قمیص کا آپ کی لڑکی زینب کے اندازہ پر ہو۔

والسلام ۔ خاکسار مرزا غلام احمد عفی عنہ۔

۱۸ر فروری ۱۹۰۴ء

اس خط سے مندرجہ ذیل چیزیں عیاں ہوتی ہیں۔

مرزا قادیانی پکا رن مرید تھا اور اس کے مرید بھی اس کی بات کی نسبت اس کی نوجوان بیگم کی بات کو زیادہ اہمیت دیتے تھے۔ اسی لیے تو مرزا بیگم کا نام لے لے کر خط میں زور پیدا کر رہا ہے۔ جالی کی باریک قمیص اور گوٹے سے قادیانی نبوت کی گھریلو

اخلاقی حالت کا پتہ چلتا ہے۔

حسب معمول مرزا قادیانی نے پیسے پھر نہیں بھیجے یعنی مریدوں کا مال خوب چاٹتا تھا۔

خط نمبر ۳:

معجبی اخویم حکیم محمد حسین صاحب قریشی سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔ اشیائے مفصلہ ہمراہ لیتے آویں اور اگر خدانخواستہ ایسی مجبوری ہو تو کسی اور آنے والے کے ہاتھ بھیج دیں۔ وائی بیوٹر جو ایک رحم کے متعلق دوائی ہے' پلومر کی دکان سے (۸ر عـ) مشک خالص عمدہ جس میں چھچھڑا نہ ہو ایک تولہ۔ پان عمدہ بیگمی (عصہ) اور ایک انگریزی وضع کا پاخانہ جو ایک چوکی ہوتی ہے اور اس میں ایک برتن ہوتا ہے۔ اس کی قیمت معلوم نہیں آپ ساتھ لاویں۔ قیمت یہاں سے دی جاوے گی۔ مجھے دوران سر کی بہت شدت سے مرض ہوگئی ہے۔ پیروں پر بوجھ دے کر پاخانہ پھرنے سے مجھے سر کو چکر آتا ہے' اس لیے ایسے پاخانہ کی ضرورت پڑی۔ اگر شیخ صاحب کی دکان میں ایسا پاخانہ ہو تو وہ دے دیں گے مگر ضرور لانا چاہیے اور ۳۰ روپے کا منی آرڈر آپ کی خدمت میں بھیجا جاتا ہے۔ باقی سب خیریت ہے۔

والسلام - مرزا غلام احمد

اس خط سے مندرجہ ذیل چیزیں عیاں ہوتی ہیں۔

ایک مرید کو خط لکھ کر بیوی کے لیے رحم کی دوائی منگوائی جا رہی ہے جس سے مرزا قادیانی کی بے حیا طبیعت کا پتہ چلتا ہے۔

قادیانی نبوت کے گھرانے میں پان کا شوق فرمایا جاتا تھا۔

انگریزی نبی انگریزی پاخانے پر بیٹھ کر پاخانے کا شوق فرمایا کرتا تھا لیکن معلوم نہیں کہ بعد میں نہاتا تھا یا نہیں کیونکہ انگریزی پاخانے سے تو انسان فوراً ناپاک ہو جاتا ہے۔

اس دفعہ مرید کو پیسے بھیج دیے ہیں' شاید تنگ آیا ہوا مرید اس بار اشیاء نہ بھیجتا لیکن پھر بھی اشیاء کی نسبت قیمت بہت کم بھیجی گئی ہے' شاید نفقی نفقی کا پروگرام ہو۔

خط نمبر ۴:

معبی اخویکم حکیم محمد حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔ اس وقت میاں یار محمد بھیجا جاتا ہے۔ آپ اشیائے خریدنی خود خریدیں اور ایک بوتل ٹانک وائن کی پلومر کی دکان سے خرید دیں۔ مگر ٹانک وائن چاہیے' اس کا لحاظ رہے۔ باقی خیریت ہے۔ والسلام

مرزا غلام احمد عفی عنہ

اس خط سے مندرجہ ذیل باتیں عیاں ہوتی ہیں۔

مرزا قادیانی شراب پیتا تھا کیونکہ ٹانک وائن وہ طاقتور شراب تھی جو انگلستان سے سربند بوتلوں میں ہندوستان آتی تھی۔

جس گھر میں باپ شراب پیتا ہو' اس گھر کے باقی افراد کی اخلاقی حالت کیا ہوگی؟

حسب معمول مرید کو پیسے پھر نہیں بھیجے اور مرید کی جیب کو رگڑا لگا دیا ہے۔

د۔ دنگل: یہ مشہور و معروف دنگل مرزا قادیانی اور مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کے درمیان ہوا۔ اس دنگل میں مرزا قادیانی نہ صرف چاروں شانے چت ہوا بلکہ ایسا چت ہوا کہ جسم سے روح ہی نکل گئی۔ اس دنگل کا چیلنج مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کی طرف سے نہیں بلکہ خود مرزا قادیانی کی طرف سے تھا۔ بڑھک باز مرزا قادیانی کے چیلنج کے الفاظ ملاحظہ ہوں جس میں اس نے مولانا امرتسریؒ کو مخاطب کر کے لکھا:

"اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں' جیسا کہ آپ اکثر اوقات اپنے پرچے میں مجھے یاد کرتے ہیں' تو میں آپ کی زندگی میں ہلاک ہو جاؤں گا۔ مگر اے میرے کامل اور صادق خدا اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں' جو مجھ پر لگاتا ہے' حق پر نہیں

تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی میں ہی ان کو نابود کر مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون اور ہیضہ کے امراض مہلکہ سے"۔

جھوٹے نے خود ہی اللہ کی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا' جہاں سے ہمیشہ انصاف ملا کرتا ہے۔ اللہ پاک نے انصاف کر دیا اور مرزا قادیانی اپنی منہ مانگی موت یعنی ہیضہ میں مبتلا ہو کر واصل جہنم ہوا۔ اس دنگل کا مفتوح پہلوان مرزا قادیانی ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء کو مرا جبکہ فاتح پہلوان مولانا ثناء اللہ امرتسری مرزے کی موت کے چالیس سال بعد تک زندہ رہے اور فتح کے نقارے بجا بجا کر قادیانیت کی ذلت کا ساماں کرتے رہے۔

ڈ ۔ ڈاکٹر عبد السلام : عہد حاضر میں قادیانی نبوت کا نہایت اہم پرزہ ہے۔ پاکستان دشمن ممالک تک پاکستان کے راز پہنچانا اور ان سے رابطہ رکھنا اس کے ذمہ ہے۔ پاکستان دشمنی اس کے دل و دماغ میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے اور اکثر وہ اپنی زہریلی زبان سے پاکستان کے بارے میں زہر اگلتا رہتا ہے۔ ۱۹۷۴ء میں جب پاکستان کی قومی اسمبلی نے قادیانیوں کو کافر قرار دیا تو اس غدار وطن نے بہت سے بیرونی ممالک میں جا کر پاکستان کے خلاف زہر اگل کر اپنے خبث باطن کا مظاہرہ کیا۔ مسٹر بھٹو کے دور میں جب پاکستان میں ایک بہت بڑی سائنسی کانفرنس منعقد ہوئی تو بیرون ملک بیٹھے ڈاکٹر عبد السلام کو بھی اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ لیکن اس نے اس ریمارکس کے ساتھ دعوت نامہ واپس کر دیا کہ "میں اس لعنتی ملک پر قدم رکھنا نہیں چاہتا جب تک آئین میں کی گئی ترمیم (قادیانی غیر مسلم ہیں) واپس نہ لی جائے"۔

۱۹۷۹ء میں یہودیوں نے اپنے پالتو سائنس دان کی بین الاقوامی خدمات کے عوض اسے نوبل انعام سے نوازا' حالانکہ وہ قطعی طور پر اس کا اہل نہ تھا۔ ڈاکٹر عبد السلام کس اہلیت کا کوی ہے' اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کسی زمانہ میں گورنمنٹ کالج لاہور میں فزکس کا لیکچرار تھا۔ اس کے طالب علم بتاتے ہیں کہ وہ

ایک انتہائی نکما استاد تھا۔ کالج کے پرنسپل نے اس کی پرسنل فائل میں لکھا تھا کہ عبد السلام ایک نا اہل استاد ہے۔ ڈاکٹر عبد السلام نے نوبل انعام کو مرزا قادیانی کی برکات اور معجزہ قرار دیا۔ اپنے ہم مشن یہودیوں سے نوبل انعام وصول پانے کے بعد ڈاکٹر عبد السلام نے سویڈش اخبار نویس البرلٹ لیلٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا:

"میں سب سے پہلے مرزا غلام احمد قادیانی کا غلام ہوں' پھر مسلمان ہوں' پھر پاکستانی"۔

وہ بھارت اور اسرائیل کے اکثر خفیہ دورے کرتا رہتا ہے۔ اندرا گاندھی اور راجیو گاندھی سے بہت قریبی تعلقات تھے۔ بھارت جب بھی کوئی ایٹمی دھماکہ کرے یا کوئی خاص اسلحہ تیار کرے تو وہ کھلے عام بھارت کو مبارک باد دیتا ہے۔ سینکڑوں مسلمان نوجوانوں کو بیرون ممالک نوکریوں کے ہتھیار سے مرتد بنا چکا ہے۔ عالم اسلام کی مایہ ناز شخصیت اور ملت اسلامیہ کے ماتھے کے جھومر ڈاکٹر عبد القدیر کے ساتھ سخت نفرت اور دشمنی رکھتا ہے۔ ان کے خلاف اعلیٰ حلقوں میں نت نئی سازشوں کے جال بنتا رہتا تھا۔ بیرونی پریس میں ان کی کردار کشی کرتا رہتا ہے۔ وہ صبح و شام اخباروں پہ لوٹتا رہتا ہے کہ وہ کسی طرح ڈاکٹر عبد القدیر خان کی سیٹ پہ قبضہ کر لے۔ لیکن صاحب بصیرت ڈاکٹر عبد القدیر خان بھی ہر لحہ اس کی سازشوں سے چوکنا رہتے ہیں اور انہیں طشت ازبام کرتے رہتے ہیں اور ملت اسلامیہ کو باخبر کرتے رہتے ہیں کہ کس طرح وہ سائنس کے روپ میں ان کی سانس دبانے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہے۔

ذ - ذات: مرزا قادیانی کی ذات کیا تھی؟ یہ ایک بڑا پیچ دار' لچھے دار اور گنجلک مسئلہ ہے۔ جب اس کا شناختی کارڈ ترتیب دینے کے لیے ہمیں اس کی ذات کی ضرورت پیش آتی ہے تو ہمیں مجبوراً قادیانیت کی کتب کے مطالعہ کے بدبودار سفر پر روانہ ہونا پڑتا ہے تو اس متعفن سفر کے بعد ہمارے سامنے جو صورت حال آتی ہے وہ

کچھ یوں ہے:

مرزا قادیانی نے اپنی کتاب "کتاب البریہ" کے صفحہ ۱۳۴ پر اپنی ذات برلاس (مغل) لکھی ہے۔

اسی کتاب کے صفحہ ۱۳۵ کے حاشیہ پر لکھتا ہے:

"میرے الہامات کی رو سے ہمارے آباء اولین فارسی تھے"۔

اپنی کتاب "ایک غلطی کا ازالہ" کے صفحہ ۲ پر لکھتا ہے:

"میں اسرائیلی بھی ہوں اور فاطمی بھی"۔

اپنی تصنیف "تحفہ گولڑویہ" کے صفحہ ۴۰ پر لکھتا ہے:

"میرے بزرگ چینی حدود سے پنجاب آئے تھے"۔

اپنی کتاب "نزول مسیح" کے صفحہ ۵۰ پر لکھتا ہے:

"بنی فاطمہ سے ہوں۔ میری بعض دادیاں مشہور اور صحیح النسب سادات میں سے تھیں"۔

پھر ہندو ہونے کا اعلان کرتا ہے:

"کرشن میں ہی ہوں"۔ (تذکرہ، ص ۳۸۱)

پھر سکھ ہونے کا اعلان کرتا ہے:

"امین الملک جے سنگھ بہادر"۔ (تذکرہ، ص ۴۷۲)

پھر ایک اور قلابازی کھاتا ہے جس سے عقل حیران و پریشان ہو کر ہاتھ باندھ لیتی ہے۔ مرزا قادیانی کہتا ہے:

میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں
نیز ابراہیم ہوں نسلیں ہیں میری بے شمار

(درثمین، ص ۱۰۰، مصنفہ مرزا قادیانی)

پھر ان نسلوں پر خط تنسیخ پھیرتے ہوئے ایک اور چھلانگ لگاتا ہے۔

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں

ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

(درثمین، ص ۶۸، مصنفہ مرزا قادیانی)

یہاں کہتا ہے کہ میں "آدم زاد" ہی نہیں ہوں یعنی میں "بندے دا پتر" ہی نہیں۔ یہاں اس نے انسان کا بچہ ہونے سے ہی انکار کر دیا ہے۔ لہٰذا ہم بڑی سوچ بچار کے بعد مرزا قادیانی کی ذات کو "ذات آوارہ" قرار دیتے ہیں۔

ر - ریاست : فرنگی روبوٹ مرزا قادیانی نے مختلف قلابازیاں کھانے کے بعد ۱۹۰۱ء میں دعویٰ نبوت داغ دیا اور اس کے ساتھ ہی ایک قادیانی ریاست کی جستجو شروع ہوگئی جہاں ایک حکومت کے زور پر قادیانی نبوت کو چلایا جا سکے اور دنیا کے سامنے ایک قادیانی ریاست کو پیش کیا جا سکے۔ اس ریاست میں قادیانی شریعت نافذ کی جا سکی۔ لوگوں کو نوکریوں، چھوکریوں، پلاٹ اور دیگر مراعات دے کر مرتد بنا کر وہاں بسایا جا سکے۔ یہ آرزو مرزا قادیانی کے دل میں ہر وقت انگڑائیاں لیتی رہتی۔ مرزا قادیانی کی نظر انتخاب کشمیر پر پڑی کہ کشمیر کو قادیانی ریاست بنا لیا جائے۔ اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے حکیم نور الدین کو کشمیر بھیجا گیا۔ ایک سازش کے تحت حکیم نور الدین کو ریاست کشمیر میں شاہی طبیب کی حیثیت سے تعینات کرا دیا گیا۔ حکیم نور الدین نے مہاراجہ کشمیر راجہ امر سنگھ کی انتہائی قربت حاصل کر لی اور وہ ریاست میں سیاہ و سفید کا مالک بن گیا اور ابھی وہ ریاست پر قبضہ کرنے کے خواب دیکھ ہی رہا تھا کہ اگلے حکمران راجہ پرتاب سنگھ نے حکیم کو ایسی پٹخنی دی کہ اس کے سارے حسین سپنے چکنا چور ہوگئے۔ تقسیم ہند کے موقعہ پر قادیانی خلیفہ مرزا بشیر الدین نے باؤنڈری کمیشن کے سامنے یہ مطالبہ کیا کہ ہم مسلمانوں کے ساتھ نہیں رہنا چاہتے لہٰذا ہمارے شہر قادیان کو "ویٹیکن سٹی" قرار دیا جائے، تاکہ ہم وہاں پر اپنی الگ ریاست بسا سکیں۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے باؤنڈری کمیشن کے سامنے اپنی ریاست کا نقشہ بھی پیش کیا لیکن ان کا یہ مطالبہ رد کر دیا گیا اور قادیان بھارت کے

کی ماں نے اسے جواب دیا۔ تھوڑی دیر صبر کرو میں تمہارے لئے راستہ بناتی ہوں تاکہ ہماری عزت بھی لوگوں کی نگاہوں میں محفوظ رہے اور تمہارا کام بھی بن جائے۔ نصرت جہاں بیگم کے لئے جو بھی رشتہ آئے گا۔ میں اس کے باپ سے اس رشتہ کے بارے میں انکار کر دیا کروں گی اور پھر جب پانچ سات رشتوں کو ٹھکرا دوں گی تو اس کے ساتھ ہی تمہارے لئے راستہ ہموار کر دوں گی۔ میر ناصر نواب قادیان سے دفتری رخصت لیکر اپنے شہر دہلی واپس چلا جاتا ہے۔ وہاں پہنچ کر میر ناصر نواب کی بیوی اس سے کہتی ہے کہ اب نصرت جہاں بیگم اٹھارہ سالہ جوان ہو چکی ہے' ہمیں اس کی شادی کا سوچنا چاہئے اور اس کے ساتھ ہی وہ اپنے خاوند سے کہتی ہے کہ اس سلسلہ میں ہمیں مرزا غلام احمد کی ضرور مدد لینی چاہئے کیونکہ وہ بااثر اور تعلقات رکھنے والا آدمی ہے۔ میر ناصر نواب کی بیوی اسے شیشے میں اتار لیتی ہے۔ اور میر ناصر نواب فوراً مرزا قادیانی کو اس بارے میں خط لکھتا ہے اب اس کہانی کی صورت حال مرزا بشیر احمد سے سنئے۔ جسے وہ اپنی نانی کی زبانی بیان کر رہا ہے۔

" اس کے بعد ہم رخصت پر دہلی گئے اور چونکہ تمہاری اماں اس وقت جوان ہو چکی تھی۔ ہمیں ان کی شادی کا فکر پیدا ہوا اور میر صاحب نے ایک خط تمہارے ابا (مرزا قادیانی) کے نام لکھا کہ مجھے اپنی لڑکی کے واسطے بہت فکر ہے آپ دعا کریں کہ خدا کسی نیک آدمی کے ساتھ تعلق کی صورت پیدا کر دے۔ تمہارے ابا نے جواب میں لکھا کہ اگر آپ پسند کریں تو میں خود شادی کرنا چاہتا ہوں اور آپ کو معلوم ہے کہ گو میری پہلی بیوی موجود ہے اور بچے بھی ہیں مگر آجکل میں عملاً مجرد ہی ہوں۔ وغیرہ ذلک۔ کتنی بے تکلفی تھی ساس اور داماد میں۔ یہیں سے دال میں کالا کالا مرزا قادیانی پکڑا جاتا ہے۔ (ناقل)

میر صاحب نے اس ڈر کی وجہ سے کہ میں اسے برا مانوں گی مجھ سے اس خط کا ذکر نہیں کیا (اس بدھو کو کیا پتہ تھا کہ سارا کھیل ہی تیرا بنایا ہوا ہے۔) اور اس عرصہ میں اور بھی کئی جگہ سے تمہاری اماں کے لئے پیغام آئے۔ لیکن میری کسی جگہ تسلی نہ ہوئی۔ حالانکہ پیغام دینے والوں میں سے بعض اچھے اچھے متمول آدمی بھی تھے اور

بہت اصرار کے ساتھ درخواست کرتے تھے۔

بالاخر ایک دن میر صاحب نے ایک لدھیانہ کے باشندے کے متعلق کہا کہ اس کی طرف سے بہت اصرار کی درخواست ہے اور ہے بھی وہ اچھا آدمی اسے رشتہ دے دو۔ میں نے اس کی ذات وغیرہ دریافت کی تو مجھے شرح صدر نہ ہوا اور میں نے انکار کیا۔ جس پر میر صاحب نے کچھ ناراض ہو کر کہا کہ لڑکی اٹھارہ سال کی ہو گئی ہے کیا ساری عمر اسے یونہی بٹھا چھوڑو گی۔ میں نے جواب دیا کہ ان لوگوں سے تو پھر غلام احمد ہی ہزار درجہ اچھا ہے۔ (تیر چلا دیا۔ ناقل) میر صاحب نے جھٹ ایک خط نکال کر میرے سامنے رکھدیا کہ لو پھر مرزا غلام احمد کا خط بھی آیا ہوا ہے۔ (کسی ذریعہ سے مرزا قادیانی کو خط بھیجنے کا پیغام بھجوا دیا ہو گا) جو کچھ ہو ہمیں اب جلد فیصلہ کرنا چاہئے۔ میں نے کہا اچھا غلام احمد کو لکھ دو۔ چنانچہ تمہارے نانا جان نے اسی وقت قلم دوات لیکر خط لکھ دیا (تیر نشانے پر لگا۔ مبارک ہو۔ ناقل) اور اس کے آٹھ دن بعد تمہارے ابا دہلی پہنچ گئے۔ (سیرت المہدی حصہ دوم ص ۱۱۰ ۔ ۱۱۱ مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

میر ناصر نواب کے دہلی جانے کے وقت سے لیکر شادی کی ہاں ہونے تک کے درمیانی وقت میں مرزا قادیانی کے دل پر غم فراق کے آرے چلتے رہے۔ اس کی آنکھیں نصرت جہاں کو دیکھنے کے لئے تڑپتی رہیں اور تپ ہجر میں اس کا دماغ ابلتا رہا۔ اس کے دن انگاروں پر اور راتیں کانٹوں پر بسر ہوتی رہیں۔ وہ کس کرب' درد و سوز کے ساتھ چلاتا تھا۔ اس کیفیت کا پتہ ہمیں خود قادیانی ہی بتاتے ہیں' حوالہ پیش خدمت ہے۔

" خاکسار عرض کرتا ہے کہ مرزا سلطان احمد صاحب سے مجھے حضرت مسیح (مرزا قادیانی) موعود کی ایک شعروں کی کاپی ملی ہے۔ جو بہت پرانی معلوم ہوتی ہے۔ غالبا نوجوانی کا کلام ہے۔ حضرت صاحب کے اپنے خط میں ہے۔ جسے میں پہچانتا ہوں۔ بعض بعض شعر بطور نمونہ درج ذیل ہیں۔

عشق کا روگ ہے کیا پوچھتے ہو اسکی دوا ایسے بیمار کا مرنا ہی دوا ہوتا ہے
کچھ مزا پایا میرے دل! ابھی کچھ پاؤ گے تم بھی کہتے تھے کہ الفت میں مزا ہوتا ہے

ہائے کیوں ہجر کے الم میں پڑے　　مفت بیٹھے بٹھائے غم میں پڑے
اس کے جانے سے صبر دل سے گیا　　ہوش بھی ورطہ عدم میں پڑے

سبب کوئی خداوندا بنا دے　　کسی صورت سے وہ صورت دیکھا دے
کرم فرما کے آ او میرے جانی　　بہت روئے ہیں اب ان کو ہنسا دے
کبھی نکلے گا آخر تنگ ہو کر　　دلا اک بار شور و غل مچا دے

نہ سر کی ہوش ہے تم کو نہ پا کی　　سمجھو ایسی ہوئی قدرت خدا کی
میرے بت اب سے پردہ میں رہو تم　　کہ کافر ہو گئی خلقت خدا کی

نہیں منظور تھی گر تم کو الفت　　تو یہ مجھ کو بھی جتلایا تو ہوتا
میری دلسوزیوں سے بے خبر ہو　　میرا کچھ بھید بھی پایا تو ہوتا
دل اپنا اس کو دوں یا ہوش یا جاں　　کوئی اک حکم فرمایا تو ہوتا

(سیرت المہدی حصہ اول ص ۲۳۲ ۔ ۲۳۳ مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

پچپن سالہ دولہا اٹھارہ سالہ دولہن کو لینے کے لئے دہلی پہنچ گیا۔ بارات میں مرزا قادیانی کے قریبی ہندو دوست بھی شامل تھے۔ نکاح ہوا مرزا قادیانی اٹھارہ سالہ دولہن کو چھک چھک کرتی گاڑی میں بٹھا کر قادیان لے آیا۔ والدین نے بیٹی کے ساتھ ایک عورت کو بھی ساتھ بھیجا۔ قادیان پہنچ کر نصرت جہاں بیگم اداس اداس اور گھبرائی رہنے لگی۔ وہ دیدے کھول کھول کر فضاؤں میں گھورتی رہتی اور کبھی کبھی ان اداس دیدوں سے موٹے موٹے اور گرم گرم آنسو گر کر اس کے کپڑوں پر پھیل جاتے۔ وہ آنسو بھری سرخ آنکھیں پونچھ کر پھر فضاؤں میں گھورنے لگتی گویا اڑ کر دہلی جانا چاہتی ہو۔ دل کا غم قلم کے ذریعے کاغذ پر پھیل گیا یعنی نصرت جہاں بیگم نے اپنے والدین کو اپنی دلی

کیفیات بیان کرتے ہوئے خطوط لکھے۔ جس کی گواہی اس کی ماں ان الفاظ میں دیتی ہے۔

" جب تمہاری اماں قادیان آئیں تو یہاں سے ان کے خط گئے کہ میں سخت گھبرائی ہوئی ہوں اور شاید میں اس غم اور گھبراہٹ سے مرجاونگی۔ چنانچہ ان خطوں کی وجہ سے ہمارے خاندان کے لوگوں کو اور بھی اعتراض کا موقعہ مل گیا اور بعض نے کہا کہ اگر آدمی نیک تھا تو اس نیکی کی وجہ سے لڑکی کی عمر کیوں خراب کی۔ اس پر ہم لوگ بھی کچھ گھبرائے اور رخصتانہ کے ایک مہینہ کے بعد میر صاحب قادیان آکر تمہاری اماں کو لے گئے۔ جب وہ دہلی پہنچیں تو میں نے اس عورت سے پوچھا جس کو میں نے دلی سے ساتھ بھیجا تھا کہ لڑکی کیسی رہی؟ اس عورت نے تمہارے ابا کی بہت تعریف کی اور کہا لڑکی یونہی شروع شروع میں اجنبیت کی وجہ سے گھبرا گئی ہو گی ورنہ مرزا صاحب نے تو ان کو بہت ہی اچھی طرح سے رکھا ہے اور وہ بہت اچھے آدمی ہیں اور تمہاری اماں نے بھی کہا کہ مجھے انہوں نے بڑے آرام کے ساتھ رکھا مگر میں یونہی گھبرا گئی تھی۔ اس کے تھوڑے عرصہ کے بعد واپس ہمارے پاس آگئیں (سیرت المہدی حصہ دوم ص ۱۱۱ ۔ ۱۱۲ مصنفہ مرزا بشیر احمد قادیانی ابن مرزا قادیانی)

اس مندرجہ بالا بیان کو پڑھ کر ذہن میں بہت سے سوال ابھرتے ہیں۔

نصرت جہاں بیگم کیوں اداس اداس اور پریشان پریشان رہی؟

نصرت جہاں بیگم کیوں گھبراہٹ سے مری جا رہی تھی؟

تھوڑے دنوں کے بعد نصرت جہاں بیگم کا گھبرایا گھبرایا دل کیسے خوشی سے جھوم اٹھا؟

جب ہم ذہنوں پر زور دے کر اس سوالوں کے جوابات تلاش کرتے ہیں تو خود مرزا قادیانی ہی ہمیں ان تمام سوالوں کا جواب دے دیتا ہے۔ حوالہ پیش خدمت ہے۔

" اس شادی کے وقت مجھے یہ ابتلاء پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ سخت کمزور تھا اور میں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا اور دو مرضیں یعنی ذیابیطس اور درد سر مع دوران سر قدیم سے میرے شامل حال تھیں جن کے ساتھ بعض اوقات مجھے تشنج قلب بھی ہوتا تھا۔ اس لئے میری حالت مروی کالعدم تھی (دہلی کیا

لینے گئے تھے؟ ناقل)

اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی۔ غرض اس ابتلاء کے وقت میں نے جناب الٰہی سے دعا کی اور مجھے اس نے دفع مرض کے لئے الہام سے دو آیتیں بتائیں اور میں نے کشفی طور پر یہ دیکھا کہ ایک فرشتہ (حکیم نور الدین ۔ ناقل) وہ دوائیں میرے منہ میں ڈال رہا ہے۔ چنانچہ وہ دوا میں نے تیار کی اور اس میں خدا تعالیٰ نے اتنی برکت ڈال دی کہ میں نے دلی یقین سے معلوم کیا کہ وہ پر صحت طاقت جو ایک پورے تندرست انسان کو دنیا میں مل سکتی ہے وہ بھی دی گئی ..... میں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سی ایک بچہ کی طرح تھا اور اپنے آپ کو خداداد طاقت میں پچاس مردوں کے قائم مقام پایا (تریاق القلوب ص ۶۸ ۔ ۶۷ مصنفہ مرزا قادیانی)

واہ رے بھگتو! بیوی تو اس راز کو چھپاتی رہی اور تو نے ہنڈیا چوراہے میں پھوڑ دی۔ دوائیوں کے سہارے اور دوستوں کے تعاون سے مرزا قادیانی کا گھر پرانی سائیکل کی طرح چوں چوں اور کھڑ کھڑ کرتا چل تو پڑا لیکن نصرت جہاں بیگم نے گھر کے ہر میدان میں مرزا قادیانی کو شکست فاش دیتے ہوئے نصرت کے ایسے جھنڈے گاڑے کہ گھر میں مرزا قادیانی کی حالت اس تانگے کے مریل گھوڑے کی طرح تھی جس پر آٹھ سواریاں لدی ہوں اور وہ سخت گرمی میں پسینے میں شرابور' چابک کھاتا اور منہ سے جھاگ نکالتا ہوا کھڈے دار سڑک پر بٹالہ سے قادیان جا رہا ہو۔



❁❁❁

قادیانی قبرستان کی شرمناک و ہولناک داستان جہاں جنت کے نام پر جہنم کی
"ایڈوانس بکنگ" ہوتی ہے!

یاد ماضی عذاب ہے یارب چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

وہ وقت کتنا حسین تھا' وہ دن اپنے دامن میں کتنی بہاریں لئے ہوئے تھے۔ وہ لمحے کتنے پرمسرت اور فرحت بخش تھے' جب میں چنیوٹ سے سرگودھا جانے والی سڑک کے کنارے دریائے چناب کے پل سے تھوڑی دور واقع ایک وسیع و عریض میدان تھا' دریائے چناب میرے پڑوس سے گزرتا' میں اس کی ہنستی کھیلتی اچھلتی کودتی لہروں کی شوخیاں اپنی آنکھوں سے دیکھتا اور کبھی پانی کی مست خرامی کی نغمگی کو سن کر جھوم جھوم جاتا۔ مشرق سے طلوع ہوتے سورج کی روشن روشن کرنیں مجھ پر پڑتیں۔ اور ہر روز مجھے ایک نئی روشنی اور جوانی عطا کرتیں۔ نسیم سحر مجھ سے لپٹ لپٹ کر جاتی' شبنم میرا منہ دھوتی' موسلادھار بارشیں مجھے نہلاتیں۔ شفق کی سرخی مجھے رعنائیاں عطا کرتی' کالی گھٹائیں میری آنکھوں میں کاجل لگاتیں' صبح مشرق کی کوکھ سے طلوع ہونے والا سورج سارا دن روشنی کی بزم سجا کر اپنے اجالوں سمیت مغرب کی گود میں سو جاتا تو رات کو چاند کی خنک چاندنی میرے قلب و جگر کو ٹھنڈک پہنچاتی' میں چرخ نیلو فری پر چمکتے ستاروں سے جی بھر کر باتیں کرتا اور پھر رات کو چلنے والی ٹھنڈی میٹھی ہوائیں اپنی رسیلی آواز میں مجھے لوریاں دیتیں اور تھپک تھپک کر سلا دیتیں۔ میں ایک شہزادے کی زندگی گزار رہا تھا۔ جس کی خدمت کے لئے درجنوں خادم ہر وقت دست بستہ کھڑے ہوں۔

وقت اپنے متحرک پہیوں سے اپنی منزل کی جانب دوڑتا رہا' زمانہ کروٹیں بدلتا رہا۔ ماہ و سال کی گردش جاری رہی' لیل و نہار آتے جاتے رہے' ایک دن میرے کانوں نے خوشخبری سنی کہ ہندوستان آزاد ہو رہا ہے۔ اور میرا وجود پاکستان میں شامل ہو رہا ہے۔ خوشی سے مجھ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ اور میرا ذرہ ذرہ اللہ کی حمد میں مصروف ہو گیا۔ ہزاروں آرزوئیں اور تمنائیں میرے دل میں مچلنے لگیں' میں وطن آنے والے قافلوں کے مسافروں کے پاؤں چومنے کے لئے تڑپنے لگا میں آرزوئیں کرنے لگا کہ آزادی وطن کا کوئی مجاہد میرے کسی حصہ کو اپنا مسکن بنا لے سب کچھ لٹا کر آگ و خون کا دریا عبور کر کے آنے والے مجھ پر اپنی بستی بسا لیں'

لیکن میری حسین آرزوئیں اس وقت راکھ کا ڈھیر بن گئیں۔ جب میرے کانوں میں یہ روح فرسا خبر پڑی کہ کائنات کی بدترین جماعت یعنی قادیانی جماعت جس نے ہندوستان میں جعلی نبوت کا ڈرامہ رچایا' میرے پڑوس میں ڈیرے ڈال رہی ہے ۔ اور ایک خطرناک منصوبے کے تحت انہوں نے مجھ پر بھی قبضہ کر لیا ہے۔ اس دن میں چیخیں مار مار کر رویا' گریہ و زاری کرتے کرتے میری آنکھیں سرخ ہو گئیں۔ اور میرا دامن آنسوؤں سے بھیگ گیا۔ ابھی سنبھلنے نہ پایا تھا کہ ایک دن مجھے پتہ چلا کہ قادیانیوں نے مجھے اپنا قبرستان بنا لیا ہے اور میرا نام بہشتی مقبرہ رکھ دیا ہے۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے کسی نے دو دھاری خنجر سے میرا سینہ چاک کر کے اس میں مرچیں بھر دی ہیں۔ میں حیران و پریشان تھا کہ ان کے گرو گھنٹال مرتد اعظم مرزا قادیانی نے تو قادیان میں ایک قبرستان بنایا تھا۔ جس میں وہ اپنے مرتدوں کی میتیں دفن کرتا تھا۔ اور اس نے اس قبرستان کا نام بہشتی مقبرہ رکھا تھا۔ اب قادیانیوں کی قادیان سے یہاں منتقلی سے بہشتی مقبرہ کیسے منتقل ہو گیا۔ یہ کتنا بڑا جھوٹ اور کتنا بڑا فراڈ ہے۔ لیکن جلد ہی ذہن مطمئن ہو گیا کہ جھوٹی نبوت میں ہر جھوٹ جائز ہے۔ قادیانی گروہ در گروہ آنے لگے میرے پڑوس میں انہوں نے ایک شہر آباد کیا۔ جس کا نام ربوہ رکھا۔ میں قادیانیوں کی منحوس اور پھنکار شدہ صورتیں دیکھتا تو مجھے متلی ہونے لگتی۔ سادہ لوح اور غریب مسلمانوں کو مفت زمین کا لالچ دے کر انہیں ربوہ لایا جانے لگا اور یوں مرتدوں نے پاکستان میں مرتد سازی کی مہم شروع کر دی۔ پھر میں ان کی زبانوں سے ملک و ملت کے خلاف خوف ناک باتیں سننے لگا۔ پاکستان پر حکومت کرنے کے منصوبے بننے لگے اور وطن عزیز کے خلاف سازشوں کے جال تیار ہونے لگے۔ ملک دشمن عناصر اور دشمن ممالک کے جاسوسوں کی ربوہ میں آمدورفت شروع ہو گئی۔ ایک دن مجھے خبر ملی کہ ایک قادیانی مرتد مر گیا ہے۔ اور اسے مجھ میں دفن کرنے کے لئے لایا جا رہا ہے۔ مارے خوف کے میں لرز لرز گیا اور بے اختیار فضا میں میری چیخیں پھیلنے لگیں۔ میت کو قبرستان لایا گیا۔ پچاس ساٹھ آدمی جنازے کے ساتھ آئے' ایک آدمی رجسٹر لے کر آیا اس نے رجسٹر سے مرنے والے کا نام تلاش کیا اور دیکھا کہ آیا مرنے والے نے

اپنی کل جائیداد کا دسواں حصہ قادیانی جماعت کو ادا کیا ہے یا نہیں۔ حساب ٹھیک نکلا' مردے کو کلیرنس سرٹیفکیٹ NOC دے دیا گیا۔ میرے سینے پر اس مردے کی قبر کھدنے لگی' کسی اور کدال کی ضربوں سے میرا جسم ٹوٹنے لگا۔ قبر تیار ہو گئی' مردے کو قبر میں لٹا دیا گیا اور اوپر سے مٹی ڈال دی گئی۔ میں نے ڈرتے ڈرتے ایک نظر مردے پر ڈالی۔ مردہ کیا تھا بلینے سے نکلا ہوا گنا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ موت کے فرشتوں نے خوب چھترول کر کے روح نکالی ہے۔ میت سے اس قدر بدبو کے طوفان اٹھ رہے تھے کہ میرا دماغ ابلنے لگا۔ میرا سانس گھٹنے لگا' جلد ہی میں نے دیکھا کہ اللہ کے فرشتے ہاتھوں میں لمبے لمبے گرز لئے بجلی کی سرعت سے آ پہنچے۔ مردے سے سوال و جواب ہونے لگے۔ لیکن مردہ ہر سوال کے جواب میں اول فول بکتا۔ پھر مردے کا ریمانڈ شروع ہو گیا' قبر میں آگ لگ گئی۔ اوپر سے گرزوں کی بارش شروع ہو گئی۔ سانپوں بچھوؤں اور دیگر خطرناک حشرات الارض نے مردے کی چیر پھاڑ شروع کر دی۔ مردہ اتنی زور سے چیختا کہ میرے پورے وجود میں ارتعاش پیدا ہو جاتا۔ اسی اثناء میں' میں نے باہر دیکھا تو مین گیٹ کے پاس بہشتی مقبرے کا مینجر مردے کی وصول ہونے والی رقم کے نوٹ مسکرا مسکرا کر گن رہا تھا۔ پھر ایک دن دوسرا مردہ آیا اس مرتد کے ساتھ بھی یہی میزبانی برتی گئی۔ پھر مردے آنے کی رفتار تیز ہوتی گئی۔ اور میرا نازوں سے پلا جسم داغدار ہوتا چلا گیا۔ پھر ایک دن مجھے خبر ملی کہ صوبہ سندھ سے ایک مردہ تدفین کے لئے لایا جا رہا ہے۔ اس دن میں رویا بھی اور ہنسا بھی۔ رویا اس بات پر کہ پہلے میں سمجھتا تھا کہ صرف ربوہ کی غلاظت ہی میرے اندر دفن ہو گی اور میرا حلقہ مرتداں صرف ربوے تک محدود ہے' لیکن اس دن پتہ چلا کہ میرا حلقہ مرتداں پوری دنیا ہے۔ پوری دنیا سے کوئی بھی قادیانی اپنی جائیداد کا دسواں حصہ دے کر مجھ میں دفن ہو سکتا ہے۔ اور ہنسی آئی سندھ سے آنے والے مردے پر کہ پیارے تمہاری چھترول کا کوٹہ تو متعین ہے۔ وہیں اپنا کوٹہ وصول کر لیتے اتنا سفر طے کرنے کا کیا فائدہ۔ ایک دن خبر ملی کہ مرزا قادیانی کی لاڈلی بیوی نصرت جہاں بیگم مجھ میں دفن ہونے کے لئے تشریف لا رہی ہے۔ اس دن چھترول کا پروگرام ڈبل اور سپیشل تھا۔ نصرت جہاں بیگم

بغیر چندے کے دفن ہوئی کیونکہ مرزا قادیانی نے بہشتی مقبرہ کے بارے میں کہا ہے کہ بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کے لئے کل جائیداد کا دسواں حصہ دینا شرط ہے لیکن میرے اہل خانہ اور میری اولاد اس چندہ سے مستثنیٰ ہو گی۔ قادیانی مردے آتے رہے' میری آبادی بڑھتی رہی۔ گرز برستے رہے۔ آگ کے شعلے بھڑکتے رہے۔ دھواں اٹھتا رہا۔ سانپ پھنکارتے رہے۔ بچھو ڈستے رہے۔ مردے تڑپتے رہے۔ کان پھاڑ دینے والی چیخیں بلند ہوتی رہیں اور بہشتی مقبرے کا جنرل مینجر دولت کے انبار لگاتا رہا۔ یوں تو بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والے ہر قادیانی کی داستان بڑی ہی عبرتناک ہے۔ لیکن کچھ موقعوں پر ایسی ہولناک مار پیٹ اور خوف ناک چیر پھاڑ ہوئی کہ میں انہیں قیامت تک فراموش نہ کر سکوں گا۔

جب بہشتی مقبرے کا افتتاح یعنی پہلا مردہ دفن ہوا۔

جب مرزا قادیانی کی بیوی نصرت جہاں بیگم کی آمد ہوئی۔

جب مرزا قادیانی کا بیٹا بشیر الدین محمود آیا۔

جب مرزے کی بیٹی امتہ الحفیظ کی ارتھی آئی۔

جب جلال الدین شمس مردود ہوا۔

جب جنرل اختر ملک زندان قبر میں پہنچا۔

جب مرزا ناصر مردار ہوا۔

جب ظفر اللہ خاں کو لایا گیا۔

جب شیزان فیکٹری کا مالک شاہنواز قبر میں گاڑا گیا۔

بہشتی مقبرے کے چاروں طرف دیواریں کی ہوئی ہیں۔ احاطہ کے اندر قبریں بڑے اہتمام سے بالکل سیدھی قطاروں میں بنائی گئی ہیں۔ قبروں کو سنگ مرمر' چینی ٹائلوں اور رنگین چپس کے فرشوں سے سجایا گیا ہے۔ قبروں پر مردوں کے سرھانے ان کا تعارف اور وصیت نمبر (قیدی نمبر) تحریر ہیں۔ قبروں کے درمیان راستے میں پھول دار پودے بھی لگائے گئے ہیں۔ رات کو ٹیوب لائٹس اور مرکری کے قمقمے روشن کئے جاتے ہیں۔ جس سے رنگین پتھریلی قبریں چمکنے لگتی ہیں۔ جنہیں دیکھ کر

قادیانی بڑے خوش ہوتے ہیں۔ لیکن میرا یہ سارا میک اپ طوائف کا سنگھار ہے۔ میں قادیانی رائل فیملی کے لئے سب سے منافع بخش ایجنسی ہوں۔ میری ایک ایک فٹ جگہ ہزاروں روپے میں فروخت ہوتی ہے۔ لندن فرار ہونے سے قبل مرزا طاہر اکثر میرا معائنہ کرنے کے لئے آیا کرتا تھا۔ وہ چاروں طرف نظریں گھما گھما کر اور مسکرا کر مجھے یوں دیکھتا جیسے کوئی بہت بڑا جاگیردار اپنی جاگیر کو دیکھنے آیا ہو۔ یا کوئی صنعت کار اپنے کارخانے کا دورہ کر رہا ہو۔

اے رب ذوالجلال! بہشتی مقبرے کے نام پر دنیا کا سب سے بڑا فراڈ ہو رہا ہے۔ جہاں جنت کے نام پر جہنم کی ایڈوانس بکنگ ہو رہی ہے۔ قادیانی رائل فیملی قبر فروشی کا دھندہ کر کے کھمبے اڑا رہی ہے۔ اے میرے مالک! میرا نام بہشتی مقبرہ ایسے ہی ہے۔ جیسے سانپ کا نام حیات بخش' بچھو کا نام روح افزاء اور انگاروں کا نام پھول رکھ دیا جائے اور میرا بہشت سے وہی تعلق ہے جو مرزا قادیانی کا جنت سے۔ اے خداوندا! میرا وجود گالی بن چکا ہے۔ میں اطراف عالم میں رسوا ہو چکا ہوں۔ بسوں' کاروں' ویگنوں میں سوار مسافر جب سڑک پر میرے قریب سے گزرتے ہیں۔ تو میرا مذاق اڑاتے ہیں۔ اور میری طرف منہ کر تھوکتے ہیں۔ میرا معاشرے میں وہی مقام ہے۔ جو فلتھ ڈپو کا! جس طرح سارے علاقے کی غلاظتیں اکٹھی کر کے فلتھ ڈپو میں پھینک دی جاتی ہے۔ اسی طرح ربوہ اور سارے پاکستان سے قادیانی مرتد زندیق' گستاخان رسولؐ اور غداران وطن مجھ میں پھینک دیئے جاتے ہے۔ اے سمیع و بصیر! میں بڑی حسرت کی نگاہ سے دیگر قبرستانوں کو دیکھتا ہوں۔ تو اپنی قسمت پر ماتم کرتا ہوں اور روتے روتے میری ہچکیاں بندھ جاتی ہیں۔ وہ بھی تو قبرستان ہیں' جہاں شہید آرام فرما ہیں۔ جہاں تیرے دین کے لئے لڑنے والے غازی محواستراحت ہیں۔ جہاں شیوخ القرآن جنت کی بہاریں لوٹ رہے ہیں۔ جہاں شیوخ الحدیث ابدی نیند سو رہے ہیں۔ جہاں حفاظ قرآن کی منور قبریں ہیں۔ جہاں مفسرین و محدثین جنت کی رحمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ اور اک بختوں کا مارا میں' ہوں جہاں صرف مرتد' زندیق گستاخ رسولؐ" آلہ کاران یہود و نصاریٰ اور غداران ملک و ملت دفن ہیں۔

میرے مولا! میرے اعصاب شل ہو چکے ہیں۔ میری روح کچلی جا چکی ہے۔ میرے انگ انگ سے ٹیسیں اٹھتی ہیں' میرا دماغ ہنڈیا کی طرح ابل رہا ہے۔ میرا جگر عرق غم بن کر آنکھوں کے راستے بہہ گیا ہے۔ میرا وجود کانٹوں پر لٹائی لاش ہے۔ میرا دل دہکتا ہوا آتش فشاں ہے۔ میرے جذبات اکلوتے بیٹے کی موت پر ماں کے بین ہیں' میرے احساسات لق و دق صحرا میں دم توڑتے پیاسے کی موت کی ہچکیاں ہیں۔ میرے خیالات میرے جھلسے ہوئے وجود کا دھواں ہیں میرا ماضی بیوہ کا لٹا ہوا سہاگ ہے۔ میرا حال پھانسی چڑھے جواں کے جسم کی تڑپ اور مستقبل شکاری کتوں کے نرغے میں پھنسا ہوا ہرن جو آسمان کی طرف منہ اٹھائے زندگی کی بھیک مانگ رہا ہو۔ یاحی یاقیوم! میرا پیٹ مردوں اور زندیقوں سے بھر چکا ہے۔ اب صبر کا دامن ہاتھوں سے چھوٹ رہا ہے۔ اب قیامت لے آ۔ اسرافیل سے کہہ دے کہ صور پھونک دے۔ اور میں اپنے پیٹ سے یہ غلاظتیں باہر پھینک دوں۔ اور تیرے فرشتے دنیا کے ان عظیم مجرموں کو پابہ زنجیر حشر کے میدان میں کھینچتے ہوئے لے جائیں۔ اور پھر تیرے حکم سے یہ جہنم میں پھینک دیئے جائیں۔ مولا! مجھ دکھی کی فریاد سن لے۔ مولا میری التجا سن۔ مولا میری التماس سن لے مولا! میری درخواست سن لے۔

سسکیاں۔ ہچکیاں۔ آنسو۔ چیخیں

بہشتی مقبرہ کے بارے میں قادیانی عقائد

بہشتی مقبرہ بہشتی لوگ :۔ حضرت مسیح موعود (مرزا غلام احمد قادیانی) نے فرمایا کہ نماز سے کوئی بیس یا پچیس منٹ پیشتر میں نے خواب دیکھا کہ گویا ایک زمین خریدی ہے کہ اپنی جماعت کی میتیں وہاں دفن کیا کریں تو کہا گیا کہ اس کا نام مقبرہ بہشتی ہے۔ یعنی جو اس میں دفن ہو گا وہ بہشتی ہو گا۔ (مکاشفات ص ۳۳ مولفہ بابو منظور الٰہی صاحب قادیانی)

جنت ارضی

فاوحی الی ربی و اشار الی ارض و قال انها الارض تحتها الجنة فمن د

فن فیھا دخل الجنتہ و انہ من الامنین ۔

ترجمہ :۔ تو خدا تعالیٰ نے مجھے وحی کی اور ایک زمین کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ وہ زمین ہے۔ جس کے نیچے جنت ہے۔ پس جو شخص اس میں دفن ہو گا وہ جنت میں داخل ہوا۔ اور وہ امن پانے والوں میں سے ہے۔ (الاستفتاء عربی ص ۵۱ مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

کشفی رنگ میں وہ مقبرہ مجھے دکھایا گیا۔ جس کا نام خدا نے بہشتی مقبرہ رکھا ہے اور پھر الہام ہوا۔

" کل مقابر الارض لا تقابل ھذا الارض " روئے زمین کی تمام مقابر اس زمین کا مقابلہ نہیں کر سکتیں۔ (مرزا غلام احمد قادیانی کے مکاشفات ۵۹ مولفہ محمد منظور الٰہی صاحب)

بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کی فیس

" تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہو گا۔ جو یہ وصیت کرے کہ اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت اسلام اور تبلیغ احکام قرآن میں خرچ ہو گا کہ ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہو گا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے۔ فیس ادا کرنے والا جہاں بھی مرے، جنتی ہے۔ اگر کوئی صاحب دسویں حصہ جائیداد کی وصیت کریں اور اتفاقاً" اس کی موت ایسی ہو مثلاً کسی دریا میں غرق ہو کر ان کا انتقال ہو یا کسی اور ملک میں وفات پاویں جہاں سے میت کو لانا متذر ہو تو ان کی وصیت قائم رہے گی اور خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسا ہی ہو گا کہ گویا وہ اس قبرستان میں دفن ہوا ہے اور جائز ہو گا کہ ان کی یادگار میں اسی قبرستان میں ایک کتبہ اینٹ یا پتھر پر لکھ کر نصب کیا جائے اور اس پر واقعات لکھے جائیں۔" (الوصیت ص ۱۱ تا ۲۳ مصنفہ مرزا قادیانی)

مرزا اور اس کے اہل و عیال کے لئے کوئی فیس نہیں

" میری نسبت اور میرے اہل و عیال کی نسبت خدا تعالیٰ نے استثناء رکھا ہے

باقی ہر ایک مرد ہو عورت ہو ان کو ان شرائط کی پابندی لازم ہو گی اور شکایت کرنے والا منافق ہو گا۔" (الوصیت ص ۱۱ تا ۲۳ مصنفہ مرزا قادیانی)

بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کی وصیت نہ کرنے والا منافق

" حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ و السلام نے فرمایا ہے جو وصیت نہیں کرتا وہ منافق ہے اور وصیت کا کم از کم چندہ ۱۰/ حصہ مال کا رکھا ہے۔" (منہاج الطالبین مجموعہ تقاریر میاں محمود احمد خلیفہ قادیان ص ۱۶)

جنت کا دروازہ کھل گیا: " اگلے زمانہ میں انبیاء اپنے بعض خاص خاص مریدوں کو بہشت میں داخل ہونے کی بشارت دیا کرتے تھے اور یہاں تو یہ نظر آتا ہے کہ بہشت کا دروازہ کھل گیا ہے صرف ذرا کھڑا ہونے اور قدم اٹھانے کی دیر ہے۔" (اخبار الفضل قادیان جلد ۲۴ نمبر ۲۵ مورخہ ستمبر ۱۹۳۶)

بہشت سے اخراج' چندہ ضبط: " بموجب ارشاد حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ جو مومن وصیت کا چندہ واجب ہونے کی تاریخ کے چھ ماہ بعد تک رقم وصیت ادا نہ کرے گا۔ نہ دفتر سے اپنی معذوری بتا کر مہلت حاصل کرے گا۔ اس کی وصیت انجمن کار پرداز ان مصالح قبرستان کو منسوخ کرنے کا کامل اختیار ہے اور جس قدر روپیہ وہ وصیت میں ادا کر چکا ہے۔ اس کے واپس لینے کا موصی کو حق نہ ہو گا۔" (سیکرٹری مقبرہ بہشتی قادیان) (اخبار الفضل قادیان جلد ۲۴ نمبر ۶۳ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۶ء)

ابوبکرؓ کے ہم پلہ: " آج تمہارے لئے ابوبکر سی فضلیت حاصل کرنے کا موقع ہے اور وہ بہشتی مقام موجود ہے جہاں تم وصیت کر کے اپنے پیارے آقا المسیح الموعود کے قدموں میں دفن ہو سکتے ہو اور چونکہ حدیثوں میں آیا ہے کہ مسیح موعود رسول کریمؐ کی قبر میں دفن ہو گا اس لئے تم اس مقبرہ میں دفن ہو کر خود رسولؐ اکرم کے پہلو میں دفن ہو گے اور تمہارے لئے اس خصوصیت میں ابوبکر کے ہم پلہ ہونے کا موقع

ہے۔" (افسر بہشتی مقبرہ کا اعلان مندرجہ اخبار الفضل قادیان جلد ۳ نمبر ۹۹ مورخہ ۲ فروری ۱۹۱۵ء)

مرزا قادیانی کی چاندی کی قبر: "ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی۔ اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے۔" (اخبار الفضل قادیان جلد ۲۴ نمبر ۵۴ مورخہ ۲ ستمبر ۱۹۳۶ء)

جب مرزا قادیانی
کو موت آئی!

مرزا قادیانی ہیضہ کا شکار ہو کر 26 مئی 1908ء کو بروز منگل بوقت ساڑھے دس بجے رات لاہور میں واصل جہنم ہوا۔ اس کی ارتھی کو مال گاڑی پر لاد کر قادیان لے جایا گیا اور قادیان کی خاک سے اٹھنے والے اس مدعی نبوت کو قادیاں ہی کی خاک میں دفن کر دیا گیا۔ اس ملعون ازلی کے مرض الموت سے موت تک اور پھر موت سے تدفین تک کے پروگرام کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

مرض:۔	ہیضہ
دن:۔	منگل
وقت:۔	رات
ٹائم:۔	ساڑھے دس بجے
موسم:۔	گرما
مہینہ:۔	مئی
تاریخ:۔	26
شہر:۔	لاہور
جائے مرگ:۔	ٹٹی خانہ
مدفن:۔	قادیاں

لاہور سے قادیاں جس سواری پر لے:۔ مال گاڑی

جایا گیا:۔

بندہ حقیر پر تقصیر کی عقل و دانش کے مطابق مندرجہ بالا سارے پروگرام کی تشکیل یوں ہوئی کہ **کذاب زمان مرتد ہندوستان** مرزائے قادیان نے کئی علمائے اسلام سے مباہلہ کیا۔ آخری مباہلہ قادیانیت پر برسنے والی شمشیر بے نیام مناظر اسلام حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ سے ہوا۔ جس میں مرزا قادیانی نے مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کو ۱۵ اپریل ۱۹۰۷ء کو ایک مطبوعہ اشتہار کے ذریعے مباہلے کا چیلنج دیا جس کا عنوان تھا۔ "مولوی ثناء اللہ صاحب کے ساتھ آخری فیصلہ" اس میں مرزا قادیانی نے مولانا صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا!

"اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں جیسا کہ آپ اکثر اوقات اپنے پرچہ میں مجھے یاد کرتے ہیں تو میں آپ کی زندگی میں ہلاک ہو جاؤں گا۔ مگر اے میرے کامل اور صادق خدا اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں جو مجھ پر لگاتا ہے حق پر نہیں تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی میں ہی ان کو نابود کر مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون اور ہیضہ کے امراض مہلکہ سے۔"

مباہلہ سنت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور مباہلہ میں جھوٹے پر اللہ کا عذاب لپک لپک کر نازل ہوا کرتا ہے کیونکہ اس مباہلہ میں مرزا قادیانی نے رب ذوالجلال سے لکھ کر درخواست کی تھی کہ مولا تو جھوٹے کو سچے کی زندگی میں مار دے۔ مباہلہ میں مرزا قادیانی جھوٹا تھا اس لئے اس کذاب کو اس کے سچے حریف مولانا امرتسریؒ کی زندگی میں مارنے کا پروگرام بن گیا لیکن سب سے پہلا سوال یہ اٹھا کہ مرزا قادیانی کو کس مرض سے مارا جائے اس سوال پر ساری بیماریاں اللہ کے حضور محو التجا ہوئیں۔

"بخار بولا! مولا تو اس کو میرے حوالے کر میں اپنی تپش سے اس کے وجود کو جلا کر خاک سیاہ بنا دوں گا۔"

"کھانسی بولی، اللہ! تو اسے میرے حوالے کر میں اس کے پھیپھڑے پھاڑ دوں گی۔"

"کینسر بولا، رب ذوالجلال! اسے میرے شکنجے میں دے میں اس کے پورے جسم کو پھوڑا بنا دوں گا۔ اور ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اس کی جان قسطوں میں نکلے گی۔"

"سر درد بولا مالک کائنات! تو مجھے اس پر مسلط کر دے میں اس کے دماغ کے پرخچے اڑا دوں گا۔"

"خارش بولی، یا حی یا قیوم! تو مجھے موقع دے میں اسے ڈانس کرا کرا کر ماردوں گی۔"

غرضیکہ ساری بیماریوں نے یہ سعادت حاصل کرنے کے لئے اپنے حق میں خوب سے خوب تر دلائل دیئے۔ ایک کونے میں مسٹر ہیضہ بیٹھا تھا۔ وہ بڑے احترام سے کھڑا ہوا اور اللہ تعالیٰ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ مولا! تیرے پاس بڑی خطرناک اور ہولناک بیماریاں ہیں میں ان کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں لیکن مولا! کیونکہ تیری ساری بیماریوں میں سب سے گندہ میں ہوں اور تیری ساری مخلوق میں سب سے گندہ یہ ہے لہٰذا اصول یہی ہے کہ گندے کو گندہ مارے۔ اس لئے مرزے کو مارنے کا حق میرا بنتا ہے۔ ماحول پر خاموشی چھا گئی اور فیصلہ ہیضہ کے حق میں ہو گیا۔

پھر سوال اٹھا کہ اس کی موت کا دن کونسا رکھا جائے؟

ہر دن اللہ سے التجائیں کرنے لگا کہ مرزے کی موت کے لئے اس کا انتخاب کیا جائے تاکہ مرزا اس کے دامن میں تڑپ تڑپ کر جان دے اور وہ اسے تڑپتا پھڑکتا دیکھ کر اپنے کلیجے کو ٹھنڈا کر سکے۔ لیکن منگل نے روتے ہوئے کہا۔ اے اللہ! مرزا قادیانی کذاب کا کہنا تھا کہ منگل کا دن بڑا منحوس ہے

(واضح رہے کہ سیرت المہدی میں مرزا بشیر احمد ایم اے صفحہ ۸ پر اپنی والدہ کے حوالے سے

لکھتا ہے کہ حضرت صاحب منگل کے دن کو اچھا نہیں سمجھتے تھے۔)

اس کے منہ سے طعن و تشنیع کے یہ نکلے ہوئے تیر میرے سینے میں پیوست ہو جاتے اور میں بلبلا اٹھتا خداوندا! اب میرے ساتھ انصاف یہی ہو گا کہ اسے منگل والے دن ہی مارا جائے تاکہ رہتی دنیا تک جن وانس اس پر لعنتوں کی بوچھاڑ کرتے رہیں ــــــ کہ دیکھو مردود جس دن کو منحوس کہتا تھا اسی دن مر گیا ــــ پھر کیا تھا منگل بازی لے گیا۔

سوال اٹھا کہ اسے دن کو مارا جائے یا رات کو؟

دن کہنے لگا میرے مالک اسے دن میں مارا جائے کیونکہ یہ اپنی نبوت کاذبہ کا سارا کام دن میں کرتا تھا ــــ لوگوں سے پیسے دن میں بٹورتا تھا ــــ بھاری رقوم کے منی آرڈر دن میں وصول کرتا تھا ــــ دن میں ہی اپنے مریدوں کی محفل سجا کر انہیں اپنے الہامات سناتا تھا ــــ دن میں ہی مناظرے اور مباحثے کرتا تھا ــــ دن میں ہی کچہری میں رشوتیں وصول کرتا تھا ــــ اکثر دن میں ہی لوگوں سے بیعت لیتا تھا ــــ میرے مالک اس نے مجھ میں بڑے گناہ کئے ہیں اس لئے میرا قرض چکایا جائے اور اسے دن میں ہی مارا جائے۔ رات گلوگیر آواز میں بولی میرے خالق! اگر فیصلہ اس کے گناہوں اور سیاہ کرتوتوں کے تناسب سے ہی کرنا ہے تو میرے مولا! میرے دل کے زخموں کی زبان سے زخمی داستانیں بھی سن۔ میرے مولا! ای پلومر کی شراب رات کو پیتا تھا ــــ بھانو سے ٹانگیں رات کر دبواتا تھا ــــ رات کو ہی ابلیس آکر اسے اپنی شیطانی وحی سے نوازتا تھا اور اگلے دن کے لئے شیطانی پروگرام عطا کرتا تھا ــــ رات کو ہی عریاں اور حیا سوز شاعری کرتا تھا ــــ رات کے اندھیرے میں ہی اپنی باطل تصانیف کا فعل شنیع سرانجام دیتا تھا ــــ لوگوں سے سارے دن کا بٹورہ ہوا چندہ رات کو ہی گنتا تھا اور خوشی سے آوارہ قہقہے لگاتا تھا ــــ رات کو ہی ٹیچی ٹیچی سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرتا تھا۔ اور پھر جب یہ شیطانی کام کرتے کرتے تھک جاتا تو بستر پر دراز ہو جاتا اور پھر رات کی تاریکی اور سناٹے میں نوجوان لڑکیاں اسے پنکھا جھلنے لگتیں اور یہ ننگ انسانیت بے حیائی کی ہواؤں میں بے غیرتی کی نیند سو جاتا ــــ رات ہچکیاں لے لے کر روتی ہوئی کہنے لگی میرے مالک! میرے زیر زبان اور میرے دل کی تہوں میں ایسی ایسی داستانیں چھپی ہوئی ہیں کہ اگر شرم و حیا مجھے بیان کرنے کی اجازت دیں تو دن خود ہی میرے حق میں دست بردار ہو جائے گا ــــ

جواباً دن نے بھی تڑپ کر دلائل کی مشین گن چلا دی دونوں طرف کے دلائل بڑے وزنی تھے ــــ لہٰذا دونوں کو راضی کرتے ہوئے فیصلہ ہوا کہ مرزا کو رات کو مارا جائے گا اور دن میں اس کا جنازہ نکالا جائے گا۔ یوں رات نے فرسٹ پوزیشن اور دن نے سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔

یہ فیصلہ تو ہو گیا کہ مرزا رات کو مردار ہو گا لیکن پھر سوال اٹھا کہ رات کو کتنے بجے مارا جائے۔

ایک بولا! اسے رات کے ایک بجے مارا جائے کیونکہ اس نے خدائے واحد کی شان میں بڑی ہرزہ سرائی کی ہے۔

دو بولا! اسے رات کے دو بجے ختم کیا جائے کیونکہ یہ روئے زمین پر کائنات کی دو عظیم ہستیوں یعنی اللہ اور رسول اللہ کا سب سے بڑا دشمن ہے۔

تین بولا! نہیں اسے تین بجے نچوڑا جائے کیونکہ اس نے اللہ، رسول اللہ اور کتاب اللہ پر بڑے رکیک حملے کئے ہیں۔

چار بولا! نہیں نہیں اسے چار بجے مروڑا جائے کیونکہ یہ نبیؐ کے چار یاروں اور اللہ کے پیاروں سے انتہائی بغض و عناد رکھتا ہے۔

اسی طرح دیگر اعداد اپنے اپنے حق میں بڑے مضبوط اور قوی دلائل دیتے رہے۔ سب سے آخر میں "دس" اٹھا اور عرض کرنے لگا۔

اے سمیع و علیم! اگر اسے ایک بجے مارا جائے تو اسے ایک جرم کی سزا ملے گی۔

اگر اسے دو بجے "کلین بولڈ" کیا گیا تو اسے صرف دو جرائم کی سزا ملے گی۔ اگر اسے تین بجے "ٹھاہ" کیا گیا تو اسے صرف تین جرائم کا مرتکب سمجھا جائے گا۔

اگر اسے چار بجے رگڑا گیا تو اسے صرف چار جرائم کا مرتکب سمجھا جائے گا۔ اسی طرح اگر رات کے بارہ بجے بھی اس کا خاتمہ کیا گیا تو اس کی فرد جرم میں صرف بارہ جرائم ہونگے لیکن میرے مالک! اس کے جرائم تو ان گنت اور بے شمار ہیں۔ میرے مولا! معاشرے میں جو شخص ہر سمت ہر پہلو سے اور ہر جہت سے مجرم ہو اسے "دس نمبریا" کہا جاتا ہے۔ کیونکہ مرزا قادیانی ہر پہلو۔ ہر سمت۔ اور ہر جہت سے اسلامی دنیا کا مجرم اعظم ہے۔ لہٰذا اس کے تمام جرائم کو ایک "اصطلاح" "دس نمبریا" قرار دے سکتے ہیں اور کیونکہ یہ دس نمبریا ہے اس لئے اسے دس بجے مارا جائے۔ نہیں بلکہ یہ تو "دس نمبریا" سے بھی بڑھ کر "ساڑھے دس نمبریا" ہے۔ لہٰذا اسے ساڑھے دس بجے مارا جائے۔ دس کا جواب بڑا منطقی اور عقل و دانش پر مبنی تھا۔ اس لئے فوری طور پر مرزا قادیانی کی موت کا وقت ساڑھے دس بجے مقرر ہو گیا۔

پھر سوال اٹھا کہ مرزا قادیانی کو کس موسم میں مارا جائے گرمی میں یا سردی میں؟

گرمی نے گرم گرم دلائل دیتے ہوئے کہا۔ اے خدا! اسے گرمی کے موسم میں مردار کر کیونکہ اگر یہ سردی کے موسم میں مرا تو اس کی میت بے حیثیت ایک دو دن نکال جائے گی۔ اور اگر گرمی میں مرا تو لمبا جشن ہو جائے گا۔ ایک غلیظ مرتد مردہ، اوپر سے ہیضہ کی موت۔ منہ اور مقعد

سے غلاظت کا اخراج مسلسل، کفن کا غلاظت میں لتھڑا جانا اور اوپر سے چلچلاتی اور جلاتی دھوپ. میت سے بدبو کے ایسے بھبھو کے اٹھیں گے کہ قادیانیوں کے دماغ پھٹ جائیں گے۔ جنازے کا جلوس جہاں سے گذرے گا بدبو کی تاب نہ لاتے ہوئے لوگ بھاگ جائیں گے۔ اور اس جعلی نبی پر لعنتوں کے ڈونگرے برسائیں گے۔

گرمی کے دلائل سننے کے بعد سردی نے گرمی کی افادیت پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے گرمی کے حق میں دستبردار ہونے کا اعلان کر دیا اور یوں مرزا قادیانی گرمی کے سپرد کر دیا گیا۔

موسم تو گرمی کا طے ہو گیا لیکن پھر سوال اٹھا کہ مہینہ کونسا رکھا جائے؟

موسم گرما میں آنے والے سارے مہینے ماہر قانون دانوں کی طرح اپنے اپنے حق میں خوب سے خوب تر دلائل دینے لگے۔ لیکن ماہ مئی سب پر سبقت لے گیا۔ مئی رب کے حضور نہایت ادب اور احترام کے ساتھ عرض کرنے لگا اے رب ذوالجلال! موسم گرما کا آغاز مجھ ہی سے ہوتا ہے۔ میرے آتے ہی لوگ کہنے لگتے ہیں کہ گرمی آگئی اور گرمی سے نمٹنے کے انتظامات کرنے لگتے ہیں ویسے تو سارے مئی میں گرمی اپنے جوبن پر ہوتی ہے لیکن اگر مئی کے آخری عشرے کا انتخاب کر لیا جائے تو یہ سونے پہ سہاگے والا کام ہو گا اور مرزے کی موت کا جشن بھی جوبن پر ہو گا۔ میری نوکیلی اور آگ برساتی ہوئی کرنیں مرزے کے جسم سے بدبو. تعفن اور سڑاند کے ایسے طوفان اٹھائیں گی کہ الامان والحفیظ۔ اس کے علاوہ میرا ایک قدرتی حق بھی بنتا ہے کہ م سے مئی اور م سے مرزا قادیانی۔ م سے مئی اور م سے ہی مسیح کذاب۔ م سے مئی اور م سے منارۃ المسیح۔ م سے مئی اور م سے مرتد۔ ماہ مئی بولے جا رہا تھا اور سارے مہینے چپ سادھے اس کے دلائل سن رہے تھے فیصلہ میرٹ پہ ہو گیا اور مئی فاتح قرار پایا۔ ہیضے نے انتہائی سرعت کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے بڑی گرم جوشی سے مئی سے مصافحہ کیا اور فرط مسرت سے بغلگیر ہو گیا کہ اچھی ٹیم تیار ہو رہی ہے!

پھر سوال اٹھا کہ مئی کی تاریخ کون سی رکھی جائے؟

ہر تاریخ کو باری باری بولنے کا موقع دیا گیا۔ ساری تاریخوں نے یہ "سعادت" حاصل کرنے کے لئے دلائل و براہین کے دریا بہا دیئے لیکن جب 26 تاریخ نے اپنے انمول دلائل دینے شروع کئے تو ساری تاریخیں اس کی ذہانت اور فطانت پہ عش عش کر اٹھیں اور ماحول علم و حکمت کی ہواؤں سے جھومنے لگا۔ 26 تاریخ اللہ کے حضور التجا کرتے ہوئے کہنے لگی۔ "اے رب السمٰوات والارض! اس نبی کاذب کا پورا نام "مرزا غلام احمد قادیانی نبی فرنگ ہے" اگر اس کے پورے نام کے حروف تہجی کو گنا جائے تو وہ پورے چھبیس بنتے ہیں اس لئے یہ میرا قدرتی اور فطری حق ہے۔" پھر 26 تاریخ نے مرزا قادیانی کے پورے نام کے حروف تہجی گنواتے ہوئے کہا۔

مرزا = م۔ ر۔ ز۔ ا = 4

غلام = غ۔ ل۔ ا۔ م = 4

احمد = ا۔ ح۔ م۔ د = 4

قادیانی = ق۔ ا۔ د۔ ی۔ ا۔ ن۔ ی = 7

نبی = ن۔ ب۔ ی = 3

فرنگ = ف۔ ر۔ ن۔ گ = 4

ٹوٹل = 26

26 مئی کی اس انوکھی، نرالی اور اچھوتی دلیل پر سب نے اسے مبارکباد دی اور انہیں مبارک بادوں کی صداؤں میں 26 تاریخ کو فتح کا گولڈ میڈل دے دیا گیا۔

موت کی تاریخ مقرر کرنے کے بعد پھر سوال اٹھا کہ مرزا قادیانی کو کس شہر میں مارا جائے خدا کی دھرتی پر بسنے والے سارے شہر جھولیاں پھیلا پھیلا کر اللہ سے یہ مراد طلب کرنے لگے ہر ایک نے رب العزت کو مرزا قادیانی کے بارے میں اپنے غم و غصہ سے آگاہ کیا۔

شہر لاہور اپنی باری پر بڑے وقار سے اٹھا اور گویا ہوا، خداوندا! ہر شہر تیرے رسولؐ کے دشمن کو دبوچنے کے لئے تڑپ رہا ہے اس کی تڑپ اپنے پیچھے شعلہ زن جذبات لئے ہوئے ہے۔ لیکن اے مختار کل! اس کا میرے ذمہ ایک قرض ہے جو مجھے چکانا ہے آج سے کچھ برس قبل اس دجال نے تیرے ولی کامل پیر مہر علی شاہ گولڑوی کو لاہور کی شاہی مسجد میں مناظرے کا چیلنج دیا تھا۔ جواب میں حضرت پیر صاحب نے کہا تھا، اے مرزا قادیانی! تو بادشاہی مسجد میں آ۔ ایک مینار پر تو چڑھ جا اور دوسرے پر میں چڑھ جاتا ہوں اور دونوں چھلانگ لگاتے ہیں جو سچا ہو گا بچ جائے گا جو جھوٹا ہو گا مر جائے گا۔ اس دن میں بڑا خوش تھا کہ شکار قابو آ گیا۔ اور اپنے نصیبوں پر رشک کر رہا تھا۔ لیکن عین وقت پر عیار مرزا قادیانی میدان سے فرار ہو گیا اور میں دانت پیستا رہ گیا۔ اور اس وقت سے آج تک انتقام کے شعلوں میں جھلس رہا ہوں۔ میرا وجود انگارہ بن چکا ہے۔ کریما! تو اسے میرے حوالے کر دے تاکہ میں اپنے جھلستے ہوئے کلیجے کو ٹھنڈا کر سکوں۔ مولا! میں یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ بعد از موت اس کے جنازے کے ساتھ جو سلوک لاہور کے جیالوں نے کرنا ہے وہ کوئی اور شہر نہیں کر سکتا۔ اور پھر میں اپنی دور بین نگاہوں سے یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ 1953 کی ختم نبوت کی تحریک میں لاہور کی بہادر مائیں اپنے دس ہزار سجیلے جوان بیٹے تیرے نبیؐ کی عزت و ناموس پر نثار کر دیں گی۔ لاہور نے اپنا مقدمہ خوب لڑا اور فاتح ٹھہرا۔

مسٹر ہیضہ نے زیر لب مسکراتے ہوئے لاہور کو مبارکباد دی اور آنکھوں کی زبان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انشاء اللہ جلد ہی لاہور میں ملاقات ہو گی۔

یہ مسئلہ تو طے ہو گیا کہ مرزا قادیانی لاہور میں مرے گا۔ لیکن پھر یہ سوال اٹھا کہ لاہور میں کس مقام پر مرے گا۔ سوال سنتے ہی "ٹٹی خانہ" جست لگا کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا! اے مالک! لوگ میدانوں میں مرتے ہیں۔۔۔ صحراؤں میں مرتے ہیں۔۔۔ کوہساروں میں مرتے ہیں۔۔۔ سمندروں میں مرتے ہیں۔۔۔ فضاؤں میں مرتے ہیں۔۔۔ شاہراہوں پر مرتے ہیں۔۔۔ گلیوں میں مرتے ہیں۔۔۔ مکانوں میں مرتے ہیں۔۔۔ کمروں میں مرتے ہیں۔۔۔ برآمدوں میں مرتے ہیں۔۔۔ باورچی خانوں میں مرتے ہیں۔۔۔ حتیٰ کہ غسل خانوں میں مرتے ہیں۔۔۔ لیکن ٹٹی خانوں میں کوئی نہیں مرتا۔ کریما! میری بھی ایک حیثیت ہے، میرا بھی ایک محل وقوع ہے، میرا بھی ایک جغرافیہ ہے۔ ایک موت میرے اندر بھی ہو جائے۔ اگر اس جیسا گندہ انسان بھی مجھ میں نہ مرا تو قیامت تک مجھ میں کوئی نہیں مرے گا۔ اور اس کے ساتھ ہی ٹٹی خانہ ہچکیاں لے لے کر رونے لگا۔ رب العزت کو اس پر ترس آ گیا۔ اور فیصلہ ٹٹی خانہ کے حق میں ہو گیا ٹٹی خانہ نے فوراً ہچکیاں روک لیں اور ایک زور دار قہقہہ لگایا اور پورا ماحول زعفران زار بن گیا۔

پھر سوال اٹھا کہ مرزا قادیانی کو دفن کس شہر میں کیا جائے؟

سوال سنتے ہی سارے شہر پر ہیڈ کرتے ہوئے سپاہیوں کی طرح الرٹ ہو گئے۔ لیکن قادیان نے اجازت طلب کر کے سب سے پہلے اپنا خطاب شروع کیا۔ قادیان روتا، کانپتا بے تکان بولتا ہوا کہہ رہا تھا۔

اے عادل اعظم! اس نے میری کوکھ سے جنم لیا۔۔۔ میری فضاؤں اور ہواؤں میں پلا بڑھا۔ اپنے نام کے ساتھ میرا نام لکھا۔ مجھے ہی اس نے اپنی نبوت کا مرکز بنایا۔۔۔ اس کے برپا کردہ فتنہ کو میرے نام سے منسوب کیا جانے لگا یعنی فتنہ قادیان۔۔۔ اس لعین نے میرے وجود کو گالی بنا دیا۔۔۔ میری عزت خاک میں ملا دی۔۔۔ دنیا میں مجھے ذلیل و رسوا کر دیا۔۔۔ میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہا۔۔۔ دیگر شہر مجھے مذاق اور ٹھٹھہ کرنے لگے۔۔۔ میرے دن کانٹوں پر اور میری راتیں انگاروں پر بسر ہونے لگیں۔۔۔

اب اسے دفن کرنے کا پروگرام ہے تو میری یہ التجا ہے کہ میری دھرتی پہ پلنے والا یہ زہریلا سانپ میرے ہی سپرد کیا جائے تاکہ قبر میں لٹا کر میں اس کی پسلیاں توڑ سکوں۔۔۔ لپکتے شعلوں میں اسے جلتا دیکھ سکوں۔۔۔ برستے کوڑوں میں اس کی چیخیں سن سکوں۔۔۔ بچھوؤں کو اس کے غلیظ دماغ پر ڈنک مارتا دیکھ سکوں اور سانپوں کو اس کی آوارہ زبان نوچتے ملاحظہ کر سکوں۔ مولا! یہ میرے ارمان ہیں جو میرے دل میں ایک لمبی مدت سے مچل رہے ہیں۔ خداوند! میری یہ التجائیں قبول کر لے۔ قادیان کے دلائل اتنے مبنی بر حقیقت تھے کہ فوراً قادیان کے حق میں فیصلہ سنا دیا گیا۔

پھر سوال اٹھا کہ مرزا قادیانی مرے گا تو لاہور میں اور دفن قادیان میں ہو گا۔ اس کے جنازے کو کس سواری پر رکھ کر قادیان لے جایا جائے گا؟

یکہ بولا! اسے میرے حوالے کر دے میں دولتیاں جھاڑ جھاڑ کر اس کا منہ توڑ دوں گا۔

کار بولی! اے مولا! اسے میرے سپرد کر دے میں راستے میں کسی ویرانے میں جا کر پنکچر ہو جاؤں گی اور یہ وہیں گل سڑ جائے گا۔

بس بولی۔ یا جبار! اسے مجھ میں سوار کر دے میں راستے میں خراب ہو جاؤں گی۔ یہ تو سڑاند سے پھول کر دوگنا ہو جائے گا۔ باقی قادیانی دھکا لگا کر پھول کر چوگنے ہو جائیں گے۔

آخر میں مال گاڑی بولی، اے قہار! یکے میں انسان سفر کرتے ہیں۔ کار میں بھی انسان سفر کرتے ہیں اور بس میں بھی انسان سفر کرتے ہیں لیکن مجھ میں بھیڑ، بکریاں، گدھے، گھوڑے، چھترے، دنبے، گائیں، بھینسیں، مرغیاں، بطخیں، کتے اور خنزیر لاد کر ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچائے جاتے ہیں۔ اے عادل اعظم! یہ انسان کے روپ میں جانوروں سے بدترین مخلوق ہے۔ لہٰذا اس کا صرف مجھ میں سوار ہونے کا حق بنتا ہے۔ لہٰذا میں آپ کی عدالت میں بڑی عاجزی اور انکساری سے درخواست کرتی ہوں کہ مجھے میرا حق عنایت کیا جائے۔ مال گاڑی کے دلائل بڑے وزنی تھے۔ لہٰذا مال گاڑی کو اس کا مال دے دیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی پروگرام مکمل ہو گیا۔ اور سیل کر دیا گیا۔ وقت مست خرام ندی کی طرح چلتا رہا ـــ لیل و نہار کی گردش جاری رہی ـــ سورج مشرق کی کوکھ سے طلوع ہو کر مغرب کی لحد میں ڈوبتا رہا۔ کئی صبحیں ہوئیں اور کئی شامیں گزر گئیں ـــ آخر 26 مئی آ گیا ـــ منگل کا دن آ گیا ـــ مسٹر ہیضہ مسلح ہو کر لاہور پہنچ گیا ـــ مرزا قادیانی 26 مئی بروز منگل اپنے ایک مرید کے گھر واقع برانڈرتھ روڈ لاہور وارد ہوتا ہے ـــ مریدوں کے ہجوم میں شیطانی گفتگو کا دور چل رہا ہے ـــ دن اپنی مسافت طے کر کے اپنے لبادوں سمیت رخصت ہو چکا ہے ـــ رات کی جادوگرنی نے اپنی سیاہ زلفیں کھول کر تاریکیوں کے خیمے گاڑ دیئے ہیں ـــ رات کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے ـــ دسترخوان بچھ گیا ہے ـــ پلاؤ، قورمہ، مرغا، حلوہ، فرنی، تیتر اور بٹیر اپنی بہار دکھا رہے ہیں اور خوشبوئیں بکھیر رہے ہیں ـــ پیٹ کا حریص مرزا قادیانی دونوں ہاتھوں اور بتیس دانتوں سے کھانے کا صفایا کر رہا ہے ـــ کہیں مرغے پہ حملہ ہے کہیں بٹیر پہ یلغار ہے ـــ کہیں پلاؤ سے دست پنجہ ہے اور کہیں فرنی پہ شب خون ہے ـــ پیٹ کا مٹکا بھر چکا ہے لیکن نیت کا مٹکا خالی ہے ـــ سامنے مسٹر ہیضہ کھڑا مسکرا رہا ہے اور حملے کے سگنل کا منتظر ہے ـــ آن واحد میں ہیضہ ماہر کمانڈو کی طرح حملہ آور ہوتا ہے اور مرزا قادیانی کے پیٹ میں مروڑ اٹھتا ہے ـــ پیٹ کو سنبھالتا ہوا لیٹرین کی طرف بھاگتا ہے ـــ فارغ ہو کر آتا

ہے کہ فوراً دوسرا دست شلہ کر کے آجاتا ہے پھر گولی کی رفتار سے لیٹرین کی طرف دوڑتا ہے ـــ کمزوری اور نقاہت جسم پر قبضہ کر لیتی ہیں جب فارغ ہو کر آتا ہے تو رات کو سورج نظر آرہا ہوتا ہے ـــ چارپائی پر لٹا دیا جاتا ہے ـــ پھر اتنی ہمت نہیں رہتی کہ اٹھ کر لیٹرین میں جائے ـــ چارپائی کے ساتھ عارضی لیٹرین بنا دی جاتی ہے ـــ مسٹر ہیضہ اپنی سپیڈ تیز کر دیتے ہیں ـــ دست مشین گن کی گولیوں کی طرح وارد ہونے لگتے ہیں ـــ دستوں اور زندگی میں دست بدست لڑائی ہونے لگتی ہے ـــ مرزا قادیانی چارپائی پر گر گیا ہے نبضیں ڈھیلی پڑ گئی ہیں ـــ ماتھے پر ٹھنڈے پسینے آگئے ہیں ـــ نتھنے پھیل رہے ہیں ـــ آنکھیں پتھرا رہی ہیں اور انگریزی نبوت کا جسم "ٹوسٹ" کر رہا ہے قادیانی بھاگم بھاگ ڈاکٹروں کو لے آتے ہیں ـــ ڈاکٹر انگریزی نبی کے جسم میں انگریزی ٹیکے لگا رہے ہیں ـــ لیکن فاتح مرزا قادیانی "مسٹر ہیضہ" مرزا قادیانی کو چاروں شانے چت گرا کر سینے پر سوار ہو چکا ہے ـــ دیوار پہ لگی گھڑی کی سوئیاں آہستہ آہستہ رینگ رہی ہیں ـــ لیجئے ساڑھے دس بجنے میں چند ساعتیں باقی ہیں ـــ موت گھر کی دیوار عبور کر چکی ہے ـــ اور فرشتہ اجل نے فولادی ہاتھوں سے غلیظ جسم سے روح نکال لی ہے ـــ اور مرزا قادیانی زندگی کی پچ پر ہیضہ کی تباہ کن باؤلنگ سے کلین بولڈ ہو گیا ہے ـــ فضاؤں میں قادیانی زبانوں کی چیخیں بلند ہوتی ہیں ـــ نالہ و شیون شروع ہو جاتے ہیں ـــ گریہ و زاری کا بازار گرم ہو گیا ہے ـــ کفر بے سہارا ہو گیا ہے ـــ ابلیس کا لاڈلا بیٹا داغ مفارقت دے گیا ہے ـــ ملکہ وکٹوریہ کا چہیتا بھائی مر گیا ہے ـــ فرنگی کا نبی انتقال کر گیا ہے ـــ ٹیچی ٹیچی کا یار یارانہ توڑ گیا ہے ـــ مسیلمہ کذاب کا سانڈو منہ موڑ گیا ہے ـــ جھوٹ کا ابا مر گیا ہے ـــ خباثت کا تایا فوت ہو گیا ہے ـــ دجل و فریب کا خالو چل بسا ہے ـــ عریانی فحاشی کا پھوپھا خاموش ہو گیا ہے اور گالیوں کا ہیڈ ماسٹر جہنم میں ٹرانسفر ہو گیا ہے۔

مرید کے گھر میں مرزا قادیانی کی لاش پڑی ہے ـــ بدبو نے اپنے جوہر دکھانے شروع کر دیئے ہیں ـــ لاہور میں مرزا قادیانی کی موت کی نوید مسرت باد صبا کی طرح پھیل جاتی ہے ـــ اور عاشق رسول اہل لاہور اس فرنگی نبی کو "کڑاہی توپوں" کے اکیس اکیس "کڑاہی گولوں" کی سلامی دینے کی خفیہ تیاری شروع کر دیتے ہیں ـــ گھروں کا سارا کوڑا کرکٹ کڑاہیوں میں ڈال کر چھتوں کی منڈیروں پر رکھ دیا جاتا ہے ـــ برانڈرتھ روڈ سے مرزا قادیانی کا جنازہ نکل کر ریلوے سٹیشن روانہ ہوتا ہے ـــ جونہی جنازے کا جلوس مرید کے گھر سے سرکتا ہے مرزے کی لاش پر "کڑاہی توپوں" کی سلامی شروع ہو جاتی ہے ـــ کڑاہیوں کے گولے فضا میں رقص کرتے ہوئے آتے ہیں اور مرزا قادیانی کا منہ چوم چوم جاتے ہیں ـــ ایسی تاریخی "کڑاہی باری" ہوتی ہے کہ مرزا قادیانی غلاظت میں ڈوب ڈوب جاتا ہے ـــ حفاظت کے لئے آئے ہوئے سپاہیوں کی وردیاں

بھی غلاظت سے بھر جاتی ہیں ـــــ بڑی مذمت اور مرمت کے بعد میت کو ریلوے سٹیشن پر لایا گیا ـــــ میت کو قادیاں لے جانے کے لئے مال گاڑی میں بکنگ کرائی جانے لگی ـــــ لیکن جب اصول پرست اور اکھڑ ریلوے افسر کو پتہ چلا کہ مرزے کی موت ہیضہ سے ہوئی ہے تو اس نے ریلوے قانون کے مطابق یہ کہہ کر صاف انکار کر دیا کہ ہیضہ ایک وبائی مرض ہے۔ اس لئے خطرہ کے پیش نظر میت کو بک نہیں کیا جا سکتا ـــــ قادیانی بھاگم بھاگ اعلیٰ انگریز ریلوے افسر کے پاس پہنچے اور رو رو کر کہنے لگے. جناب آپ کا انگریزی نبی ریلوے سٹیشن پر بے یارو مدد گار پڑا ہے ـــــ مسلمان ٹھٹھہ و مذاق کر رہے ہیں ـــــ اور ہم آپ کے بنائے ہوئے نبی کے خادم ذلت کی خاک چاٹ رہے ہیں ـــــ اعلیٰ ریلوے حکام کی طرف سے سپیشل حکم کے تحت میت کو مال گاڑی میں بک کیا جاتا ہے اور مرزا قادیانی بکروں، چھتروں، دنبوں، گائیوں، بھینسوں، گدھوں، گھوڑوں، مرغیوں، بطخوں اور خنزیروں کی رفاقت میں قادیاں روانہ ہو جاتا ہے ـــــ قادیاں میں چند نفوس اس کا نام نہاد جنازہ پڑھتے ہیں اور پھر قادیان کی غلاظت کو قادیان میں گاڑ دیا جاتا ہے ـــــ

آتش افشاں ہے زمیں ایسی جگہوں سے کہ جہاں!
لقمہ خاک ہوئے زہر اگلنے والے

(از بہزاد لکھنوی)

نوکر وڈھی دا

ایک بچپن سالہ بڈھے کھوسٹ کی کہانی جو ایک اٹھارہ سالہ دوشیزہ پر لٹو ہو گیا۔

جس نے جھوٹی نبوت کا سارا چندہ بیگم کی فرمائشیں پوری کرنے کیلئے وقف کیا ہوا تھا۔

ملکہ ہندوستان ملکہ وکٹوریہ کے غلام کی رنگین و سنگین داستان جو ملکہ قادیان کا بھی غلام تھا۔

نبی قادیان مرزا قادیانی کی گھریلو زندگی کے خفیہ گوشوں کی تقریب رونمائی۔

مسیلمہ ہند مرزا قادیانی زندگی کی پچپن خزائیں دیکھ چکا ہے۔ بڑھاپے کے سیاپے شروع ہو چکے ہیں۔ چہرے پر جھریاں بریک ڈانس کر رہی تھیں۔ بیماریوں نے نبی افرنگ کے جسم کو اپنے باپ کی جاگیر سمجھ کر قبضہ کر لیا تھا۔ اعصاب ڈھیلے پڑ چکے تھے۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں مزید سکڑ گئی تھیں۔ دائیں آنکھ تو بالکل ہی سمارٹ ہو گئی تھی۔ ای پلومر کی شراب کی بوتلیں غٹاغٹ پینے کے باوجود چہرے کا رنگ خزاں رسیدہ پتوں کی طرح زرد تھا۔ پچیس سال کی مسلسل افیم خوری نے دماغ کا ستیا ناس کر دیا تھا اور اللہ اور اس کی مخلوق کی لاتعداد لعنتیں برسنے کی وجہ سے چہرہ "لعنت ہاؤس" بن چکا تھا۔ ان تمام مصائب میں جکڑے ہونے کے باوجود مرزا قادیانی کا بیمار دل ایک اٹھارہ سالہ لڑکی نصرت جہاں پر لٹو ہو جاتا ہے۔ مرزا قادیانی اس دوشیزہ کے حصول کے لئے دیوانہ وار کوششیں کرتا ہے۔ آخر لڑکی کی ماں کے تعاون سے رشتہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور یوں ایک اٹھتی ہوئی جوانی اور ایک گرتا ہوا بڑھاپا شادی کے بندھن میں بندھ جاتے ہیں۔ شادی کے بعد مرزا قادیانی دربار زوجہ کا غلام بن جاتا ہے۔ بیگم کے قدموں میں بچھ بچھ جاتا ہے۔ اس کے اشارہ ابرو پر ناچتا ہے اور ذرا سی آواز دینے پر بوتل کے جن کی طرح حاضر ہو کر کہتا ہے کہ "کیا حکم ہے۔ میرے آقا!" انگریزوں اور مریدوں سے بٹوری ہوئی دولت اس کی ہر ہر خواہش پہ لٹاتا ہے۔ نصرت جہاں بیگم گھر پر مکمل کنٹرول حاصل کر لیتی ہے اور مرزا قادیانی گھر میں صرف "نوکر دوہٹی دا" بن کے رہ جاتا ہے۔ یہ "نوکر دوہٹی دا" کس اعلیٰ پائے کا تابعدار و فرمانبردار تھا' اس کے لئے قادیانی کتابوں کے حوالے شہادت کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔

جاناں سب کچھ تیرے لئے:۔ "ایک دفعہ چٹھی رساں منی آرڈر لے کر آیا اور دروازہ پر آواز دی تو حضرت ام المومنین نے ایک خادمہ کو بھیج کر سارے فارم منگوا لئے۔ چٹھی رساں اس انتظار میں کھڑا رہا کہ حضرت صاحب دستخط کر کے فارم بھیج دیں گے تو میں اندر روپیہ بھیج دوں گا جب دیر ہو گئی اور فارم نہ آئے تو حضرت صاحب خود باہر تشریف لائے۔ جب حضرت صاحب کو معلوم ہوا کہ فارم بیوی صاحبہ کے پاس ہیں تو آپ نے بیوی صاحبہ سے کہا کہ فارم ہمیں دے دو چٹھی رساں انتظار

کر رہا ہے۔ بیوی صاحبہ نے کہا ہم نہیں دیتے۔ تب آپ تھوڑی دیر خاموش رہے اور پھر فرمایا آپ ان فارموں کو کیا کریں گے۔ بیوی صاحبہ نے کہا کہ آپ ہر روز روپیہ منگواتے ہیں آج روپیہ ہم منگوائیں گے۔ (یعنی ففٹی ففٹی ۔ ناقل) حضرت صاحب اس پر کچھ ناراض نہ ہوئے۔ نہ غصہ کا اظہار کیا بلکہ خندہ پیشانی سے فرمایا کہ وہ تو روپیہ ہمارے دستخطوں کے بغیر نہیں دے گا۔ لاؤ ہم دستخط کر دیتے ہیں پھر آپ ہی روپیہ منگوا لیں۔ اس پر بیوی صاحبہ نے فارم دے دیئے اور حضرت صاحب نے دستخط کر کے پھر فارم ان کو دے دیئے" بہت اچھا کیا آخر گھر میں بھی تو رہنا تھا۔ (ناقل) (الفضل ۴۶ ۔ ۴ ۔ ۳)

بڑا مزہ ہے تیرے ساتھ ٹہلنے میں :۔ " بیان کیا مجھ سے مولوی نورالدین صاحب نے کہ ایک دفعہ حضور کسی سفر میں تھے۔ جب سٹیشن پر پہنچے تو ابھی گاڑی آنے میں دیر تھی۔ آپ بیوی صاحبہ کو ساتھ لے کر سٹیشن کے پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگ گئے۔ یہ دیکھ کر مولوی عبدالکریم صاحب نے مجھے (یعنی مولوی نورالدین کو) کہا کہ پلیٹ فارم پر بہت لوگ ہیں' وہ حضرت صاحب اور بیوی کو اکٹھا پھرتے دیکھ کر کیا کہیں گے۔ آپ حضرت صاحب سے عرض کریں کہ بیوی صاحبہ کو الگ بٹھا دیں۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میں تو نہیں کہتا آپ کہہ کر دیکھ لیں۔ ناچار مولوی عبدالکریم خود حضرت صاحب کے پاس گئے اور کہا کہ لوگ بہت ہیں۔ بیوی صاحبہ کو ایک طرف بٹھا دیجئے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ " جاؤ جی میں ایسے پردہ کا قائل نہیں" (سیرت المہدی جلد اول ص ۶۳ مصنفہ مرزا بشیراحمد ابن مرزا قادیانی)

عجیب ڈھیٹ آدمی تھا۔ مرید غیرت سے دانت پیس رہا ہے۔ جل بھن رہا ہے لیکن مجسمہ بے غیرتی مرزا قادیانی کو شرم ہی نہیں آ رہی۔ بیوی کو ساتھ لئے پلیٹ فارم پر ٹہل رہا ہے۔ لوگ دیکھ رہے ہیں لیکن ماڈرن جوڑا تماشہ بنے اپنی چہل قدمی میں مگن ہے۔

میں نوکر تیرا :۔ کذاب قادیاں فسٹ کلاس رن مرید تھا۔ بیوی کے اشارہ ابرو پر صدقے واری جاتا۔ دربار زوجہ سے جو حکم ملتا فوراً سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔ سارے

مریدوں کی جیبیں کاٹ کر سب کچھ بیوی کے قدموں میں ڈھیر کر دیتا۔ " مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی اپنی کتاب سیرت المہدی میں لکھتا ہے' مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے اپنی کتاب " سیرت المسیح موعود" میں لکھا ہے کہ "اندرون خانہ کی خدمت گار عورتوں کو میں نے بارہا خود تعجب سے کہتے سنا ہے کہ مرجا بیوی دی گل بڑی مندا اے" مرزا بیوی کی بات بہت مانتا ہے۔ (سیرت المہدی جلد اول ص ۲۵۹ مصنفہ بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

تجھ سے گلہ نہیں :۔ مرزا قادیانی کی گھر میں کیا وقعت اور اہمیت تھی' ملاحظہ ہو

" منشی عبدالخالق صاحب لاہوری نے کمال محبت اور دوستی کی بنا پر بیماری کی نسبت پوچھا اور عرض کیا کہ آپ کا کام بہت نازک ہے اور آپ کے سر فرائض کا بھاری بوجھ ہے آپ کو چاہئے کہ جسم کی صحت کی رعایت کا خیال رکھا کریں اور ایک خاص مقوی غذا لازماً اپنے لئے ہر روز تیار کرایا کریں۔ حضرت نے فرمایا ہاں بات تو درست ہے اور ہم نے کبھی کبھی کہا بھی ہے مگر عورتیں کچھ اپنے ہی دھندوں میں مصروف رہتی ہیں اور ان باتوں کی پرواہ نہیں کرتیں" (سیرت المسیح الموعود ص ۷)

یہ سارا چندہ تیرے لئے :۔ " لدھیانہ کا ایک شخص تھا جس نے ایک دفعہ مسجد میں مولوی محمد علی صاحب' خواجہ کمال الدین صاحب اور شیخ رحمت اللہ کے سامنے کہا کہ جماعت مقروض ہو کر اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ کاٹ کر چندہ میں روپیہ بھیجتی ہے مگر یہاں بیوی صاحبہ کے کپڑے اور زیورات بن جاتے ہیں" (خطبہ میاں محمود احمد خلیفہ قادیان اخبار الفضل جلد ۲۶ ص ۳۳۰' ۲۱ اگست ۱۹۳۸ء)

سچ ہی تو کہا تھا دل جلے مرید نے۔ وہ تنگی کاٹ کر چندہ دے اور " مسز مرزا قادیانی" مریدوں کے چندوں سے نت نئے زیورات بنا بنا کر اپنی زیبائش و نمائش میں مصروف ہو۔ چندہ چور اور حرام خور مرزا قادیانی نے اپنی لاڈلی اور چہیتی بیوی نصرت جہاں بیگم کو جو زیورات پہنائے اس کی تفصیل دیکھئے اور سوچئے کہ ایک شخص جو پہلے کچہری میں منشی تھا' پھر گھر آ کر بیکار بیٹھا ہے۔ پہلی بیوی اور اس کے بچے پڑے ہیں' دوسری بیوی کو اتنے زیورات کہاں سے پہنا رہا ہے؟ جب فہرست پر نگاہ ڈالتے ہیں تو

مرید سچا نظر آتا ہے اور انگریزی نبی جھوٹا۔ فہرست پیش خدمت ہے۔

کڑے خورد طلائی = ۲۵۰ روپے' بندے طلائی = ۵۰۰ روپے' کنٹھ طلائی ۲۲۵ روپے۔

کنگن طلائی = ۲۲۰ روپے' بندے طلائی = ۳۰۰ روپے' ہالے گھنگھروں والے = ۳۰۰ روپے۔

حسیاں خورد = ۳۰۰ روپے پونچیاں طلائی = ۱۵۰ روپے' مونگے = ۲۰۰ روپے

چاند طلائی = ۵۰ روپے' بالیاں جڑاؤ = ۱۵۰ روپے' نتھ طلائی = ۴۰ روپے

ٹیب جڑاؤ = ۷۰ روپے 'کڑے کلاں طلائی = ۷۵۰ روپے

کل رقم = ۳۵۰۵ روپے (قادیانی نبوت ص ۸۵ بحوالہ فسانہ قادیان مصنفہ حافظ محمد ابراہیم کمیر پوری) اس زمانہ میں سونا تقریباً بیس روپے تولہ تھا۔ اس حساب سے اس زمانہ میں چندہ چور مرزا قادیانی نے اپنی بیوی کو تقریباً ۱۷۵ تولے سونا پہنایا یعنی دو سیر تین چھٹانک۔ (مولف)

جیسے تیری مرضی :۔ قادیان کے سالانہ جلسہ منعقدہ دسمبر ۱۹۴۵ء میں مفتی محمد صادق نے مرزا قادیان کی "گھریلو زندگی" پر تقریر کی' جو الفضل ۳ اپریل ۱۹۴۶ء میں شائع ہوئی۔ مفتی صادق نے مرزا قادیانی کی گھریلو زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا " ایک دفعہ کسی نے خیر خواہی سے کہا کہ بیوی صاحبہ اپنے زیورات کو بار بار توڑواتی ہے اور نئی نئی شکل میں بنواتی رہتی ہے۔ اس طرح تو بہت سا نقصان ہوتا ہے اور بہت سا حصہ زرگر ہی کھا جاتے ہیں۔ بیوی صاحبہ کو روکنا چاہئے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ ان کا مال ہے جس طرح چاہیں کریں"

بالکل ٹھیک کہا۔ مال مفت دل بے رحم (ناقل)

بے غیرت خاوند ..... " بیوی صاحبہ مرزا جی کے مریدوں کو ساتھ لے کر لاہور سے کپڑے بھی خود ہی خرید لایا کرتی تھیں۔" (کشف الفنون مرتبہ ڈاکٹر بشارت احمد لاہور ص ۸۸)

سچا نبی امت میں غیرت پیدا کرتا ہے لیکن نبی قادیان کے گھر پر بے غیرتی کا جھنڈا لہرا رہا ہے۔ شرافت سر پیٹ رہی ہے اور حیامنہ چھپائے بیٹھی ہے۔ توجہ فرمایئے! مرزا

قادیانی کی جوان بیوی جو اسے بڑھاپے میں ملی' مریدوں کے ساتھ ٹہلتی چہکتی جا رہی ہے..... گاڑی میں سوار ہو رہی ہے ..... قادیان سے لاہور آ رہی ہے ..... خاصا طویل سفر ہے ..... راستے میں کھانے پینے کی احتیاج ہے ..... لاہور آ گیا ہے ..... تانگہ میں سوار ہو کر بازاروں میں جا رہی ہے ..... مریدوں کی معیت میں شاپنگ ہو رہی ہے ..... معلوم نہیں واپسی ایک دن میں ہے یا چار دن میں ..... اگر ایک دن سے زیادہ ہے تو رات کہاں ٹھہرتی ہے ..... پھر واپسی ہوتی ہے ..... رن مرید خاوند سر چڑھی بیوی کا استقبال کرنے کے لئے سراپا انتظار بنے سر کے بل کھڑا ہے۔ ایسا وہی کر سکتا ہے جس کی غیرت نے کفن پہن لیا ہو اور جس کی حمیت لاش بن چکی ہو۔ جی ہاں! خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و ناموس پر حملہ کرنے کی ناپاک جسارت کرنے والوں پر خدا کی پھٹکار اسی طرح پڑتی ہے اور رب ذوالجلال ان کے ذہنوں سے عزت و غیرت کا مفہوم چھین لیتا ہے۔ (مؤلف)

گھر میں کوئی عزت نہیں :۔ " خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اپنی کتاب "سیرت المہدی الموعود" میں لکھتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت اقدس نازک سے نازک مضمون لکھ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ عربی زبان میں بے مثل' فصیح کتابیں لکھ رہے ہیں اور پاس ہنگامہ قیامت برپا ہے۔ بے تمیز بچے اور سادہ عورتیں جھگڑ رہی ہیں' چیخ رہی ہیں' چلا رہی ہیں۔ یہاں تک کہ بعض آپس میں دست و گریبان ہو رہی ہیں اور پوری زنانہ کرتوتیں کر رہی ہیں۔ مگر حضرت صاحب یوں لکھے جا رہے ہیں اور کام میں یوں مستغرق ہیں کہ گویا خلوت میں بیٹھے ہیں۔ یہ ساری لا نظیر اور عظیم الشان عربی' اردو' فارسی کی تصانیف ایسے ہی مکانوں میں لکھی ہیں۔" (سیرت المہدی ص ۲۷۸ مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

جس کے اپنے گھر میں اخلاقیات کا اس حد تک جنازہ نکلا ہو وہ لوگوں کے اخلاق کیا سنوارے گا؟ اس حوالہ سے یہ نکتہ بھی ابھرتا ہے کہ مرزا قادیانی کا اپنے گھر میں کوئی رعب نہیں تھا۔ بچے چیخیں مار رہے ہیں' عورتیں دست و گریبان ہیں اور مرزا قادیانی سامنے بیٹھا لکھ رہا ہے۔ لیکن کسی کو اس کی جوتی برابر بھی پروا نہیں۔ رہا یہ مسئلہ کہ

اس وقت مرزا قادیانی کیا لکھ رہا ہوتا ہے؟ صاف ظاہر ہے کہ جس وقت عورتیں ایک دوسرے کا گریبان کھینچ رہی ہوں' زبانیں قینچی کی طرح چل رہی ہوں۔ بچوں نے لڑ لڑ کر آسمان سر پر اٹھایا ہوا ہو ۔ لازمی بات ہے کہ اس شدت کی لڑائی میں گالیوں کا تبادلہ بھی ہوتا ہو گا۔ ادھر سے فریقین گالیاں بک رہے ہیں اور مرزا قادیانی دھڑا دھڑ ان گالیوں کو لکھے جا رہا ہے اور پھر ساری گالیاں اکٹھی کر کے اپنی تصانیف میں مسلمانوں کو لکھ دیتا ہے جو اس کی تصانیف میں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ (ناقل)

بیگم کی ناز پروری :۔ " اور آخری سالوں میں حضور عموماً ایک سالم سیکنڈ کلاس کمرہ اپنے لئے ریزرو کروا لیا کرتے تھے اور اس میں حضرت بیوی صاحبہ اور بچوں کے ساتھ سفر فرماتے تھے اور حضور کے احباب دوسری گاڑی میں بیٹھتے تھے مگر مختلف سٹیشنوں پر اتر اتر کر وہ حضور سے ملتے رہتے تھے۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضور الگ کمرہ کو اس خیال سے ریزرو کروا لیتے تھے کہ تاکہ حضرت والدہ صاحبہ کو علیحدہ کمرہ میں تکلیف نہ ہو اور حضور اپنے اہل و عیال کے ساتھ اطمینان کے ساتھ سفر کر سکیں۔" (سیرت المہدی حصہ دوم ص ۱۰۱ مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

ایک سیکنڈ کلاس کے کمرہ میں ایک سو چار (۱۰۴) مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ لیکن انگریز کا لاڈلہ نبی بیگم کے حکم کی بجا آوری کرتے ہوئے پورا کمرہ ریزرو کروا کے بیٹھا ہوا ہے ویسے اس شاہی خرچے میں مرزا قادیانی کی جیب سے کچھ نہیں جاتا تھا۔

ناز نخرے بیگم کے اور دولت انگریز کی!!!

ملکہ کا راج :۔ " مکرمی مفتی محمد صادق صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں' میں کسی وجہ سے اپنی بیوی مرحومہ پر کچھ خفا ہوا۔ جس پر میری بیوی نے حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی بڑی بیوی کے پاس جا کر میری ناراضگی کا ذکر کیا اور حضرت مولوی صاحب کی بیوی نے مولوی صاحب سے ذکر کر دیا۔ اس کے بعد میں جب حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سے ملا تو انہوں نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ مفتی صاحب آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہاں ملکہ کا

راج ہے' بس اس کے سوا اور کچھ نہیں کہا مگر میں ان کا مطلب سمجھ گیا۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے یہ الفاظ عجیب معنی خیز ہیں۔ کیونکہ ایک طرف تو ان دنوں میں برطانیہ کے تخت پر ملکہ وکٹوریہ متمکن تھیں اور دوسری طرف حضرت مولوی صاحب کا اس طرف اشارہ تھا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنے خانگی معاملات میں حضرت ام المومنین کی بات بہت مانتے ہیں اور گویا گھر میں حضرت ام المومنین ہی کی حکومت ہے۔" (سیرت المہدی ص ۱۰۳ حصہ دوم مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

واہ ملکہ قادیان! کیا چرچے ہیں تیری حکومت کے! معلوم ہوتا ہے کہ " رن مریدی " مذہب قادیان کا ایک اہم رکن ہے۔

میاں فخر الدین صاحب ملتانی ثم قادیانی نے مجھ سے بیان کیا کہ جب ۱۹۰۷ء میں حضرت بیوی صاحبہ لاہور تشریف لے گئیں تو ان کی واپسی کی اطلاع آنے پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام ان کو لانے کے لئے بٹالہ تک تشریف لے گئے۔ میں نے بھی مولوی سید محمد احسن صاحب مرحوم کے واسطے سے حضرت صاحب سے آپ کے ساتھ جانے کی اجازت حاصل کی اور حضرت صاحب نے اجازت عطا فرمائی مگر مولوی صاحب سے فرمایا کہ فخر الدین سے کہہ دیں کہ اور کسی کو خبر نہ کرے اور خاموشی سے ساتھ چلا چلے۔ بعض اور لوگ بھی حضرت صاحب کے ساتھ ہمرکاب ہوئے۔ حضرت صاحب پالکی میں بیٹھ کر روانہ ہوئے جسے آٹھ کہار باری باری اٹھاتے تھے۔ بٹالہ پہنچ کر حضرت صاحب نے سب خدام کی معیت میں کھانا کھایا اور پھر سٹیشن پر تشریف لے گئے۔ جب حضرت صاحب سٹیشن پر پہنچے تو گاڑی آ چکی تھی اور حضرت بیوی صاحبہ گاڑی سے اتر کر آئی ہوئی تھیں اور حضرت صاحب کو ادھر دیکھ رہی تھیں۔ حضرت صاحب بھی بیوی صاحبہ کو دیکھتے پھرتے تھے کہ اتنے میں لوگوں کے مجمع میں حضرت بیوی صاحبہ کی نظر حضرت صاحب پر پڑ گئی اور انہوں نے محمود کے ابا کہہ کر حضرت صاحب کو اپنی طرف متوجہ کیا اور پھر حضرت صاحب نے سٹیشن پر ہی سب لوگوں کے سامنے بیوی صاحبہ کے ساتھ مصافحہ فرمایا اور ان کو ساتھ لے کر فرودگاہ پر واپس تشریف لے

آئے۔" (سیرت المہدی ص ۱۰۷، ۱۰۶ حصہ دوم مصنف مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

قارئین! مندرجہ بالا حوالہ پڑھ کر ہر ذی شعور کے ذہن میں سوال اٹھتے ہیں۔

نوجوان نصرت جہاں بیگم لاہور کیا لینے گئی تھی؟

اکیلی کیوں گئی تھی اور اکیلی کیوں آئی؟

مرزا قادیانی غیر محرم مردوں کا ہجوم ساتھ لے کر سٹیشن پر بیوی کا استقبال کر کے کس غیرت کا مظاہرہ کر رہا ہے؟

مرزا قادیانی کا مرید جو نصرت جہاں بیگم کی ہر ہر ادا دیکھ کر اور اس کی آواز سن کر ساری کہانی بیان کر رہا ہے، اس کا نصرت جہاں بیگم سے کیا تعلق ہے؟

نصرت جہاں بیگم کا مرزا قادیانی کو سٹیشن پر دور سے دیکھ کر پورے مجمع میں بے تکلفانہ "محمود کے ابا" کہہ کر پکارنے میں کس شوخی اور بے باکی کا اظہار ہے؟

مرزا قادیانی کا سینکڑوں دیکھتی آنکھوں کے سامنے نصرت جہاں بیگم سے پرجوش دست پنجہ لینا کس شرم و حیا کی تبلیغ ہے؟

کسی بزرگ نے کیا خوب کہا ہے کہ سچا نبی امت میں غیرت پیدا کرتا ہے اور جھوٹا نبی بے غیرتی! اور یہی بے غیرتی و بے حمیتی قادیانی نبوت کا شناخت نامہ ہے۔

الٰہی محفوظ رکھنا ہر بلا سے
خصوصاً آج کل کے انبیاء سے

اگر

مرزا قادیانی آج کے دور میں

ہوتا

قادیان کا 420 جس کے فراڈ جتنے بھی بیان کیے جائیں کم ہیں

سورمار؟ معجون مرکب؟ سورج؟

چابک؟ زمیندار؟ کسان؟

چینی؟ مغل؟

خدا کی زمین پر لاتعداد عجائبات بکھرے پڑے ہیں۔ لیکن ان میں سے سات عجائبات آفاقی شہرت کے حامل ہیں اور انہیں خدا کی دھرتی پر سب سے بڑے عجوبے تسلیم کیا گیا ہے۔ ان عجائبات عالم میں اہرام مصر' جوپیٹر کا مجسمہ' رہوڈس کا مجسمہ' مقبرہ ہیسپر ناسو' بابل کے معلق باغات' روشنی کا مینار سکندری' آرٹیس کا معبد (دیانا) شامل ہیں۔ یہ شہکار عجوبے کرہ ارض پر بسنے والے تمام انسانوں کو دعوت نظارہ دے رہے ہیں اور دنیا بھر سے لاکھوں سیاح ہزاروں میل کی مسافتیں طے کر کے اور ہزاروں روپیہ خرچ کر کے انہیں دیکھنے جاتے ہیں۔

منعم حقیقی نے انسان کے ذہن کو غور' فکر' تحقیق اور جستجو کی عظیم نعمتوں سے نوازا ہے' اس لیے انسان ان عجائبات میں بڑی دلچسپی رکھتا ہے۔ اگر کسی گاؤں میں کوئی بھینس چھ ٹانگوں والے بچھڑے کو جنم دے تو ہزاروں لوگ اسے دیکھنے کے لیے دوڑے چلے جاتے ہیں۔ اگر کہیں سے یہ خبر آئے کہ فلاں مقام پر ایک ایسی گائے ہے جس پر اونٹ کی طرح کوہان ہے تو انسانوں کا ایک انبوہ وہاں اکٹھا ہو جاتا ہے۔ انسانوں کے اسی ذوق و شوق کو دیکھتے ہوئے مختلف کمپنیوں نے مختلف عجائبات اکٹھے کر رکھے ہیں اور گاؤں گاؤں' شہر شہر گھوم کر یہ عجائبات دکھاتے ہیں اور لاکھوں روپیہ کماتے ہیں۔ کمپنی کے گیٹ کے باہر لاؤڈ سپیکر پر اعلان ہو رہا ہوتا ہے کہ بھائی جان! ایک گدھا دیکھئے جو گدھی بھی ہے۔ ایک انسانی بچہ دیکھئے جس کی تین ٹانگیں ہیں۔ ایک مرد دیکھئے جس کا منہ انسان کا اور دھڑ شیر کا ہے۔ ایک بکرا دیکھئے جو شیر کی آواز نکالتا ہے۔ ایک بھینس دیکھئے جس کے آٹھ تھن ہیں۔ ایک بلی جس کی تین آنکھیں ہیں۔ ایک انسانی بچہ دیکھئے جس کے دو دھڑ ہیں وغیرہ وغیرہ۔ لیکن آج ہم آپ کا تعارف ایک ایسے شخص سے کراتے ہیں جو کائنات کا سب سے بڑا عجوبہ ہے۔ اس کی شخصیت ایک البیلی پہیلی ہے' اس کا وجود ایک بھارت ہے' اس کا انگ انگ حیرت ہے۔ اس کا پہلو پہلو سوالیہ پکار ہے اور اس کی ساری زندگی پراسرار ہے۔ نہ ماضی اس کا ثانی پیش کر سکتا ہے اور نہ حال اس کا ہم سر اور نہ ہی مستقبل اس کا ہم پایہ پیش کرنے کا

حوصلہ رکھتا ہے۔ وہ تاریخ عالم میں واحد اور یکتا ہے اور اس کے سامنے سارے عجوبوں پر طاری سکتہ ہے۔ اس کی سوانح حیات لکھنے والوں کے مطابق یہ شخص نو دفعہ پیدا ہوا۔ پہلی مرتبہ 1839' دوسری مرتبہ 1834' تیسری مرتبہ 1840' چوتھی مرتبہ 1833' پانچویں مرتبہ 1836' چھٹی مرتبہ 1832' ساتویں مرتبہ 1837' آٹھویں مرتبہ 1831 اور نویں مرتبہ 1835ء میں۔ اس شخص نے خود کو خود ہی جنم دیا۔ یہ بیک وقت ماں بھی تھا اور بیٹا بھی' یہ خالق بھی تھا اور مخلوق بھی' نبی بھی تھا اور کرم خاکی بھی' مرد بھی تھا اور عورت بھی' ہندو بھی تھا اور سکھ بھی' عیسائی بھی تھا اور یہودی بھی' بشر بھی تھا اور فرشتہ بھی' چینی بھی تھا اور فارسی بھی! نکات کو ملاتے ملاتے اور اشارات کو پاتے پاتے آپ کے ذہن میں اس "عجوبے" کی تصویر تو آ ہی گئی ہوگی۔ جی ہاں! یہ شخص مرزا قادیانی ہے' جس نے ہندوستان میں جھوٹی نبوت کا ڈرامہ رچایا اور آج بھی اس کا برپا کردہ فتنہ اپنی تمام تر زہرناکیوں سمیت زندہ ہے۔ اذہان میں یہ سوالات اٹھتے ہیں کہ اس شخص نے اتنے بہروپ کیوں اختیار کیے؟ وہ کیوں نت نئے چہرے سجاتا تھا؟ وہ کون سے مقاصد تھے جن کے حصول کے لیے وہ اتنے پینترے بدلتا اور اتنی قلابازیاں کھاتا تھا؟ اس کی وجہ صرف اور صرف یہ تھی کہ یہ شخص اقوام عالم کو اپنے گرد اکٹھا کرنا چاہتا تھا اور یہ پوری کائنات کا امام اور قائد بننا چاہتا تھا اور اس کا اعلان تھا کہ خدا نے مجھے تمام انسانوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے (نعوذ باللہ)۔ اب ذرا ذہن پر زور دے کر اس کے دعووں اور ان کے پیچھے کارفرما مذموم مقاصد کو سمجھئے۔ عیسائیوں کو اپنی جانب کھینچنے کے لیے اس کذاب نے دعویٰ کیا کہ "میں مریم اور عیسیٰ ہوں"۔ یہودیوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے اس بہروپئے نے دعویٰ کیا کہ "میں موسیٰ ہوں"۔ مسلمانوں کو گھیرنے کے لیے اس دجال نے دعویٰ کیا کہ "میں محمد رسول اللہ ہوں" (نعوذ باللہ)۔ ہندوؤں کو اپنا ہم نوا بنانے کے لیے اس مفتری نے دعویٰ کیا کہ "میں کرشن ہوں"۔ سکھوں کو اپنا اسیر کرنے کے لیے اس رذیل نے دعویٰ کیا کہ "میں جے سنگھ بہادر ہوں"۔ امراء جو دولت و اقتدار سے مرعوب ہوتے ہیں' انہیں

ورغلانے کے لیے اس نوسرباز نے دعویٰ کیا کہ "میں مجسٹریٹ ہوں"۔ دلیر اور بہادروں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرانے کے لیے اس چڑی دل نے دعویٰ کیا کہ "میں شیر خدا ہوں"۔ ادیبوں کو اپنے دام تزویر میں پھنسانے کے لیے کوچہ جہالت کے اس گداگر نے دعویٰ کیا کہ "میں سلطان القلم ہوں"۔ مختلف قوموں اور برادریوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لیے اس انگریزی گرگٹ نے مختلف ذاتیں اور قومیں اپنائیں۔ کبھی سید بنا' کبھی چینی بنا' کبھی ایرانی بنا اور کبھی مغل بنا' تاکہ ہر قوم یہ سمجھے کہ یہ ہمارا فرد ہے اور لوگ جذبہ قومیت کی وجہ سے اس کی جانب کھنچے چلے آئیں گے اور لاکھوں لوگ اس کے جھنڈے تلے جمع ہو جائیں گے اور ان کی طاقت و قوت سے وہ معاشرے میں ایک طاقتور مقام حاصل کر لے گا۔ اس دجال اعظم کی سرتوڑ کوشش تھی کہ اس کے دعووں کی کمند سے کسی کی بھی گردن محفوظ نہ رہے اور ہر شخص اس کے کسی نہ کسی دعوے کے ناطے اس سے منسلک ہو جائے۔ دعووں کے ڈھیر میں سے چند دعوے پیش خدمت ہیں' ذرا "بغور" مطالعہ کیجئے!

"میں پہرہ دار ہوں"۔

"میں سور مار ہوں"۔

"میں سپہ سالار ہوں"۔

"میں آریوں کا بادشاہ ہوں"۔

"میں سراجا منیرا ہوں"۔

"میں غازی ہوں"۔

"میں زمیندار ہوں"۔

"میں چابک ہوں"۔

"میں موتی ہوں"۔

"میں برطانوی مورچہ ہوں"۔

"میں چاند ہوں"۔

"میں سورج ہوں"۔

"میں بیت اللہ ہوں"۔

"میں مدینتہ العلم ہوں"۔

"میں میکائیل ہوں"۔

"میں معجون مرکب ہوں"۔

اب ذرا آپ غور کریں کہ زندگی کے اتنے گوشوں میں پھیلے اور بکھرے ہوئے مرزا قادیانی سے کتنے لوگ وابستہ ہوئے ہیں' مثلاً سور مار سے کسان' سپہ سالار سے فوجی' چابک سے کوچوان' موتی سے جوہری' برطانوی مورچہ سے انگریز' مدینتہ العلم سے طلباء وغیرہ وغیرہ۔ اور شاید مرزا قادیانی نے "معجون مرکب" ہونے کا دعویٰ اس لیے داغا کہ اگر کسی سے باقی تمام دعووں سے کوئی رابطہ یا تعلق نہ بنے تو ماسٹر دعویٰ "معجون مرکب" تو سب سے زبردستی تعلق پیدا کر لیتا ہے۔ مرزا قادیانی کی مثال اس شکاری کی سی ہے جو کسی خوبصورت مرغابی کو نیلگوں فضاؤں میں اڑتے دیکھتا ہے تو اسے شکار کرنے کے لیے صرف ایک چھرا نہیں مارتا بلکہ اپنے شکار کو یقینی بنانے کے لیے پورا کارتوس اس پر فائر کرتا ہے۔ کارتوس پھٹتا ہے اور چھرے فضا میں بکھر جاتے ہیں۔ باقی چھرے تو ضائع ہو جاتے ہیں لیکن ایک یا دو چھرے مرغابی کو لگتے ہیں۔ مرغابی پھڑپھڑاتی ہوئی زمین پر آ جاتی ہے اور اگلے ہی لمحے شکاری کا خنجر اس کی گردن پر چل رہا ہوتا ہے۔ اس طرح مرزا قادیانی بھی لوگوں کے ایمانوں کا شکار کرنے کے لیے اپنی ارتدادی بندوق میں ایک دعویٰ رکھ کر فائر نہیں کرتا تھا بلکہ سینکڑوں دعووں کا کارتوس چلاتا تھا۔ مرزا قادیانی کی ابلیسی انگلی ہلتی اور ارتدادی کارتوس ایک شیطانی قہقہے کی طرح پھٹتا اور اس کے ایمان شکن چھرے اپنے ہدف کی طرف لپک رہے ہوتے اور پھر کسی نہ کسی زہریلے دعوے کے چھرے سے کسی کا ایمان دم توڑ رہا ہوتا۔ مرزا قادیانی کے ان شیطانی دعووں کی کہانی 1908ء سے پہلے کی ہے' کیونکہ جعلسازوں کا یہ سربراہ اور نوسربازوں کا یہ امام 26 مئی 1908ء کو اپنے جھوٹے دعووں کی گٹھڑی

سر پر اٹھا کر جنم پہنچ گیا۔ اب ذہن میں سوال اٹھتا ہے کہ اگر مرزا قادیانی آج کے دور میں ہوتا! تو اس کے دعووں کی نوعیت کیا ہوتی؟ اپنے دعووں کی دکان کس طرح سجاتا؟ اپنی ارتدادی تبلیغ پر کس طرح روانہ ہوتا؟ لوگوں سے کس طرح ملتا اور ان کو اپنے دام تزویر میں پھنسانے کے لیے کون کون سے حربے استعمال کرتا؟ 1908ء سے آج تک زمانے نے سینکڑوں مسافتیں طے کی ہیں۔ سائنس نے انسانی دنیا اور انسانی زندگی میں ایک حیرت انگیز انقلاب برپا کر دیا ہے۔ جہاں کل مٹی کے دیے ٹمٹماتے تھے' آج وہاں مرکری بلب ماحول کو بقعہ نور بنا رہے ہیں۔ دریاؤں کو ناقابل تسخیر سمجھنے والا انسان آج تحقیق کے نشتر سے سمندروں کے دل چیر رہا ہے۔ پرندوں کو ہوا میں اڑتا دیکھ کر حیران ہونے والا انسان آج خود ہواؤں میں محو پرواز ہے۔ تلواروں اور لاٹھیوں سے لڑنے والا انسان آج ایٹم بم سے مسلح ہے۔ چٹکیوں میں سفر کرنے والا آج چاند پر قدم رکھ چکا ہے اور مریخ پر کمند ڈالنے کا عزم اپنے سینے میں لیے بیٹھا ہے۔ آج تہذیب و تمدن نے ایک نئی کروٹ لے لی ہے۔ رسم و رواج نے ایک نئی دنیا بسا لی ہے۔ رہن سہن کے ماڈرن انداز ہیں۔ نت نئے ڈیزائنوں کے لباس ہیں۔ جدید طرز تعمیر کے مکانات اور بنگلے ہیں۔ جدید مواصلاتی نظام ہے۔ سکولوں' کالجوں' یونیورسٹیوں اور دفاتر کی ایک بہار ہے' غرضیکہ انسانی زندگی میں ایک تغیر اور انقلاب آ چکا ہے' لہٰذا اگر مرزا قادیانی آج کے دور میں وارد ہوتا تو وہ نئے زمانے کے سانچوں میں ڈھل کے آتا۔ دجل و فریب کے جدید ہتھیاروں سے لیس ہوتا۔ جین کی پینٹ پہنتا۔ پینٹ پر بیلٹ سجاتا۔ رم جھم کی قمیص پہنتا۔ آکسفورڈ کی ٹائی لگاتا۔ امریکن سٹائل کا کوٹ پہنتا۔ کوٹ کی جیب میں لال رومال لگاتا۔ رے بین کی عینک آنکھوں پہ بہار دکھاتی اور راڈو کی گھڑی کلائی پر چمکتی نظر آتی۔ پاؤں میں "انگلش شوز" کا جوتا ہوتا۔ لباس سے چارلی پرفیوم خوشبوئیں بکھیر رہا ہوتا۔ منہ سے گولڈ لیف کا سگریٹ دھواں چھوڑ رہا ہوتا۔ ہاتھ کی انگلی میں ڈائمنڈ کی انگوٹھی چمک رہی ہوتی۔ گلے میں سونے کا لاکٹ لٹک رہا ہوتا اور ہاتھ میں دعووں سے بھرا ہوا بریف کیس پکڑا ہوتا اور یوں "کوجیک"

اور "سکس ملین ڈالر مین" اسے دیکھ دیکھ شرماتے! لیکن یہ ساری تیاری تو صرف جدید تہذیب کے دلدادہ لوگوں کے لیے ہوتی۔ مرزا قادیانی کو تو پرانی وضع اور پرانی بود و باش رکھنے والے لوگوں کے پاس بھی جانا ہے' اس لیے وہ نئی اور پرانی تہذیب کے اشتراک سے اپنا لباس سیٹ کرتا اور اپنے دعوے کے عین مطابق "معجون مرکب" بن جاتا اور وہ "معجون مرکب" کچھ یوں ہوتی: اگر ایک ٹانگ میں جین کی پینٹ پہنتا تو دوسری میں گھیرے دار شلوار۔ اگر ایک پاؤں میں "انگلش شوز" کا جوتا تو دوسری میں چوہدری شوز کا کھسہ۔ اگر ٹیڑھی آنکھوں پر رے بین کی عینک لگاتا تو سر پر پگڑی باندھتا۔ اگر گلے میں ٹائی لگاتا تو کانوں میں "مندراں" بھی ڈالتا اور بریف کیس میں دھوتی بھی رکھتا۔ پھر گلی گلی' کوچہ کوچہ' قریہ قریہ' گاؤں گاؤں' پیدل اور جوگنگ کرتے ہوئے اپنی شیطانی تبلیغ میں جت جاتا۔ موجودہ دور میں دجال قادیان کی باتیں' گھاتیں' وارداتیں اور ملاقاتیں کچھ یوں ہوتیں۔ اگر بچوں کے پاس جاتا تو کہتا' میں "کھٹی میٹھی" گولی ہوں۔ اگر زمیندار کے ہاں پہنچتا تو کہتا' میں "زرعی ترقیاتی بینک" ہوں۔ اگر طلباء کے پاس پہنچتا تو کہتا' میں "گیس پیپر" ہوں۔ اگر ڈاکوؤں کے گروہ سے ملاقات ہوتی تو کہتا' میں "کلاشنکوف" ہوں۔ اگر آوارہ نوجوانوں میں جا بیٹھتا تو کہتا' میں "وی۔ سی۔ آر" ہوں۔ اگر فوجیوں میں جا گھستا تو کہتا' میں F-16 ہوں۔ اگر بھڑوں سے ملاقات کرتا تو کہتا' میں "گھنگھرو" ہوں۔ اگر حکمرانوں کے ہاں جا ٹپکتا تو کہتا' میں "امریکی امداد" ہوں۔ اگر پہلوانوں کے اکھاڑے میں پہنچ جاتا تو کہتا' میں "لنگوٹی" ہوں۔ اگر سرکاری ملازمین سے ملتا تو کہتا' میں "مہنگائی الاؤنس" ہوں۔ سائنس دانوں کی محفل میں داخل ہوتا تو کہتا' میں "ایٹم بم" ہوں۔ اگر کرکٹ کے شائقین کے حلقہ میں بیٹھ جاتا تو کہتا' میں "تھامسن" ہوں۔ اگر کسی کو ننگے پاؤں دیکھتا تو جھک کے کہتا' میں "باٹا کا جوتا" ہوں۔ اگر کسی سائیکل سوار سے ملتا تو لپک کے کہتا' میں "پیکرو" ہوں۔ اگر کسی کو حقہ پیتے دیکھتا تو مسکرا کے کہتا' میں "گولڈ لیف" ہوں۔ اگر کسی نشہ باز سے ملتا تو گردن گھما کے کہتا' میں "ہیروئن" ہوں۔ اگر کٹیا میں

بیٹھے کسی غریب کو چولہے میں گھاس پھونس ڈال کر روٹی پکاتے دیکھتا تو سر جھکا کے کہتا' میں "سوئی گیس" ہوں۔ اگر کسی تھانہ میں جانے کا اتفاق ہوتا تو کہتا' میں "ایم۔ پی۔ اے" ہوں۔ اگر فیشن کی دلدادہ خواتین کے جھرمٹ میں جا گھستا تو کہتا' میں "بیوٹی پارلر" ہوں۔ اگر موٹاپے سے تنگ آئے فربہ جسموں کی محفل میں بیٹھتا تو کہتا' میں "سلمنگ سنٹر" ہوں۔ اگر کسی انتہائی کمزور اور لاغر شخص سے ملتا تو کہتا' میں "خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر دار" ہوں۔ اگر موسیقی کے پرستاروں کے حلقہ میں وارد ہوتا تو کہتا' میں "میڈونا" ہوں ——— لیکن موجودہ دور میں مرزا قادیانی کا دعووں کا کاروبار ٹھپ ہو جاتا۔ ہر دعویٰ تھپڑ کا روپ دھار کے تڑاخ سے اس کے منہ پر واپس آتا۔ لوگ مرزا قادیانی کو بری طرح گھیر لیتے۔ ہر دعوے کا ثبوت مانگتے' ہر دعوے کی عملی صورت کی تصدیق چاہتے۔ لوگوں کا مطالبہ ہوتا کہ اگر تو کھٹی میٹھی گولی ہے تو ذرا داڑھ کے نیچے تو آ۔ اگر ایٹم بم ہے تو چل کے دکھا۔ اگر زرعی ترقیاتی بینک ہے تو پانچ لاکھ روپے قرض تو دے۔ اگر F-16 ہے تو فضا میں دو چار قلابازیاں تو لگا! اگر تھامسن ہے تو باؤلنگ کا مظاہرہ تو کر۔ اگر پاؤں کا جوتا ہے تو پاؤں کی زینت تو بن' اگر پجیرو ہے تو چار پانچ سواریوں کو اپنے کندھے پر تو اٹھا۔ اگر کلاشنکوف ہے تو اپنے منہ سے دو چار برسٹ تو نکال۔ لوگوں کے ٹھاہ ٹھاہ جواب سن کر مرزا قادیانی بڑبڑا اٹھتا' سٹپٹا اٹھتا اور چکرا اٹھتا اور اپنے چکرائے ہوئے سر کو پکڑ کے اپنے آپ سے کہتا کہ کیسا ہوشیار زمانہ آ گیا ہے! لوگ کس قدر ہوشیار ہو گئے ہیں۔ پہلے زمانے کے لوگ کس قدر سادہ لوح تھے۔ کس قدر مت ماری ہوتی تھی مجھ پر ایمان لانے والوں کی کہ میری چند شعبدہ بازیاں دیکھ کر متاع ایمان میرے ہاتھ پر رکھ دیتے تھے اور ان عقل کے اندھوں کو جہاں بٹھا دیتا' بیٹھے رہتے۔ لیکن ان لوگوں پر میری کوئی مکاری' عیاری' شعبدہ کاری اور دعویٰ بازی اثر نہیں کر رہی۔ لوگوں کے تیور بدل جاتے اور مرزا قادیانی کی گھبراہٹ میں اضافہ ہوتا۔ مرزا قادیانی چکمہ دے کر بھاگنے کی کوشش کرتا لیکن لوگ فوراً اسے دبوچ لیتے اور گھسیٹتے پیٹتے تھانے لے جاتے۔ جہاں اس کے خلاف

دعویٰ نبوت کرنے کے جرم میں توہین رسالتؐ کا مقدمہ درج ہوتا۔ پورے ملک میں احتجاجی تحریک شروع ہو جاتی۔ بپھرے ہوئے عوام سڑکوں پر نکل آتے۔ لوگ حکومت سے مطالبہ کرتے کہ اب تو انگریز کی حکومت نہیں' اب تو ہم غلام نہیں' اب تو پاکستان بن چکا ہے جس کی بنیادیں اسلام پر اٹھائی گئی ہیں' اب تو پاکستان میں توہین رسالتؐ کی سزا قتل نافذ ہو چکی ہے' اب انگریزی نبی کا لحاظ کیسا؟ اس گستاخ رسولؐ کو کیفر کردار تک پہنچاؤ۔ اس دشمن اسلام کو تختہ دار پر لٹکاؤ۔ عوام کے پرزور مطالبہ پر خصوصی عدالت میں مرزا قادیانی پر مقدمہ چلتا اور اسے توہین رسالتؐ اور دعویٰ نبوت کے جرم میں سزائے موت دی جاتی۔ مینار پاکستان کے وسیع و عریض گراؤنڈ میں پھانسی چڑھانے کا اعلان اخبارات' ریڈیو اور ٹیلی وژن پر کیا جاتا۔ اندرون اور بیرون ملک سے لاکھوں لوگ جوق در جوق اسے پھانسی چڑھتے ہوئے دیکھنے کے لیے آتے۔ لاکھوں کے مجمع میں اسے پھانسی چڑھایا جاتا۔ پھانسی کے بعد اس کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے لوگوں کو ٹھاٹھیں مارتا سمندر لپک پڑتا اور جب لوگ اس قائد المنافقین اور پیشوائے مرتدین کو اس کی اصل صورت میں دیکھتے تو بار بار دیکھتے' بغور دیکھتے' سرتاپا دیکھتے اور پھر سبھی کی زبانوں پر جاری ہوتا۔

خرس کا سر' شکل بندر کی ہے' منہ خنزیر کا
ایک پہلو یہ بھی ہے انسان کی تصویر کا
(مجید لاہوری ؒ)

مرزا قادیانی کے ابّے سے ملیے!

○ مرزا قادیانی کے والدِ نامحترم کے ساتھ ایک تعارفی نشست

○ قادیانی نبوّت کے "دادا ابّو" آئینہ کے رُوبرو

ایک تپتی دوپہر میں مالی سے نظر بچا کر ایک لڑکا گاؤں کے آموں کے باغ میں گھس گیا اور درخت پر چڑھ کر دھڑا دھڑ آم توڑنے لگا۔ آہٹ اور سرسراہٹ سن کر مالی درخت کی جانب لپکا اور لڑکے کو جا پکڑا۔ منہ پر دو چار طمانچے رسید کئے اور غصہ میں لڑکے سے مخاطب ہو کر کہنے لگا " چل تجھے تیرے باپ کے پاس لیکر چلتا ہوں۔ باقی سزا تجھے وہ دے گا" اور پھر لڑکے کو کالر سے کھینچتے ہوئے کہنے لگا " بتا تیرا باپ کدھر ہے؟ " لڑکا منہ بسور کر کہنے لگا " وہ ساتھ والے باغ میں آم توڑ رہا ہے' اس نے ہی میری ڈیوٹی اس باغ میں لگائی ہے اور اسی نے مجھے چپکے چپکے پھل توڑنے اور درخت پر چڑھنے کے فن سکھائے ہیں" یہ سن کر مالی' عالم حیرانی و پریشانی میں کھو گیا کہ الٰہی! یہ کیسے باپ بیٹا ہیں کہ باپ بھی چور اور بیٹا بھی چور! مالی انگلی منہ میں دبائے سوچ کی وادیوں میں گم سم کھڑا تھا کہ لڑکا موقع پا کر بھاگ گیا۔ یہ آپ نے ایک چور باپ اور ایک چور بیٹے کی کہانی سنی' جو آم چور تھے۔ لیکن آج ہم آپ کو ملت اسلامیہ کی خونچکاں تاریخ کے صفحات سے ایک چور باپ بیٹے کی کہانی سناتے ہیں۔ وہ دونوں ملت اسلامیہ کی عظمت و حرمت کے چور تھے۔ وہ دونوں قوم حجاز کی ملی غیرت کے لٹیرے تھے۔ ان دونوں کی تلواروں پر مظلوم مسلمانوں کا خون چمکتا تھا۔ وہ دونوں ملت بیضا کے غدار اور برطانوی گورنمنٹ کے وفادار تھے۔ وہ دونوں قوم مسلم کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مہکتے گلستانوں سے نکال کر صلیب کے منحوس جھنڈے تلے کھڑا کرنا چاہتے تھے۔ باپ کا نام مرزا غلام مرتضیٰ اور بیٹے کا نام مرزا غلام احمد قادیانی تھا۔ جب کہ مرزا غلام مرتضیٰ کا دوسرا بیٹا اور مرزا غلام احمد قادیانی کا اکلوتا بڑا بھائی مرزا غلام قادر بھی ساری زندگی انہیں شنیع دھندوں میں معروف رہا۔ مرزا غلام احمد قادیانی انگریزی نبی بنا اور مرزا غلام قادر آزادی کے سپاہیوں کے خلاف فرنگی بے ایمان کا بازوئے شمشیرزن تھا۔ دنیا میں شاید ہی کسی شخص کی اولاد اتنی بدترین ہو۔

قادیانی اپنے نبی کے باپ کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملاتے ہیں اور مرزا قادیانی کا اس کے گھر پیدا ہونے کو اس کی عظمت گردانتے ہیں' لیکن ہم نے قادیانی کتب سے حوالے ڈھونڈ ڈھونڈ کر' آئینہ حقیقت میں مرزا قادیانی کے ابے کی

شکل پورے خدوخال کے ساتھ دکھانے کا اہتمام کیا ہے۔ لیجئے مرزا قادیانی کا "ابا" برائے تفصیلی معائنہ آپ کے سامنے حاضر ہے اور آپ بھی اپنی آنکھوں اور دماغوں کو حاضر کر لیجئے!

دربار فرنگی میں مرزا غلام مرتضیٰ کی عزت:۔ دربار فرنگی جہاں سے آزادی کے متوالوں کو موت کے پروانے ملتے تھے' کالا پانی یعنی جزائر انڈیمان کے عقوبت خانوں کی سزائیں ملتی تھی' اسی دربار میں غدار وطن مرزا غلام مرتضیٰ کی کیا عزت و اہمیت تھی؟ اس واقعہ سے اندازہ لگائیے۔ "بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بلواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے کہ ایک دفعہ بٹالہ کے ایک ہندو حجام نے دادا صاحب سے کہا کہ میری معافی ضبط ہو گئی ہے۔ آپ ایجرٹن صاحب فنانشل کمشنر سے میری سفارش کریں۔ دادا صاحب اسے اپنے ساتھ لاہور لے گئے۔ اس وقت لاہور کے شالا مار باغ میں ایک جلسہ ہو رہا تھا۔ دادا صاحب نے وہاں جا کر جلسہ کی کارروائی ختم ہونے کے بعد ایجرٹن صاحب سے کہا کہ آپ اس شخص کا ہاتھ پکڑ لیں۔ صاحب گھبرایا کہ کیا معاملہ ہے۔ مگر دادا صاحب نے اصرار سے کہا تو اس نے ان کی خاطر اس حجام کا ہاتھ پکڑ لیا۔ اس کے بعد دادا صاحب نے صاحب سے کہا کہ ہمارے ملک میں دستور ہے کہ جب کسی کا ہاتھ پکڑ لیتے ہیں تو پھر خواہ سر چلا جائے' چھوڑتے نہیں۔ اب آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا ہے۔ اس کی لاج رکھنا' پھر کہا کہ اس کی معافی ضبط ہو گئی ہے' کیا معافیاں دے کر بھی ضبط کیا کرتے ہیں؟ اس کی معافی بحال کر دیں۔ ایجرٹن صاحب نے اس کی مسل طلب کر کے معافی بحال کر دی۔ یہی ایجرٹن صاحب بعد میں پنجاب کا لیفٹیننٹ گورنر ہو گیا۔ (سیرت المہدی ص ۲۲۸ حصہ اول مصنفہ مرزا بشیر احمد بن مرزا قادیانی)

"مامے دا راج":۔ "بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے کہ ایک دفعہ جب ڈیوس صاحب اس ضلع میں مہتمم بندوبست تھا اور ان کا عملہ بٹالہ میں کام کرتا تھا۔ قادیان کا ایک پٹواری جو قوم کا برہمن تھا اور محکمہ بندوبست مذکور میں کام کرتا تھا۔ تایا صاحب مرزا غلام قادر کے

ساتھ گستاخانہ رنگ میں پیش آیا۔ تایا صاحب نے وہیں اس کی مرمت کر دی۔ ڈیوس صاحب کے پاس شکایت گئی تو اس نے تایا صاحب پر ایک سو روپیہ جرمانہ کیا۔ دادا صاحب اس وقت امرتسر میں تھے۔ ان کو اطلاع ہوئی تو فوراً ایجرٹن صاحب کے پاس چلے گئے اور حالات سے اطلاع دی۔ اس نے دادا صاحب کے بیان پر بلا طلب مسل جرمانہ معاف کر دیا۔ (سیرت المہدی ص ۲۲۹ حصہ اول مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

پٹواری صاحب! آپ نے ایسے ہی اپنی مرمت کروائی۔ آپ کو معلوم نہیں تھا کہ آپ نے کتنے بڑے غدار کے بیٹے کے سامنے زبان کھولنے کا جرم کیا۔ پٹواری جی آپ کی خوب پٹائی ہوئی لیکن مجرم کو بلا طلب مسل معاف کر دیا گیا۔

گھر کا قانون :۔ بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم۔اے کہ ایک دفعہ تایا صاحب پولیس میں ملازم تھے۔ نسبٹ صاحب ڈپٹی کمشنر ضلع نے کسی بات پر ان کو معطل کر دیا۔ اس کے بعد جب نسبٹ صاحب قادیان آیا تو خود دادا صاحب سے ذکر کیا کہ میں نے آپ کے بیٹے کو معطل کر دیا۔ دادا صاحب نے کہا کہ اگر قصور ثابت ہے تو ایسی سخت سزا دینی چاہئے کہ آئندہ شریف زادے ایسا قصور نہ کریں۔ صاحب نے کہا جس کا باپ ایسا ادب سکھانے والا ہو اس کو سزا دینے کی ضرورت نہیں اور تایا صاحب کو بحال کر دیا۔" (سیرت المہدی ص ۲۲۹ حصہ اول مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

ہم اس پیار بھری معطلی اور محبت بھری بحالی پر یہی کہہ سکتے ہیں۔

اس شرط پہ کھیلوں گی پیا تجھ سے میں بازی　　جیتوں تو تجھے پاؤں ہاروں تو پیا تیری

(ناقل)

یا

دل کا کیا ہے اسے منا لیں گے　　وہی ہو گا جو آپ چاہیں گے (ناقل)

شوق حقہ نوشی :۔ " بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے کہ دادا صاحب حقہ بہت پیتے تھے۔ (سیرت المہدی ص

۲۳۰ حصہ اول مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

نمازیں کھاتے تھے اور حقہ پیتے تھے۔ کیا اعلیٰ شوق پائے تھے' فرنگی نبی کے ابا جان نے! بیٹا فرنگی نبی ہو کر افیم کھاتا تھا اور پلومر کی شراب سے دل بہلاتا تھا اور باپ بناسپتی نبی کا باپ ہو کر حقے کی نے منہ میں دبا کر گڑ گڑ کی آوازیں نکال کر خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ (ناقل)

تاکید نماز پر برہمی :۔ " بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے کہ ایک دفعہ قادیان میں ایک بغدادی مولوی آیا۔ دادا صاحب نے اس کی بڑی خاطر و مدارت کی۔ اس مولوی نے دادا صاحب سے کہا' مرزا صاحب آپ نماز نہیں پڑھتے؟ دادا صاحب نے اپنی کمزوری کا اعتراف کیا اور کہا کہ ہاں بے شک میری غلطی ہے۔ مولوی صاحب نے پھر بار بار اصرار کے ساتھ کہا اور ہر دفعہ دادا صاحب یہی کہتے گئے کہ میرا قصور ہے۔ آخر مولوی نے کہا آپ نماز نہیں پڑھتے۔ اللہ آپ کو دوزخ میں ڈال دے گا۔ اس پر دادا صاحب کو جوش آگیا اور کہا " تمہیں کیا معلوم ہے کہ وہ مجھے کہاں ڈالے گا۔"(سیرت المہدی ص ۲۳۱ حصہ اول مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

جہاں تیرے آقا انگریز کو ڈالے گا' وہیں تجھے ڈالے گا (ناقل)

محفل عیش و طرب :۔ " بیان کیا مجھ سے مرزا سلطان احمد صاحب نے بواسطہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے کہ تایا صاحب کی شادی بڑی دھوم دھام سے ہوئی تھی اور کئی دن تک جشن رہا اور ۲۲ طائفے ارباب نشاط کے جمع تھے۔" (سیرت المہدی حصہ اول ص ۲۳۳ مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

قارئین! مرزا غلام مرتضیٰ کے بیٹے اور مرزا قادیانی کے بڑے بھائی مرزا غلام قادر کی شادی بڑی دھوم دھام سے ہو رہی ہے ..... بزم عیش و طرب آراستہ ہے ..... رقاصاؤں کا حسن عریاں اپنی حشر سامانیاں دکھا رہا ہے ..... ٹھمکے پہ ٹھمکا لگ رہا ہے ..... شریر جسموں کے زاویئے بن اور ٹوٹ رہے ہیں ..... نوٹ لٹائے جا رہے ہیں ..... شہنائیاں بج رہی ہیں ..... گھنگروؤں کی جھنکار ہے ..... سرنگی کی کیں

کیں ہے ..... ڈھولن کی تھاپ ہے ..... باجوں پہ نغموں کی دھنیں ہیں ..... اور قادیانی نبوت کا خاندان بدمستی میں سردھن رہا ہے ..... اور شاید کسی مغنیہ کی رسیلی آواز پہ مرزا غلام مرتضیٰ اپنے دونوں بیٹوں اور دوستوں سمیت بدمست ہو کر لڈی اور دھمال ڈالتا ہوا یہ گا رہا ہو گا۔

"دم مارو دم مٹ جائے غم" (ناقل)

غدار کے بیٹے کی عزت:۔ مرزا غلام مرتضیٰ مرتے وقت اپنے بیٹے مرزا غلام احمد کا ہاتھ اپنے آقا فرنگی کے ہاتھ میں دے گیا تھا اور فرنگی سے کہا تھا کہ میری اس سوغات کو سنبھال کر رکھنا۔ دیکھنے میں تو یہ پھٹا پرانا ہے' لیکن چیز بڑے کام کی ہے۔ یہ تمہارا وہ کام کرے گا جس کے تصور سے ہی بڑے بڑے غدار کانپ جائیں گے۔ انگریز نے بعد میں اسی سوغات سے دعویٰ نبوت کرایا اور مسلمانوں کی وحدت پر کاری ضرب لگائی۔ اپنے دعویٰ نبوت اور خاندانی غدار ہونے کے ناطے مرزا قادیانی کی فرنگی دربار میں کیا قدر و منزلت تھی۔ مندرجہ ذیل مثال اس پر خوب روشنی ڈال رہی ہے۔

"بیان کیا مجھ سے مولوی شیر علی صاحب نے کہ جب مولوی محمد حسین بٹالوی قتل کے مقدمہ میں حضرت صاحب کے خلاف پیش ہوا تو اس نے کمرے میں آکر دیکھا کہ حضرت صاحب ڈگلس کے پاس عزت کے ساتھ کرسی پر تشریف رکھتے ہیں' اس پر حسد نے اسے بے قرار کر دیا۔ چنانچہ اس نے بھی حاکم سے کرسی مانگی اور چونکہ وہ کھڑا تھا اور اسکے اور حاکم کے درمیان پنکھا تھا' جس کی وجہ سے وہ حاکم کے چہرہ کو دیکھ نہ سکتا تھا۔ اس لئے اس نے پنکھے کے نیچے سے جھک کر حاکم کو خطاب کیا۔ مگر ڈگلس نے جواب دیا کہ میرے پاس کوئی ایسی فہرست نہیں ہے۔ جس میں تمہارا نام کرسی نشینوں میں درج ہو۔ اس پر اس نے پھر اصرار کے ساتھ کہا۔ تو حاکم نے ناراض ہو کر کہا کہ بک بک مت کر پیچھے ہٹ اور سیدھا کھڑا ہو جا۔" (سیرت المہدی حصہ اول ص ۲۴۸ مصنفہ مرزا بشیر احمد قادیانی ابن مرزا قادیانی)

انگریزوں کا نوکر:۔ مرزا قادیانی اپنے باپ کی غداریوں پر گواہی دیتا ہوا کہتا ہے۔

" اور میرا باپ اس طرح خدمات میں مشغول رہا۔ یہاں تک کہ پیرانہ سالی

تک پہنچ گیا اور سفر آخرت کا وقت آگیا اور اگر ہم اس کی تمام خدمات لکھنا چاہیں تو اس جگہ سما نہ سکیں اور ہم لکھنے سے عاجز رہ جائیں۔ پس خلاصہ کلام یہ ہے کہ میرا باپ سرکار انگریزی کے مراحم کا ہمیشہ امیدوار رہا اور عندالضرورت خدمات بجا لاتا رہا۔ یہاں تک کہ سرکار انگریز نے اپنی خوشنودی کی چٹھیات سے اس کو معزز کیا اور ہر وقت اپنی عطاؤں کے ساتھ اس کو خاص فرمایا اور اس کی غم خواری فرمائی اور اس کی رعایت رکھی اور اس کو اپنے خیر خواہوں میں سے سمجھا۔ (نورالحق حصہ اول ص ۲۸ مصنفہ مرزا قادیانی)

لعنت بر پدر فرنگ (ناقل)

باپ کے بعد بیٹے' مسند غداری پر :۔ مرزا غلام احمد نے اپنے دونوں بیٹوں کی تربیت ایسے زہریلے انداز سے کی کہ اس کی موت کے بعد اس کے دونوں بیٹے اس سے زیادہ انگریز کے وفادار اور مسلمانوں کے لئے جفا دار ثابت ہوئے۔ اور انہوں نے اپنے باپ کے ناپاک مشن کو خوب چلایا۔ اس بات کی گواہی مرزا قادیانی سے سنئے۔

" پھر جب میرا باپ فوت ہو گیا۔ تب ان خصلتوں میں اس کا قائم مقام میرا بھائی ہوا۔ جس کا نام مرزا غلام قادر تھا اور سرکار انگریزی کی عنایات ایسے ہی اس کے شامل حال ہو گئیں جیسی کہ میرے باپ کے شامل حال تھیں اور میرا بھائی چند سال بعد اپنے والد کے فوت ہو گیا۔ پھر ان دونوں کی وفات کے بعد میں ان کے نقش قدم پر چلا اور ان کی سیرتوں کی پیروی کی" (نور الحق حصہ اول ص ۲۸ مصنفہ مرزا قادیانی)

اور شیطان کی قیادت میں آج تک تیری ناپاک ذریت تیرے ناپاک نقش قدم پر چل رہی ہے۔ (ناقل)

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں انگریزوں کا سپاہی :۔ " میں ایک ایسے خاندان سے ہوں کہ جو اس گورنمنٹ کا پکا خیر خواہ ہے' میرا والد مرزا غلام مرتضیٰ گورنمنٹ کی نظر میں ایک وفادار اور خیر خواہ آدمی تھا۔ جن کو دربار انگریزی میں کرسی ملتی تھی اور جن کا ذکر مسٹر گریفن صاحب کی "تاریخ رئیسان پنجاب" میں ہے اور ۱۸۵۷ء میں انہوں نے اپنی طاقت سے بڑھ کر سرکار انگریزی کو مدد دی تھی یعنی پچاس سوار اور

گھوڑے بہم پہنچا کر عین زمانہ غدر کے وقت سرکار انگریزی کی امداد میں دیئے تھے' پھر میرے والد صاحب کی وفات کے بعد میرا بڑا بھائی مرزا غلام قادر خدمات سرکاری میں مصروف رہا اور جب تمون کی گزر گاہ پر خضداروں کا سرکار انگریزی کی فوج سے مقابلہ ہوا تو سرکار انگریزی کی طرف سے لڑائی میں شریک تھا۔" (کتاب البریہ اشتہار مورخہ ۲۰ ستمبر ۱۸۹۷ء ص ۳ مصنفہ مرزا قادیانی)

غدار خاندان کا سربراہ :۔ " سب سے پہلے میں یہ اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ میں ایسے خاندان میں سے ہوں جس کی نسبت گورنمنٹ نے ایک مدت دراز سے قبول کیا ہوا ہے کہ وہ خاندان اول درجہ پر سرکار دولت مدار انگریزی کا خیر خواہ ہے۔" (مرزا قادیانی کی لیفٹیننٹ گورنر بہادر کے حضور درخواست مندرجہ تبلیغ رسالت جلد ہفتم ص ۸ ـ ۹ ـ ۱۱ مولفہ میر قاسم علی قادیانی)

انگریزوں کا پرورش کردہ خاندان :۔ مرزا غلام مرتضیٰ کا خاندان انگریزوں کا پالا پوسا خاندان تھا۔ جن کی ہر جائز و ناجائز ضرورت پورا کرنا اور ان کی ہر طرح سے حفاظت کرنا برطانوی گورنمنٹ کا فرض تھا۔ اس موضوع پر مرزا قادیانی کس فخر کے ساتھ اظہار خیال کرتے ہوئے کہتا ہے۔

" ہمارا جاں نثار خاندان سرکار دولت مدار (سلطنت انگلشیہ) کا خود کاشتہ پودا ہے۔ ہم نے سرکار انگریزی کی راہ میں اپنا خون بہانے اور جان دینے سے بھی کبھی دریغ نہیں کیا۔" (تبلیغ رسالت جلد ہفتم مصنفہ مرزا قادیانی)

مرزا غلام قادر کی موت پر انگریزی حکومت کا تمغہ خدمت :۔ " مرزا قادیانی کے باپ کے جہنم رسید ہونے پر پنجاب کے فنانشل کمشنر نے مرزا قادیانی کے بڑے بھائی مرزا غلام احمد کے پاس ۱۹ جون ۱۸۷۶ء کو جو مراسلہ بھیجا اس میں تعزیتی کلمات کے بعد لکھا گیا مضمون پیش خدمت ہے۔

"Ghulam Murtaza who was a great well wisher and faithful Chief of Government. In consideration of your family services, I will esteem you with the same respect as that on your loyal father, I will keep in mind the restoration welfare of your family when a favourable opportunity occurs"

ترجمہ: " مرزا غلام مرتضیٰ سرکار انگریز کا اچھا خیر خواہ اور وفادار رئیس تھا' آپ کے خاندان کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم آپ کی بھی اسی طرح عزت کریں گے' جس طرح تمہارے وفادار باپ کی کی جاتی تھی۔ ہم کو اچھے موقع کے نکلنے پر تمہارے خاندان کی بہتری اور پابجائی کا خیال رہے گا۔" (المرقوم ۲۹ جنوری ۱۸۷۶ء کتاب البریہ مصنفہ مرزا قادیانی)

خوب عہد نبھا رہے ہو۔ آج بھی اس کے پڑ پوتے مرزا طاہر کو لندن میں سینے سے لگائے بیٹھے ہو۔ دنیا کی یہ دو اسلام دشمن قومیں اس عہد کو کیوں نہ نبھائیں' دونوں ایک دوسرے کی ضرورت ہیں' دونوں کے مقاصد ایک ہیں اور دونوں کی منزل ایک ہے!

غدار نامہ یا اعمال نامہ:۔ قادیانیوں کی نئی نسل سے میں دست بستہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ آنکھوں سے تعصب کی پٹی اتار کر اور خالی الذھن ہو کر دربار فرنگی سے مرزا قادیانی کے باپ مرزا غلام مرتضیٰ اور بھائی مرزا غلام قادر کے نام جاری ہونے والے ان خطوط کو پڑھیں' جن کے ہر ہر لفظ سے غداری کی بدبو اٹھتی ہے اور جن کی ہر ہر سطر سے ضمیر فروشی و وطن فروشی کا تعفن پیدا ہوتا ہے اور پھر اس خاندان سے انگریز کو اپنی انگریزی نبوت چلانے کے لئے مرزا غلام احمد قادیانی کے صورت میں جھوٹا نبی ملتا ہے جو ملت اسلامیہ کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لئے عقیدہ ختم نبوت پر حملہ آور ہوتا ہے اور ہندوستان کے غلام مسلمانوں کو مزید غلامی کے قعر مذلت میں گرانے کے لئے جہاد کے حرام ہونے کا اعلان کرتا ہے۔ قادیانی نوجوانو! ان خطوط کو پڑھ کر فکر کے اعتکاف میں بیٹھ کر سوچنا کہ تم کس قبیلے کے ساتھ وابستہ ہو؟ تمہاری آخرت کس

کے ساتھ وابستہ ہے؟ خدا نے آنکھیں دی ہیں دیکھو' خدا نے دماغ دیا ہے۔ پرکھو' سوچو' کیونکہ آمد عزرائیل کے بعد ہر سوچ لا حاصل ہو گی!

" مرزا صاحب مشفق مہربان دوستان مرزا غلام مرتضٰی خاں صاحب رئیس قادیان' بصد شوق ملاقات واضح ہو کہ پچاس گھوڑے مع سواران زیر افسری مرزا غلام قادر برائے امداد سرکاری و سرکوبی مفسدان مرسلہ آن مشفق ملاحظہ سے گذرے۔ ہم اس ضروری امداد کا شکریہ ادا کر کے وعدہ کرتے ہیں کہ سرکار انگریزی آپ کی اس وفاداری اور جاں نثاری کو ہرگز فراموش نہ کرے گی۔ آں مشفق اس مراسلہ کو بمراد اظہار خدمات سرکار اپنے پاس رکھیں۔ تاکہ آئندہ افسران انگریزی کو آپ کے خاندان کی خدمات کا لحاظ رہے۔ فقط

(الراقم مسٹر جیمس نسبٹ صاحب) بہادر ڈپٹی کمشنر ضلع گورداسپور

دستخط بحروف انگریزی ۵۷ء مقام گورداسپور

خاکسار عرض کرتا ہے کہ مرزا غلام احمد مرتضٰی صاحب حضرت صاحب کے والد ماجد تھے۔ جنہوں نے ۱۸۵۷ کے غدر کے موقعہ پر اپنی گرہ سے پچاس گھوڑے اور ان کا سارا سازو سامان مہیا کر کے اور پچاس سوار اپنے عزیزوں اور دوستوں سے تیار کر کے سرکار کی امداد کے لئے پیش کئے تھے۔

از پیش گاہ (مسٹر جیمس نسبٹ (صاحب بہادر) ڈپٹی کمشنر ضلع گورداسپور

دستخط بحروف انگریزی (مہر دفتر ڈپٹی کمشنر گورداسپور)

عزیز القدر مرزا غلام قادر ولد مرزا غلام مرتضٰی رئیس قادیان۔

بمقابلہ باغیاں ناعاقبت اندیش ۵۷ء آں عزیز القدر نے بمقام میر تھل اور ترموں گھاٹ جو شجاعت اور وفاداری سرکار انگریزی کی طرف سے ہو کر ظاہر کی ہے۔ اس سے ہم اور افسران ملٹری بدل خوش ہیں۔ ضلع گورداسپور کے رئیسوں میں سے اس موقعہ پر آپ کے خاندان نے سب سے بڑھ کر وفاداری ظاہر کی ہے' آپ کے خاندان کی وفاداری کا سرکار انگریزی کے افسران کو ہمیشہ مشکوری کے ساتھ خیال رہے گا۔ یہ جلدوئے اس وفاداری کے ہم اپنی طرف سے آں عزیز القدر کو یہ سند بطور خوشنودی

مزاج عطا فرماتے ہیں۔

المرقوم یکم اگست ۱۸۵۷ء

خاکسار عرض کرتا ہے۔ کہ مرزا غلام قادر صاحب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے جو حضرت صاحب سے چند سال بڑے تھے اور ۱۸۸۳ء میں فوت ہوئے۔

دستخط بحروف انگریزی جنرل نکلسن بہادر

تہور پناہ شجاعت دستگاہ مرزا قادر خلف مرزا غلام مرتضیٰ رئیس قادیان۔

" چونکہ آپ نے اور آپ کے خاندان نے بمقابلہ باغیان بداندیش و مفسدان بدخواہ سرکار انگریزی غدر ۱۸۵۷ء میں بمقام ترموں گھاٹ و میر تھل وغیرہ نہایت دلدہی اور جاں نثاری سے مدد دی ہے۔ اور اپنے آپ کو سرکار انگریزی کا پورا وفادار ثابت کیا ہے اور اپنے طور پر پچاس سوار معہ گھوڑوں کے بھی سرکار کی مدد اور مفسدوں کی سرکوبی کے واسطے امداد دیئے ہیں۔ اس واسطے حضور ایں جناب کی طرف سے بنظر آپ کی وفاداری اور بہادری کے پروانہ ہذا سنداً آپ کو دے کر لکھا جاتا ہے کہ اس کو اپنے پاس رکھو۔ سرکار انگریزی اور اس کے افسران کو ہمیشہ آپ کی خدمات اور ان حقوق اور جاں نثاری پر جو آپ نے سرکار انگریزی کے واسطے ظاہر کئے ہیں۔ احسن طور پر توجہ اور خیال رہے گا۔ اور ہم بھی بعد سرکوبی و انتشار مفسدان آپ کے خاندان کی بہتری کے واسطے کوشش کریں گے اور ہم نے مسٹر نسبٹ صاحب ڈپٹی کمشنر گورداسپور کو بھی آپ کی خدمات کی طرف توجہ دلا دی ہے۔ فقط

المرقوم اگست ۱۸۵۷ء

Mirza Ghlam Murtaza Khan
Chief of Qadn

As you rendered great help in enlisting sowars and supplying horses to Government the Mutiny of 1857 and maintained loyalty since its begining up-to-date and thereby

gained the favour of the Government a khilat worth Rs.200/= is presented you in recognition of good services and as a reward for your loyalty.

Moreover in accordance with the wishes of Chief Commissioner as conveyed in his No. 576, dated 10th August, 1858, this parwana is addressed to you as a token of satisfaction of Government for your fidelity and repute.

Financial Commissioner

Punjab

تہور و شجاعت دستگاہ مرزا غلام مرتضٰی رئیس قادیان بعافیت باشندہ از آنجد کہ ہنگام مفسدہ ہندوستان موقوعہ ۱۸۵۷ء از جانب آپ کے رفاقت و خیر خواہی و مدد دہی سرکار دولتمدار انگلشیہ درباب نگہداشت و بہرسانی اسپان بخوبی منصہ ظہور پہنچی۔ اور شروع مفسدے سے آج تک آپ بدل ہوا خواہ سرکار رہے۔ اور باعث خوشنودی سرکار ہوا۔ لہٰذا تعلق اس خیر خواہی اور خیرسگالی کے خلعت مبلغ دو صد روپیہ سرکار سے آپ کو عطا ہوتا ہے۔ اور حسب منشا چھٹی صاحب کمشنر بہادر نمبر ۵۷۶ مورخہ اگست ۱۸۵۸ء پروانہ ہذا باظہار خوشنودی سرکار و نیک نامی وفاداری بنام آپ لکھا جاتا ہے۔

مرقومہ تاریخ ۲۰ ستمبر ۱۸۵۸ء

نقل مراسلہ

فنانشل کمشنر پنجاب مشفق مہربان

دوستان مرزا غلام قادر رئیس قادیان حفظ

To

Mirza Ghulam Murtaza Khan
Chief of Qadian

I have persued your application reminding me of your and your family's past services and rights. I am well aware that since the introduction of the British Government you and your family have certainly remained devoted faithful and steady subjects and that your rights are really worthy of regard. In every respect you may rest assured and satisfied that the British Government will never forget your family's rights and servises which will receive due consideration when a favourable opportunity offers itself.

You must continue to be faithful and devoted subjects as in it lies the satisfaction of the Government and your welfare.

Robert Casts
Commissioner Lahore

مرزا غلام مرتضیٰ رئیس قادیان حفظ

عریضہ شما مشربیاد دہانی خدمات و حقوق خود و خاندان خود بملاحظہ حضور ایں جانب درآمد۔ ماخوب مید انیم کہ بلاشک شماو خاندان شما از ابتدائے دخل و حکومت سرکار انگریزی جاں نثار وفا کیش ثابت قدم ماندہ رید و حقوق شما دراصل قابل قدر اند۔ بہر بہنج تسلی و تشفی دارید۔ سرکار انگریزی حقوق و خدمات خاندان شما ہرگز فراموش نخواہد کرد۔ بموقعہ مناسب بر حقوق و خدمات شما غور و توجہ کروہ خواہد شد۔ باید کہ ہمیشہ ہوا خواہ و جان نثار سرکاری انگریزی بمانند کہ دریں امر خوشنودی سرکار و بہبودی شما متصوراست۔ فقط

المرقوم ۱۱ جون ۱۸۴۹ء
مقام لاہور انار کلی
نقل مراسلہ

رابرٹ کسٹ صاحب بہادر ۔ کمشنر لاہور

فرنگی کے اقتدار کو استحکام دینے کے لئے اپنا تن من دھن وقف کرنے والے ننگ دین وننگ وطن مرزا غلام مرتضیٰ!

دسترخوان انگریز کی جھوٹی ہڈیاں چوسنے والے ضمیر فروش و وطن فروش مرزا غلام مرتضیٰ!

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے سپاہیوں کے قاتل مرزا غلام قادر کے مجرم باپ مرزا غلام مرتضیٰ!

بناسپتی نبی مرزا قادیانی کے منحوس والد مرزا غلام مرتضیٰ

فخر ابلیس' امام تلبیس' مرزا بشیر الدین کے دادا مرزا غلام مرتضیٰ!

کذاب زماں مرزا ناصر اور دجال عصر مرزا طاہر کے پڑدادا مرزا غلام مرتضیٰ! اگر ہوائیں میری آواز تیری قبر کی مٹی کو چیر کر تیرے کانوں تک پہنچا دیں تو غدار دین وملت! سن لے جس فرنگی کی حکومت کو دوام بخشنے کے لئے تو نے اپنی دنیا و آخرت برباد کی۔ وطن کے بیٹوں کی سرفروشیوں سے وہ ہندوستان سے بوریا بستر باندھ کر کب کا جا چکا ہے اور ہندوستان آزاد ہو چکا ہے۔ تیرے مدعی نبوت بیٹے مرزا قادیانی نے جس قوم کے دل سے حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور جذبہ جہاد نوچنے کی کوشش کی تھی۔ اس قوم کے فرزندوں نے عشق رسولؐ میں ڈوب کر اور جذبہ جہاد سے سرشار ہو کر پاکستان میں قادیانی امت کو کافر قرار دے دیا ہے۔ انگریز نے قلب مسلم میں جھوٹی نبوت کا زقوم کا جو درخت لگانے کی جو ناپاک جسارت کی تھی' آج وہ درخت مسلمانوں نے جڑوں سمیت اکھیڑ کر انگریز کی گود میں پھینک دیا ہے۔ وہ قرآن جس کے کروڑوں نسخے انگریز نے جلائے اور تیرے بیٹے مرزا قادیانی نے جس قرآن میں تحریف و تبدل کے طوفان اٹھائے' آج وہی قرآن برطانیہ کی فضاؤں میں گونج رہا ہے اور وہاں تحفظ ختم نبوت کے لئے عظیم الشان کانفرنسیں منعقد ہو رہی ہیں۔ اور ہاں یہ بھی سن لے کہ وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ مرزا قادیانی کی جعلی نبوت کی سب سے زیادہ نحوست خود

برطانیہ پر پڑی ہے۔ وہ برطانیہ جس کی سلطنت میں سورج غروب نہیں ہوتا تھا۔ اس کی سلطنت کئی ملکوں میں بٹ گئی۔ آج برطانیہ بالکل سمٹ گیا ہے اور مزید سمٹتا جا رہا ہے۔ اقتصادی اور معاشی مسائل نے اسے اپنے طاقتور جبڑوں میں کس رکھا ہے۔ اور یوں محسوس ہو رہا ہے' جیسے برطانیہ کے دونوں کانوں کے ساتھ منہ لگا کر وقت پوری آواز سے کہہ رہا ہے۔

اسلام کا پرچم نہ جھکا ہے نہ جھکے گا
پھونکوں سے یہ فانوس بجھا ہے نہ بجھے گا

مواصلاتی سیارے کے ذریعے

جہنم سے

مرزا قادیانی

کا

تاریخی انٹرویو

شاں شاں، فن، فن، شرر شرر، فرر فرر، شوں شوں، ڈزن ڈزن، ٹھاہ ٹھاہ. تڑاخ تڑاخ. ہائے ہائے، ہو ہو، ہرل ہرل، ڈم ڈم، ٹھک ٹھک، چھڑل چھڑل، کرل کرل. دھڑن دھڑن. زوں زوں. فوں فوں، دھڑ دھڑ، کھڑک کھڑک، کی دلدوز اور روح کو ہلا دینے والی صدائیں جہنم سے بلند ہو رہی ہیں۔ بڑی محنت، مشقت اور جانفشانی کے بعد مصنوعی سیارے کا رابطہ جہنم سے قائم ہو چکا ہے اور عنقریب زندان جہنم کے قیدی نمبر ۴۲۰ مرزا قادیانی سے رابطہ قائم ہو جائے گا ـــــ لیجئے مرزا قادیانی سے رابطہ قائم ہو گیا ـــــ ہیلو، مرزا قادیانی ..... ہیلو مرزا قادیانی ..... ہیلو مرزا قادیانی ..... جی مرزا قادیانی بول رہا ہوں۔

س : مجھے آپ سے ایک انتہائی ضروری انٹرویو کرنا ہے۔

ج : گذشتہ پچاس برسوں سے میں نے کان پکڑے ہوئے ہیں اور جہنم کی آگ کے کوڑے میری پشت پر بجلی کی سرعت سے برسائے جا رہے ہیں جس کی تکلیف سے میری پشت کی ہڈیاں چکنا چور ہو گئی ہیں۔ ابھی چند ہی منٹ ہوئے ہیں کہ میرے عذاب میں کچھ تخفیف ہوئی ہے اور آپ اصرار کر رہے ہیں انٹرویو کے لئے۔

س : دیکھئے ہم نے آپ کے انٹرویو کے لئے کروڑوں روپے خرچ کیے ہیں اس لئے آپ ہمیں مایوس نہ کریں۔

ج : اچھا بابا میں انٹرویو کے لئے تیار ہوں۔

س : آپ سے ایک ضروری درخواست کرنا ہے کہ آپ کے منہ سے ساری زندگی جھوٹ کی آبشار گرتی رہی اور شاید ہی آپ نے کبھی سچ بولا ہو لیکن آج ہمارے سوالوں کا جواب سچ سچ دیں۔

ج : یہ سچ ہے کہ میں ساری زندگی جھوٹ ہی بکتا رہا۔ لیکن اب تو میں اپنے اعمال کی سزا پا کر جہنم کا دائمی مکین ہو چکا ہوں۔ اب مجھے جھوٹ بولنے کا کیا فائدہ۔ آپ یقین رکھئے. مجھے شیطان کی قسم، جو کہوں گا سچ کہوں گا۔

س : آج کل آپ کے مزاج ؟

ج : میرا جسم اور لپکتے شعلوں کا راج۔

س : آپ کا نام ؟

ج : میرا نام مرزا قادیانی ہے۔ بچپن میں مجھے سندھی اور دسوندی بھی کہتے تھے۔ ویسے عرف عام میں مجھے "گاماں کانا" کہا جاتا تھا۔

س : تاریخ پیدائش؟

ج : میری آٹھ دس تاریخ ہائے پیدائش ہیں۔ کیونکہ مجھے اپنے مختلف دعووں کے لئے مختلف تاریخ پیدائش درج کرنا پڑتی تھی۔ لہٰذا میری کھوپڑی کی طرح میری تاریخ پیدائش بھی بڑی ٹیڑھی ہے۔

س : کچھ والدین کے بارے میں؟

ج : میری والدہ کا نام چراغ بی بی عرف گھسیٹی اور والد کا نام غلام مرتضیٰ تھا جو بھارت کے صوبہ مشرقی پنجاب کے ضلع گورداس پور کی تحصیل بٹالہ کے ایک پسماندہ گاؤں " قادیان " کے رہائشی تھے اور میں ان کا آخری بچہ تھا۔ اتفاق زمانہ دیکھئے کہ میری ماں کا نام گھسیٹی اور دعویٰ نبوت کے بعد میرے فرشتہ کا نام ٹیچی! میں اس اتفاق پر بڑا ناز کیا کرتا تھا۔

س : آباؤ اجداد کا پیشہ؟

ج : ضمیر فروشی، ایمان فروشی، غیرت فروشی، ملت فروشی اور وطن فروشی۔ آج تک ہماری موجودہ نسل شیطان کی سرپرستی میں اس بزنس کو خوب سنبھالے ہوئے ہے۔ میرے دادا غدار اعظم تھے۔ میرے ابا بہت بڑے جاسوس تھے۔ میرا بھائی انگریز کا بازوئے شمشیر زن تھا۔ اور میں انگریزی نبوت کا دیسی نبی! ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی ہو. سکھوں کے ساتھ مسلمانوں کی معرکہ آرائی ہو، خلافت عثمانیہ کی تباہی ہو. راج پال کا فتنہ ہو. کانپور کی مسجد کی خونچکاں داستاں ہو یا کہیں بھی حق و باطل کا کوئی معرکہ ہو ہم نے ہر جگہ مسلمانوں سے غداری اور اپنے آقا انگریز سے وفاداری کا ثبوت دیا۔

س : تعلیم؟

ج : " پرائمری فیل " کیونکہ میں اکثر سکول سے بھاگ جایا کرتا تھا۔

س : بچپن کے مشاغل؟

ج : سرکنڈوں سے چڑیوں کے گلے کاٹنا، گھر سے کھانے پینے کی چیزیں چوری کرنا. راکھ کے ساتھ روٹی کھانا. لوٹے میں پرچی ڈال کر جادوگری کا فن سیکھنا. ابا کی پنشن لے کر گھر سے بھاگ جانا وغیرہ۔

س : سنا ہے سکول کے زمانہ میں آپ کی بہت پٹائی ہوتی تھی؟

ج : جی ہاں! مدرسہ میں مجھے دو دو گھنٹے کان پکڑائے جاتے اور اوپر سے تھپڑوں، گھونسوں اور

ٹھڈوں کی بارش کی جاتی، لیکن میں بھی ایسا ڈھیٹ تھا کہ پھر بھی سبق یاد نہ کرتا۔ بڑا سخت زمانہ تھا وہ۔ لیکن مدرسہ میں کان پکڑنے کی پریکٹس آج جہنم میں کان پکڑنے میں میرے بہت کام آرہی ہے۔

س : جوان ہو کر کونسا ذریعہ معاش اختیار کیا؟

ج : قادیان میں آوارہ پھرتا تھا۔ والدین کی سرزنش اور جھڑکیوں سے تنگ آکر گھر سے بھاگ اٹھا اور سیالکوٹ آکر کچہری میں پندرہ روپے ماہوار پر منشی بھرتی ہوگیا۔ یہیں پر دعویٰ نبوت کے لئے میرا انتخاب ہوگیا اور مجھے نوکری کے بوجھ سے فارغ کر کے قادیان بھیج دیا گیا۔ پھر کیا تھا، دولت میرے گھر کی باندی بن گئی اور میں شہزادہ!

س : مرتد ہوتے ہوئے اللہ اور اس کے رسولؐ سے حیا نہ آئی؟

ج : جب دماغ پر شیطان کا قبضہ ہو، حرص دنیا کی تلوار نے ضمیر کا گلا گھونٹ دیا ہو اور آنکھوں پر دولت کی چربی کی دبیز تہ چڑھی ہو تو کسی سے حیا کیسی!

س : متاثر کن شخصیت؟

ج : مسیلمہ کذاب

س : آئیڈیل؟

ج : ابلیس

س : پسندیدہ رنگ؟

ج : "سیاہ" کیونکہ یہی میرے دل کا رنگ ہے۔

س : کھیل کون سا پسند تھا؟

ج : "آنکھ مچولی" دعویٰ نبوت کے بعد اس کھیل نے مجھے بہت فائدہ پہنچایا۔

س : کس لباس کے سب سے زیادہ شوقین تھے؟

ج : "غرارہ" جو میں کبھی کبھی گرمیوں میں پہنا کرتا تھا۔

س : ہنسی کب آتی تھی؟

ج : جب دعویٰ نبوت کرتا تھا اور پھر آئینہ میں اپنی شکل دیکھتا تھا۔

س : شرم کب آتی تھی؟

ج : میں ساری زندگی شرم کا منتظر رہا لیکن شرم نہ آئی۔

س : زندگی میں ٹوٹ کر کسے چاہا؟

ج : ملکہ اور صرف ملکہ کو۔

س : حیات مستعار میں دشمنی کس سے رکھی؟

ج : اسلام، پیغمبر اسلام اور مسلمانوں سے۔

س : من پسند کھانا؟

ج : "بھنا ہوا گوشت" لیکن کسی مرید کے گھر کا۔

س : دل پسند مشروب؟

ج : پلومر کی ٹانک وائنؔ۔

س : پسندیدہ مشغلہ؟

ج : آدھی رات کو بھانو سے ٹانگیں دبوانا۔

س : محبوب جانور؟

ج : "خنزیر" کیونکہ میں نے اس سے بہت کچھ سیکھا اور اس نے مجھ سے بہت کچھ سیکھا۔

س : چوبیس گھنٹوں میں سب سے زیادہ کون سا وقت پسند تھا؟

ج : جب کسی مرید کا منی آرڈر آتا تھا۔

س : پسندیدہ پھل؟

ج : "سنگھاڑے" کیونکہ یہ میرے منہ سے بہت مشابہت رکھتے تھے۔

س : ناپسندیدہ پھل؟

ج : "گنڈیریاں" کیونکہ انہیں کھانے سے میرے بے ڈھبے منہ کے جو زاویئے بنتے تھے لوگ انہیں دیکھ کر ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو جایا کرتے تھے۔

س : پسندیدہ سبزی؟

ج : "کچا پیاز" کیونکہ اسے سونگھنے سے میرے دماغ کی بدبو میں کمی واقع ہوتی تھی۔

س : ناپسندیدہ سبزی؟

ج : "بینگن" کیونکہ اسے کھانے سے مجھے بواسیر ہو جاتی تھی۔

س : پسندیدہ شہر؟

ج : شہر ملکہ معظمہ "لندن"

س : کانوں کو کون سی آواز بھاتی تھی؟

ج : "الو کی آواز" کیونکہ یہ مجھے اپنی ہی آواز معلوم ہوتی تھی!

س : کون سا پھول طبیعت کو سب سے زیادہ پسند تھا؟

ج : میرا پھول سے کیا ناطہ. نہ مجھ میں خوشبو. نہ لطافت. نہ نفاست. میں تو ساری زندگی بدبو اور تعفن بکھیرتا رہا۔ میں نے ساری زندگی کانٹوں سے پیار کیا اور خود بھی ارتداد کا کانٹا تھا اور لوگوں کے دلوں میں چبھ چبھ کر ان کے ایمانوں کا خون کرتا رہا۔

س : پسندیدہ شاعر؟

ج : امراء القیس

س : وہ شعر جو سب سے زیادہ پسند ہو؟

ج : میں خود بھی ایک بہت بڑا شعر کش شاعر تھا۔ مجھے اپنا ہی شعر سب سے زیادہ پسند ہے کیونکہ اس میں میری ساری شخصیت کا تعارف سمویا ہوا ہے۔ میرا یہ شعر میرے مجموعہ کلام "درثمین" کے صفحہ ۱۱۶ پر موجود ہے۔

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

س : پسندیدہ سواری؟

ج : میں نے سواری کیا کرنی تھی۔ ساری زندگی شیطان ہی مجھ پر سوار رہا

س : پسندیدہ گلوکار؟

ج : میں خود بہت بڑا گلوکار تھا اور اکثر اداس شاموں کو قادیان کے باہر "چھپڑ" کے کنارے اپنی سریلی آواز میں اپنا ہی کلام گایا کرتا تھا اور آواز کی نغمگی سے بے ہوش ہو جایا کرتا تھا. اگر آپ فرمائش کریں تو میں ابھی آپ کو اپنا کلام اپنی مترنم آواز میں سناتا ہوں جو میری کتاب "آریہ دھرم" کے صفحہ ۷۶، ۷۷ پر درج ہے۔

چپکے چپکے حرام کروانا
آریوں کا اصول بھاری ہے
نام اولاد کے حصول کا ہے
ساری شہوت کی بے قراری ہے
بیٹا بیٹا پکارتی ہے غلط
یار کی اس کو آہ و زاری ہے

دس سے کروا چکی ہے زنا لیکن
پاک دامن ابھی بے چاری ہے
زن بیگانہ پر یہ شیدا ہیں
جس کو دیکھو وہی شکاری ہے

س : آپ سیالکوٹ کی کچہری کی ملازمت کے زمانہ میں رات کو انگریزی زبان کی ٹیوشن بھی پڑھا کرتے تھے، کیوں؟

ج : کیونکہ انگریزی نبی بننے کے لئے تھوڑی بہت انگریزی زبان جاننا ضروری تھا۔

س : اپنی کس چیز پر سب سے زیادہ ناز تھا؟

ج : آنکھوں پر (شرماتے ہوئے)۔

س : کون سے رنگ کی روشنی سب سے زیادہ پسند تھی؟

ج : میرا روشنیوں سے کیا تعلق، میں تو اندھیروں کا عاشق تھا اور وہ بھی گھٹا ٹوپ۔

س : آپ کا قد؟

ج : دنیا میں تو تقریباً ساڑھے پانچ فٹ تھا لیکن یہاں پر قد ایک سا نہیں رہتا۔ جب پشت، کمر اور ٹانگوں پر زیادہ مار پڑتی ہے تو قد لمبا ہو جاتا ہے اور اگر یہی مار سر پر پڑنی شروع ہو جائے تو قد چھوٹا ہو جاتا ہے۔

س : فن گلوکاری میں آپ کا استاد کون تھا؟

ج : "کوا" میں نے گائیکی اور موسیقی کے سارے فنون "کوے" سے ہی سیکھے ہیں۔ کوا برادری سے الفت اور محبت کا یہی وہ رشتہ ہے جس کی وجہ سے آج بھی کوے میری قبر پر اکثر کائیں کائیں کرتے رہتے ہیں۔

س : آپ کے مرید مفتی صادق نے اپنی کتاب "ذکر حبیب" کے صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ ایک مرتبہ آپ تھیٹر بھی دیکھنے گئے تھے؟

ج : ہم تھیٹر دیکھنے چلے گئے تو کیا ہوا، بھئی ہم کون سے سچے نبی تھے۔

س : آپ کا پسندیدہ ایکٹر؟

ج : یہ سوال تو ایسے ہی ہے جیسے عقاب سے پوچھا جائے کہ سب سے تیز پرواز کس کی ہے۔ جناب! مجھ سے بڑا ایکٹر ماں نے کہاں جنم دیا ہو گا۔ اگر میں کریکٹر ایکٹر نہ ہوتا تو انگریز میرا انتخاب کیوں کرتے۔ میں نے سینکڑوں دعوے کیے، سینکڑوں بہروپ اختیار کیے، ہزاروں

رول ادا کیے اور ہزاروں لوگوں کو پیچھے لگایا اور میرا فن ایکٹری دیکھئے کہ آج بھی لاکھوں میری ایکٹنگ اور بہروپ کے اسیر ہیں۔ کیا اب بھی میں اس قابل نہیں کہ اپنے سینے پر ایکٹر اعظم کا تمغہ سجا سکوں۔ میرا پوتا مرزا طاہر تو اس فن میں اس عروج پر ہے کہ ہالی وڈ کے اداکار بھی اسے اپنا استاد تسلیم کرتے ہیں۔

س : آپ کا بہترین دوست؟

ج : "حکیم نورالدین" بہت بڑا مرتد تھا۔ آج کل جہنم میں میرے ساتھ ہی ہوتا ہے اور خوب خوب جوتے کھاتا ہے، بڑا شوق تھا اسے صحابی بننے کا۔

س : آپ کی پسندیدہ زبان؟

ج : اپنے آقا کی زبان "انگریزی" لیکن کم بخت ساری زندگی مجھے بولنی اور لکھنی نہ آئی۔ ویسے بائی دی وے آپ نے میرے انگریزی الہامات پڑھے تو ہوں گے۔ کیسی درگت بنائی ہے میں نے انگریزی کی۔

س : پسندیدہ کھلاڑی؟

ج : "لڑاکا بٹیر" کیونکہ مجھے بٹیر بازی کا بڑا شوق تھا۔

س : آپ کے بیٹے مرزا بشیر احمد نے اپنی کتاب "سیرت المہدی" میں لکھا ہے کہ آپ نے ایک کتا پال رکھا تھا جس کا نام "شیرو" تھا اور وہ گھر کے دروازے کے ساتھ بندھا رہتا تھا۔ بڑا فضول شوق تھا آپ کا؟

ج : جناب ہم نے گھر میں کتا پال لیا تو کون سی قیامت ٹوٹ پڑی۔ انگریز نے بھی تو ہمیں پالا تھا اور ہمارے گلے میں اسی کا پٹہ تھا۔

س : پسندیدہ خوشبو؟

ج : بھئی کمال کرتے ہیں آپ بھی۔ ٹٹی خانہ میں مرنے والے کا خوشبو سے کیا تعلق!

س : پسندیدہ برتن؟

ج : "ذاتی لوٹا" کیونکہ وہ بھی میری طرح بے پیندہ تھا۔

س : تینوں میں سب سے زیادہ کسے چاہا؟ زن، زر، زمین۔

ج : تینوں کو پھدک پھدک کر چاہا۔ اچھل اچھل کر چاہا۔ تڑپ تڑپ کر چاہا۔ کردٹ کردٹ چاہا حتیٰ کہ تینوں کے حصول کے لئے مرتد ہو گیا۔

س : زندگی کے حسین لمحات؟

ج : جب ستر سال کی عمر اور ستر بیماریوں کی موجودگی میں نوخیز دلہن نصرت جہاں بیگم کو بیاہ کر لایا۔ .....ہائے

س : زندگی میں پھوٹ پھوٹ کر کب روئے؟

ج : جب ایک نوجوان مرزا سلطان میری آسمانی منکوحہ محمدی بیگم کو میری آنکھوں کے سامنے پالکی میں بٹھا کر لے گیا۔

س : تکیہ کلام؟

ج : لعنت، لعنت، لعنت، لعنت.....

س : وہ شخصیت جو شدت سے یاد آتی ہو؟

ج : میرا فرشتہ "ٹیپی ٹیپی" جب سے مرا ہوں کبھی ملاقات کے لئے نہیں آیا۔ پتہ نہیں کہاں چلا گیا ہے کم بخت!

س : آپ کو دربار انگریز سے اچھی خاصی ماہانہ رقم آجاتی تھی لیکن سنا ہے اس کے علاوہ آپ سائیڈ بزنس بھی کرتے تھے۔ کیا تھا وہ سائیڈ بزنس؟

ج : جھوٹی مقدمہ بازی! مجھے جھوٹے مقدمے لڑنے میں بڑی مہارت حاصل تھی۔ تھا جو کچہری کا کیڑا، ویسے بھی حکومت اپنے آقا کی تھی اور عدالت بھی اپنے آقا کی، پھر فیصلے بھی میرے حق میں ہوتے تھے۔ سمجھ گئے ناں آپ!

س : صبح اٹھتے ہی پہلا کام کون سا کرتے تھے؟

ج : پیشاب کرتا تھا

س : رات کو سوتے وقت آخری کام کون سا کرتے تھے؟

ج : پیشاب کی دھار مارتا تھا (غصہ سے)

س : آپ کی کتابوں میں پڑھا ہے کہ آپ کو دن میں سو دفعہ پیشاب آتا تھا۔ کیا یہ صحیح ہے؟

ج : جی ہاں! مجھے دن میں گن کر سو دفعہ پیشاب آتا تھا اور میرا آدھا دن اسی کھیل میں صرف ہو جاتا تھا۔

س : آج کل جہنم میں پیشاب آنے کا کیا سکور ہے؟

ج : جہنم کی تپش سے اول تو پیشاب بنتا ہی نہیں۔ کسی وقت جو تھوڑا سا بنتا ہے وہ بخارات بن کر میرے دماغ کو چڑھ جاتا ہے۔

س : سنا ہے آپ ریشمی ازار بند استعمال کرتے تھے؟ اور گھر کی ساری چابیاں ازار بند کے ساتھ

باندھ لیتے تھے اور جب چلتے تھے تو چھن چھن کی آواز آتی تھی اور یہی آواز آپ کی آمد کی اطلاع ہوتی تھی۔ کیا وجہ تھی اس کی؟

ج : پیشاب کے تابڑ توڑ حملوں کی وجہ سے مجھے بار بار لیٹرین میں بھاگنا پڑتا تھا اور اگر سوتی ازار بند استعمال کرتا تھا تو گرم گرم، تازہ تازہ پیشاپ میرے کپڑوں میں نکل جاتا تھا اس لئے گرہ جلدی کھولنے کے لئے ریشمی ازار بند استعمال کرتا تھا باقی رہی چابیوں کی بات تو عرض ہے چونکہ میں خود چور تھا اس لئے مجھے گھر میں سب چور نظر آتے تھے لہٰذا میں گھر کے تمام صندوقوں اور الماریوں کو تالے لگا کر چابیاں ازار بند کے ساتھ باندھ لیتا تھا اور چھن چھن تو میرا دل پسند میوزک تھا۔

س : زندگی میں سب سے زیادہ غصہ کب آیا؟

ج : جب پادری آتھم سے میری مقابلہ بازی شروع ہوئی اور چپقلش اپنے عروج پر پہنچ گئی تو ایک دن میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ ـــــ اور بڑ ہانک دی کہ آتھم فلاں تاریخ تک مر جائے گا

پورے ہندوستان میں اس بات کی شہرت پھیل گئی اور لوگ اس تاریخ کا انتظار کرنے لگے۔ میں منہ سے بکواس تو کر چکا تھا لیکن اب پچھتا رہا تھا۔ اپنے آقا شیطان کے سامنے پھوٹ پھوٹ کر رویا کہ پادری آتھم کو مار دو ورنہ میں ذلیل و رسوا ہو جاؤں گا۔ سارے مرید بھاگ جائیں گے۔ دوکانداری بند ہو جائے گی اور میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہوں گا۔ میں اور میرے اہل خانہ نے رو رو کر دعائیں کیں جنتر منتر کئے لیکن بے سود! آخر میری مقرر کردہ موت کی تاریخ آپہنچی لیکن پادری آتھم زندہ رہا۔ پھر کیا تھا! عیسائیوں نے آتھم کو کندھوں پر اٹھایا، گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے، سڑکوں پر جلوس نکالا، خوشی سے بغلیں بجائیں، ڈھول بجائے، میرے خلاف نعرے بازی کی، لعن طعن کی، میرے نبی ہونے کا مذاق اڑایا، میری انگریزی نبوت کا منہ چڑایا، عیسائی مجھے چت کر کے ناچ رہے تھے اور میں مغرور مجرم کی طرح اپنے مکان میں دبکا بیٹھا تھا۔ مجھے اس دن اپنی زبان اور اپنی بکواس پر شدید غصہ آرہا تھا۔ میں نے عالم تنہائی میں اپنے منہ پر دونوں طرف خود ہی زناٹے دار تھپڑ رسید کئے۔ پھٹے ہوئے منہ سے جھوٹی زبان نکال کر اس پر خاک ڈالی اور غصہ کی کیفیت یہ تھی کہ شاید میں اپنی ناک ہی کاٹ ڈالتا تاکہ ساری زندگی کسی کو شکل نہ دکھاتا۔

س : جسم پر کوئی شناختی نشان؟

ج : میرے سینے پر بائیں طرف دل کے عین اوپر بطخ کے انڈے کے برابر سیاہ نشان تھا

س : کوئی خواہش جس کی دل میں شدید تڑپ ہو؟

ج : کاش مجھے موت آجائے لیکن اب ایسا نہیں ہو سکتا۔

س : دنیا میں تو نوکر چاکر ہر وقت خدمت کے لئے حاضر رہتے تھے اور رات کو آپ کی پسندیدہ ملازمہ بھانو ٹانگیں دباتی تھی۔ یہاں کون ٹانگیں دباتا ہے؟

ج : یہاں ٹانگیں دبانے والا تو کوئی نہیں البتہ ٹانگیں توڑنے والے بہت ہیں۔

س : آپ نے بڑھاپے سیاپے میں جب نو دوشیزہ نصرت جہاں سے شادی رچائی تو اسے ایک سو تولہ سے زائد زیور کہاں سے پہنایا؟ حالانکہ دوران ملازمت آپ کی آمدنی صرف پندرہ روپے ماہوار تھی اور بعد میں تو بالکل نکمے ہی رہے۔

ج : میں انگریز کا لاڈلا بیٹا تھا اور نصرت جہاں انگریز کی لاڈلی بہو۔ اپنی چہیتی بہو کو اتنا زیور میرے والدین نے ہی پہنایا تھا ورنہ میں تو لوہے کی انگوٹھی بھی نہیں پہنا سکتا تھا۔

س : جسم کے کس حصہ پر سب سے زیادہ عذاب نازل ہو رہا ہے؟

ج : میری آوارہ اور لچر زبان پر، کیونکہ یہ اسلام کے خلاف بکواس کرنے میں قینچی کی طرح چلتی تھی آج کل جہنم کی آگ سے بنی ہوئی قینچی سے اس کے ٹکڑے کئے جاتے ہیں اور یہ عمل مسلسل جاری ہے

س : آپ کی شخصیت ہر پہلو اور ہر جہت سے ایک خطرناک، ہولناک زہرناک، ضرر رساں، شرر رساں، ایمان سوز اور انسانیت سوز شخصیت ہے۔ کیا آپ کی شخصیت کا کوئی فائدہ بھی ہے؟

ج : میری شخصیت کے بہت سے فوائد بھی ہیں لیکن لوگوں کی کم علمی کہ وہ ان فوائد سے آشنا نہیں چند فوائد پیش خدمت کرتا ہوں:

۱۔ جس مکان میں میری تصویر لگی ہو وہاں چڑیلیں اور بھوت نہیں آتے کیونکہ میری شکل دیکھتے ہی انہیں ٹھنڈے پسینے آنے لگتے ہیں اور وہ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگتے ہیں۔ بڑی خوفناک اور وحشت ناک شکل ہے میری! اس قدر نحوست برس رہی ہوتی ہے اس مکان پر کہ مکھی، مچھر، کھٹمل اور چھپکلی وغیرہ بھول کر بھی اس مکان کا رخ نہیں کرتے۔

۲۔ جو شخص شیطان کی قربت چاہتا ہو اور اس مقصد کے لئے بہت سی ریاضتیں اور چلہ

کشیاں کر چکا ہو لیکن ابھی تک وہ شیطان سے دوستی کا بندھن باندھنے میں ناکام رہا ہو اسے چاہئے کہ صبح سویرے نہار منہ روزانہ لیٹرین میں دس منٹ کان پکڑ کر (مرغا بن کر) شیطان کو تصور میں لا کر میرے نام کا ورد کرے پھر میرے نام کی تاثیر دیکھے اور مہینوں میں ہونے والا کام دو چار دنوں میں مکمل، دوستی بھی ایسی نصیب ہو گی کہ شیطان چوبیس گھنٹے اس کے رگ و ریشے میں گھسا ہو گا اور دونوں کے یارانے پر چھوٹے چھوٹے شیاطین رشک کریں گے۔

۳۔ اگر کوئی شخص بیماری، مقدمات، قرض یا کسی بھی مصیبت میں مبتلا ہو، وہ خلوص دل کے ساتھ مجھ پر لعنت کرے، تھوڑی ہی دیر میں اللہ تعالیٰ اسے مشکلات سے یوں نکال لیں گے جیسے مکھن سے بال، کیونکہ مجھ پر لعنت کرنے والا اللہ تعالیٰ کو بہت پیارا لگتا ہے۔

۴۔ میں اینٹیں بنانے والے بھٹوں کے مالکان کو ایک انتہائی مفید مشورہ دینا چاہتا ہوں کہ اگر ان کے بھٹے صحیح طور پر آگ نہ پکڑیں اور اینٹیں کچی نکلیں اور انہیں لاکھوں روپے کا نقصان ہو تو وہ کہیں سے میری قبر کی مٹی حاصل کریں اور بھٹے کو آگ دینے سے پہلے میری قبر کی مٹی کی چند چٹکیاں بھٹے میں پھینک دیں پھر دیکھیں کیسی زبردست آگ لگتی ہے اور کیسی عمدہ اینٹیں پک کر باہر نکلتی ہیں کیونکہ میری قبر کی مٹی کو آگ اس طرح پکڑتی ہے جس طرح بھوکی بلی چوہے کو پکڑتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے مٹی دستیاب نہ ہو تو یہی کام میری تصویر سے لیا جا سکتا ہے۔

۵۔ گھر میں اگر گائے، بھینس یا بکری وغیرہ دودھ نہ دیتی ہوں تو چپکے سے ان کے کان میں کہہ دیں کہ اگر تم نے دودھ نہ دیا تو تمہارے گلے میں مرزا قادیانی کی تصویر ڈالی جائے گی۔ آپ دیکھیں گے کہ وہ تھرا اٹھیں گی اور فوراً دودھ دینے لگیں گی۔

س : آپ کی تصویر تو بہت کار آمد چیز ہوئی۔ برائے مہربانی یہ بتا دیں کہ آپ کی تصویر کہاں سے دستیاب ہو سکتی ہے؟

ج : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ننکانہ صاحب شمع ختم نبوت کے پروانوں کی جماعت ہے۔ مجھ جیسے سارق ختم نبوت کو ذلیل و رسوا کرنے کے لئے اور میری منحوس "بوتھی" عوام الناس کو دکھانے کے لئے مجلس نے لاکھوں کی تعداد میں میری تصویر جوتوں کا حاشیہ لگا کر شائع کی ہے اور پاکستان اور بیرون پاکستان تقسیم کی ہے۔ میرے یہ ازلی و ابدی دشمن ہمیشہ اپنے سٹاک میں میری تصویر کی ایک بڑی تعداد محفوظ رکھتے ہیں۔ آپ آج ہی خط لکھ کر تصویر منگوا

سکتے ہیں اور اپنے کام سنوار سکتے ہیں۔ ضرورت مند پتہ نوٹ فرمالیں۔
متین خالد، دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، نسیم منزل، ریلوے روڈ، ننکانہ صاحب، ضلع شیخوپورہ۔

س : سنا ہے آپ جوتے کا دایاں پاؤں بائیں پاؤں میں اور بایاں پاؤں دائیں میں ڈال لیا کرتے تھے۔ قمیص کا نیچے والا بٹن اوپر والے کاج میں اور اوپر والا بٹن نیچے والے کاج میں بند کیا کرتے تھے، جب سر کو تیل لگاتے تھے تو ہاتھوں پر جو تیل لگا رہ جاتا تھا وہ تیل بھرے ہاتھ واسکٹ پر یا قمیص پر مل لیتے تھے۔ ان احمقانہ حرکات کی کیا وجہ تھی؟

ج : دراصل مجھے ایام لڑکپن سے افیون کھانے کی عادت تھی اور یہ سارے کمالات افیون ہی کے تھے۔

س : آپ شرافت کے اس زمانے میں افیون کھاتے تھے اور شراب پیتے تھے۔ اگر اس دور میں ہوتے تو کیا ہیروئن نہ پیتے بلکہ بیچتے؟

ج : دیکھئے زیادہ فری ہونے کی کوشش نہ کریں ورنہ میں انٹرویو بند کر دوں گا۔

س : زندگی میں اگر ایک دن کی بادشاہت مل جاتی تو؟

ج : سارے مسلمانوں کو مرتد قرار دے کر قتل کروا دیتا۔

س : آپ کی جماعت کو سب سے زیادہ نقصان کس نے پہنچایا؟

ج : پیر مہر علی شاہ گولڑوی، سید انور شاہ کشمیری، محمد حسین بٹالوی، ثناء اللہ امرتسری، پیر جماعت علی شاہ، محمد علی مونگیری وغیرہ نے پوری قوت سے میری مذمت و مرمت کی۔ تحریر و تقریر کے میدان میں مجھے زچ کیا۔ پورے عالم اسلام کو میری شر انگیزیوں سے آگاہ کیا اور میرے فتنہ ارتداد کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑے ہوگئے اور لاکھوں لوگوں کو دریائے ارتداد کے کالے پانی میں بہہ جانے سے بچالیا۔ لیکن وہ شخص جو ایک طوفان بن کر اٹھا اور جس نے میری جماعت کی کمر توڑ دی اور گردن مروڑ دی۔ اس مرد آہن کا نام سید عطاء اللہ شاہ بخاری تھا۔ وہ بڑا بہادر، دلیر اور دلاور تھا۔ آتش بیاں مقرر تھا، ساری ساری رات اپنی خطابت کا رنگ جماتا اور لوگ فجر کی نماز تک اسے جھوم جھوم کر سنتے۔ اپنے نبیؐ کی محبت میں فنا تھا۔ میرے آقا انگریز اور میرے فتنہ کے لئے دو دھاری خنجر تھا۔ لاکھوں کے مجمع میں میری نبوت کا مذاق اڑاتا۔ میرے دجل و فریب کے پردے چاک کرتا اور لوگوں کو میرے برپا کردہ فتنہ ارتداد کے خلاف جہاد کے لئے گرماتا۔ میرا تعاقب کرتے کرتے ہزاروں بپھرے ہوئے مسلمانوں کو لے کر میرے شہر

قادیان میں آپہنچا۔ تاریخی جلسہ ہوا اور ایسی غضب کی تقریر کی کہ میرا دل قبر میں کانپ کانپ گیا اور ہڈیاں چیخ چیخ گئیں۔ بعد میں اس مرد مسلماں نے پاکستان میں میری جماعت کی ارتدادی سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت قائم کی اور اس کی شاخوں کو پوری دنیا میں پھیلایا۔ آج یہی مجلس پورے عالم میں مرزائیت کو ذلت کی خاک چٹوا رہی ہے اور آج کے دور میں منظور احمد چنیوٹی، اللہ وسایا، اکرم طوفانی اور حاجی عبدالحمید رحمانی سے بڑا تنگ ہوں۔

س : مرتے وقت زبان پر کیا الفاظ تھے؟

ج : دھڑا دھڑ گالیاں بک رہا تھا۔

س : جب فرشتہ اجل کو سامنے پایا تو کیا کیفیت تھی؟

ج : سپرنگ کی طرح لرز رہا تھا۔ جسم برف کے مانند ٹھنڈا ہو گیا اور مارے خوف کے کپڑوں میں پیشاب نکل گیا۔

س : جب جسم سے روح نکالی جا رہی تھی اس وقت کیا حالت تھی؟

ج : وہی جو ٹرک کے پہیے تلے کچلے ہوئے مینڈک کی ہوتی ہے۔ ویسے روح نکالتے ہوئے بڑا غضبناک تھا فرشتہ اجل!

س : جب موت کا فرشتہ اتنا غضبناک ہو کر آپ کو اس بری طرح ادھیڑ اور بکھیر رہا تھا تو اس وقت آپ کے فرشتے ٹیچی ٹیچی، موہن لعل، درشنی، رانی وغیرہ آپ کی مدد کے لئے کیوں نہ آئے؟

ج : بھئی نقلی چیز اصلی چیز کا مقابلہ کیسے کر سکتی ہے۔ جہاں جھوٹے نبی کا اتنی بری طرح ریمانڈ لیا جا رہا تھا وہاں شیطانی فرشتوں کی کیسی "چھترول" ہوتی! اندازہ تو کریں آپ!

س : کیا یہ صحیح ہے کہ آپ ٹٹی خانہ میں مرے؟

ج : بڑا مشکل سوال کیا ہے آپ نے، جہنم میں مجھ سے لاکھوں جہنمیوں نے بھی یہ سوال پوچھا لیکن میں جھوٹ بول گیا یا ٹر خا گیا لیکن آپ سے سچ بولنے کا وعدہ کر رکھا ہے اس لئے آپ کو صاف صاف بتائے دیتا ہوں کہ یہ صحیح ہے کہ میں ٹٹی خانے میں مرا تھا۔

س : آپ کی نرالی شخصیت کی نرالی موت ایک نرالے مقام پر ہوئی۔ تاریخ انسانیت کی اس نایاب موت کا واقعہ ذرا تفصیل سے بتائیے؟

ج : میں لاہور میں برانڈرتھ روڈ پر اپنے ایک بے وقوف مرید کے ہاں مقیم تھا اور اس کے گھر اور جیب کا صفایا کر رہا تھا۔ رات کو اس کے بہترین اور پر تکلف کھانے پر خوب ہاتھ صاف

کیااور پیٹ کاجہنم بھرالیکن بدہضمی ہوگئی۔ تھوڑی دیر بعد مجھے ایک لمباچوڑا دست آیااور اس کے ساتھ دستوں کی یلغار شروع ہوگئی۔ ایک۔ دو۔ تین۔ چار۔ پانچ۔ چھ۔ سات، دست کیاتھے، زندگی اور موت کی دست بدست لڑائی تھی، رفع حاجت کے لئے دو تین دفعہ تواٹھ کر لیٹرین گیا۔ لیکن دستوں کی بوچھاڑ کی وجہ سے میں لیٹرین جانے سے دست کش ہوگیا، کمزوری اور نحیفی اس حد تک بڑھی کہ میری چارپائی کے پاس ہی اینٹیں رکھ کر لیٹرین بنادی گئی۔ دستوں کی وجہ سے کمرے کا سارا فرش غلاظت سے بھر گیا۔ پھر مجھے مرض الموت کا آخری دست آیااور میں چکر کھاکر اسی لیٹرین کے اوپر اوندھے منہ گرا، میرا منہ ہاتھ پاؤں اور کپڑے غلاظت سے بھر گئے اور اسی حالت میں جہنم روانہ ہوگیا۔

س : سنا ہے موت کے بعد آپ کے منہ سے پاخانہ بہ رہا تھا۔ اور بار بار صاف کرنے کے باوجود اس کی روانی میں کوئی فرق نہیں آرہا تھا؟

ج : آپ نے درست سنا موت کے بعد میرے منہ سے پاخانہ رواں تھااور اسی غلاظت سے میرا کفن بھی تر ہورہا تھا۔ مقعد سے بھی غلاظت کا سلسلہ جاری تھااور اس قدر بدبو آرہی تھی کہ مجھ جیسے متعفن شخص کا بھی دماغ پھٹا جارہا تھالیکن عقل کے اندھے اور الٹی کھوپڑی کے میرے مرید دیوانہ وار میرا منہ چوم رہے تھے۔ میرا دل چاہتا تھا کہ اٹھ کر ان پاگلوں کے چہروں پر زناٹے دار تھپڑ رسید کروں اور ان کے دماغوں پر جوتے مار کر کہوں کہ بے وقوفو! رب ذوالجلال نے مجھے ٹٹی خانہ میں مار کر اور میرے منہ سے غلاظت بہا کر تمہیں میرے بھیانک انجام سے آگاہ کر دیا۔ یہ تم پر قدرت کی طرف سے ایک احسان عظیم ہے کہ اس نے تمہاری آنکھیں کھولنے کے لئے میری عبرت ناک موت کا منظر تمہیں دکھایا۔ تاکہ تم حق و باطل میں تمیز کر سکو لیکن جہالت کی پٹی آنکھوں پر باندھے ہوئے میرے مرید مجھے پھر بھی نبی نبی کہہ رہے تھے لعنت ایسے دماغوں پر، تف ایسی سوچوں پر!

س : جنازے کا جلوس کیسے روانہ ہوا؟

ج : میں لاہور آیا تھاتوایک مرید کے گھر پر ہاتھ صاف کرنے کے لئے، لیکن کیا خبر تھی کہ اسی منحوس مرید کے گھر میں زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھوں گا۔ میری جماعت نے مجھے لاہور میں دفن کرنے کی بجائے قادیان لے جاکر دفن کرنے کا فیصلہ کیا کیونکہ انہیں خطرہ تھا کہ اگر اس "سونے کی چڑیا" کو لاہور میں دفن کیا گیاتو کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم اسے پیوند خاک کر کے

آئیں اور رات کو کوئی منچلا قبر اکھاڑ کر اور بدبو دار لاشہ نکال کر چوک بھاٹی گیٹ کے باہر گلے میں رسی ڈال کر لٹکا دے اور پورے ہندوستان سے عوام کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ میرے عبرت نام انجام کو دیکھنے آئیں اور مستقبل میں جھوٹی نبوت کا سارا کاروبار تباہ و برباد ہو جائے۔ لہٰذا قادیان پہنچانے کے لئے میرا جنازہ تیار ہوا۔ پولیس کے حصار میں میرے جنازے نے آہستہ آہستہ سرکنا شروع کیا۔ ابھی چند ہی قدم چلے تھے کہ ایک مکان کی چھت سے کسی نے غلاظت سے بھرا ہوا ٹوکرا میرے اوپر پھینک دیا۔ پھر کوڑے کرکٹ سے بھری ہوئی ایک کڑاہی "ٹھاہ" کر کے آئی۔ اس کے ساتھ ہی مختلف مکانوں سے کوڑے کرکٹ کی برسات لگ گئی۔ برانڈرتھ روڈ سے لاہور ریلوے سٹیشن تک ایسی تاریخی کوڑا پاشی ہوئی کہ ہندو آتش بازی بھول گئے۔ میری حفاظت کے لئے آئے ہوئے انگریزی سپاہی غلاظت میں لت پت ہو گئے اور ان کا انگریزی نبی تو غلاظت میں ڈوب ہی گیا۔ بڑے عاشق رسول ہیں یہ لاہوریئے، بڑے فدائے ختم نبوت ہیں یہ لاہوریئے! جھوٹے نبی کے ساتھ یہ رسوا کن اور تاریخی سلوک کر کے اپنے سچے نبیؐ سے محبت کا حق ادا کر دیا اور عشق و وفا کا ایک روشن باب رقم کر دیا۔ مجھے مال گاڑی میں بک کر دا کر قادیان لے جایا گیا جہاں میرا نام نہاد جنازہ ہوا، جس میں چودہ آدمیوں نے شرکت کی۔ پھر قادیان کے خمیر کو قادیان کی مٹی میں گاڑ دیا گیا۔

س : قبر میں فرشتوں سے کیا گفتگو ہوئی؟

ج : مجھے قبر میں لٹا کر اوپر سے مٹی ڈال دی گئی۔ قبر میں گھپ اندھیرا ہو گیا۔ اندھیرے کی وحشت سے دل کانپ رہا تھا۔ اور اپنی ہی بدبو سے دم گھٹ رہا تھا کہ مجھے روشنی اور فرشتے آتے دکھائی دیئے، ان کی آنکھوں سے تیز شعاعیں نکل رہی تھیں۔ اور ہاتھوں میں بڑے بڑے گرز تھے۔ میرے منہ سے پاخانے کی غلاظت بہتے ہوئے دیکھ کر فرشتے کچھ چونک گئے شاید انہوں نے پہلی مرتبہ اس قسم کا مردہ دیکھا تھا۔ پھر آگے بڑھ کر انہوں نے میرا بغور جائزہ لیا۔ پھر ایک فرشتے نے سوال کیا تیرا رب کون ہے؟ میں نے جواب دیا میں خود رب ہوں (آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ میں نے خدائی کا دعویٰ بھی کیا تھا) ادھر میں نے یہ جواب دیا ادھر ایک زور دار گرز میری کھوپڑی پہ پڑا۔ پھر گرزوں کی بارش شروع ہو گئی۔ چند منٹ میں بجلی کی سرعت سے مجھ پر لاکھوں گرز برس گئے۔ اور میرا وجود دھنی ہوئی روئی کی طرح بکھر کے رہ گیا۔

س : وادی جہنم میں کیسے پہنچے؟

ج : جب میں وادی جہنم کی طرف عازم سفر ہوا تو جہنم کے کچھ فاصلے پر مجھے روک کر میرے گلے میں لاکھوں من وزنی لعنتوں کا طوق ڈالا گیا اور سر پر لوہے کی بھاری ٹوپی رکھی گئی جس پر جلی حروف میں لکھا ہوا تھا "مرتد اعظم" جب میں جہنم کے مین گیٹ کے قریب پہنچا تو میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا ہجوم میرے استقبال کے لئے کھڑا ہے۔ سب سے پہلے میرے ابا جان "مسیلمہ کذاب" آگے بڑھے اور انہوں نے مجھے سینے سے لگایا، منہ چوما، سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا بیٹا! کمال کر آئے ہو تم نے تو ہمارے بھی کان کتر دیئے۔ پھر میں نے دیکھا کہ دھنسی آنکھوں، پچکے گالوں، موٹے موٹے سیاہ ہونٹوں، بالوں کے بغیر سر، جہنم کی آگ میں جھلسی ہوئی جلد، ہاتھی جیسے کانوں، لومڑی جیسی ٹانگوں اور گیدڑ جیسی ناک والا ایک شخص مجھے بڑے جذبہ اشتیاق کے ساتھ دیکھ رہا تھا۔ میں نے ابا جان سے پوچھا کہ یہ شخص کون ہے؟ ابا جان حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ بیٹا تم نے انہیں پہچانا ہی نہیں، یہ تمہارے دادا جان "اسود عنسی" ہیں، جنہوں نے سب سے پہلے امت مسلمہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ انہیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے جھوٹی نبوت کا پھاٹک کھولا تھا۔ بیٹا! تم جو کچھ بھی ہو انہیں کے طفیل ہو۔ ویسے پہلے یہ ٹھیک ٹھاک ہوتے تھے۔ آج کل جہنم کے "خاص جوتے" کھا کھا کر یہ حالت ہو گئی ہے ان کی۔

پھر میں آگے بڑھا اور دادا جان کی قدم بوسی کرنا چاہی لیکن دادا جان نے کمال پھرتی سے میرے قدم چوم لئے اور پھر کہنے لگے کہ بیٹا! تم عمر میں تو مجھ سے چھوٹے ہو لیکن شیطانی رتبے میں بڑے ہو۔ یقین کرنا تم میرے سمیت سارے جھوٹے نبیوں کے امام ہو۔ شیطانی پرواز میں جن بلندیوں پر تم پہنچے ہو، ہم سب مل کر تصور میں بھی وہاں تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے۔ پھر فرعون، نمرود، شداد، ہامان، ابو جہل، ابو لہب، ولید بن مغیرہ، ابن سبا، شمر وغیرہ سے میرا تعارف کروایا گیا۔ سب بڑے مودب اور آنکھیں جھکا کر ملے۔ پھر ابا جان نے مجھ سے کہا کہ جلدی کرو بیٹا اندرون جہنم کروڑوں جہنمی بڑی شدت سے تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔ وہاں تمہیں ایک جلسہ عام سے خطاب کرنا ہے، اور اس کے بعد "ہاویہ" میں تمہیں ایک تاریخی پریس کانفرنس بھی کرنا ہے۔ پھر مجھے جہنم کے کنارے کھڑا کیا گیا۔ ایک فرشتہ دور سے بھاگتا ہوا آیا اور اس نے مجھے فٹ بال سمجھ کر پوری قوت

سے میری "پشت" پر کک لگائی۔ اور میں ہوا میں قلابازیاں کھاتا ہوا جہنم کے کنویں میں جا گرا۔ چنگھاڑتی ہوئی آگ میری طرف یوں لپکی جیسے بھوکا شیر تازہ گوشت کی طرف لپکتا ہے۔ آگ کے شعلوں نے مجھے اپنی حراست میں جکڑ لیا اور چند سیکنڈ میں روسٹ کر کے رکھ دیا۔

س : جہنم میں جوتے کھانے کا کتنا کوٹہ آپ کے لئے مقرر ہے؟

ج : میں اکثر اپنے جسم پر برسنے والے جوتوں کو بڑی برق رفتاری سے گنتا رہتا ہوں۔ گنتے گنتے گنتی ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن کم بخت جوتے ختم نہیں ہوتے۔

س : دنیا میں تو آپ مرغ، قورمہ، زردہ، پلاؤ، بادام، یاقوتیاں اور پرندوں کا گوشت بڑے شوق سے کھاتے تھے۔ اور اوپر سے پلومر کی شراب پیتے تھے۔ یہاں کھانے پینے کا کیا انتظام ہے؟

ج : ہائے کیا سہانا زمانہ یاد کرا دیا آپ نے کہ دوزخ کی آگ میں جلتی ہوئی زبان پر بھی پانی آگیا۔ یہاں کھانے کے لئے ایک کانٹوں سے بھرا ہوا پھل ملتا ہے جو حلق میں جا کر اٹک جاتا ہے۔ جب درد سے بلبلانے لگتا ہوں تو پیپ اکھولتا ہوا پانی نوش کرنے کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔

س : دنیا میں تو آپ بیش قیمت لباس پہنا کرتے تھے۔ مریدین عمدہ عمدہ کوٹ اور واسکٹیں سلوا کر آپ کی خدمت میں پیش کیا کرتے تھے۔ آج کل جہنم میں کون سا لباس زیب تن کرتے ہیں؟

ج : یہاں پر میں ننگا ہی ہوتا ہوں۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ جب ایک کھال جل جاتی ہے تو دوسری مل جاتی ہے۔

س : آپ ہمیشہ بیمار رہتے تھے۔ سینکڑوں بیماریوں نے ساری زندگی آپ کو جکڑے رکھا۔ آج کل صحت کیسی ہے؟

ج : دنیا میں تو میں دائمی مریض تھا۔ لیکن پہلی مرتبہ جب مجھے جہنم میں پھینکا گیا تو آتش جہنم کی زبردست تپش سے ساری بیماریوں کے جراثیم جل کر مر گئے اور میں تندرست ہو گیا۔ ویسے بھی جہنم میں جوتے کھانے کے لئے "میڈیکلی فٹ" ہونا ضروری ہے

س : سُنید ہے کہ آپ کی آنکھیں چھوٹی بڑی تھیں، یعنی ایک آنکھ کا بلب ۱۰۰ واٹ کا اور دوسری کا بلب ۲۵ واٹ کا تھا۔ لوگ آپ کو چھیڑتے تھے اور "کاناں کانا" "ڈیڑھ اکھا"

اور "یک چشم گل" کے آوازے کستے تھے آج کل آنکھوں کا کیا حال ہے؟

ج : میری آنکھوں کی بابت آپ نے درست سنا۔ جب مجھے سوئے دوزخ لے جایا جا رہا تھا تو مین گیٹ پر مجھے روک کر زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھنے کو کہا گیا۔ میں فوراً بیٹھ گیا اور سمجھا کہ شاید دوزخ میں گرانے سے قبل مجھے کھانا کھلایا جائے گا۔ لیکن اچانک ایک فرشتہ نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں میرے قد کے برابر "چھتر" تھا اور اس پر موٹے حروف سے لکھا تھا "جی آیاں نوں" ایک فرشتے نے میرا سر پکڑا اور دوسرے نے سر کے عین مرکز میں تڑاخ سے "چھتر" جما دیا۔ میرے سر کے سارے پرزے ہل گئے اور آنکھوں کے خولوں میں پتلیاں ناچنے لگیں۔ پھر جب چند منٹ کے بعد میں نے آنکھیں کھولیں تو دونوں آنکھوں کا سائز برابر تھا۔ چھتر کی فولادی ضرب نے دونوں آنکھوں کی "کان" نکال دی تھی۔ جہنم میں آنے کے کچھ عرصہ بعد میں نے اپنی آنکھوں کی درستگی کے راز کو پایا کہ میری دونوں آنکھیں اس لئے ٹھیک کی گئی ہیں تاکہ میں دونوں آنکھوں سے عبرت گاہ جہنم کو دیکھوں ورنہ سوا یا ڈیڑھ آنکھ سے سارے ہولناک مناظر اس طریقہ سے نہ دیکھ سکتا جس طریق سے اب "مستفید" ہو رہا ہوں۔ چلو جہنم میں آنے سے جہاں کروڑوں نقصانات ہوئے ہیں وہاں ایک فائدہ یہ تو ہوا ہے کہ اب میں کانا نہیں اور کوئی مائی کا لال مجھے "کانا کانا" نہیں کہہ سکتا (فخر سے سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے)

س : آپ گالیاں بہت بکتے تھے۔ آپ کی کتابیں گالیوں سے بھری پڑی ہیں، حتیٰ کہ اولیائے کرام اور انبیائے کرام بھی آپ کی زبان زہر افشاں سے محفوظ نہیں۔ کیا گالیاں بکنے کا یہ سلسلہ جہنم میں بھی جاری ہے؟

ج : میرا دل گالیوں کا خزینہ اور میرا دماغ مغلظات کا دفینہ تھا۔ پنجابی، اردو، فارسی، اور عربی کی لاکھوں گالیاں مجھے ازبر تھیں، جنہیں میں بوقت ضرورت بڑی مہارت سے استعمال کرتا تھا۔ میری زبان گالیوں کے "برسٹ" مارتی تھی۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں سینکڑوں گالیوں کا موجد بھی ہوں۔ باقی رہا آپ کے سوال کا دوسرا حصہ تو سنئے گالیوں کا سلسلہ جہنم میں بھی اپنے پورے لوازمات سمیت پوری شدت سے جاری ہے۔ اکثر حکیم نورالدین دوزخ کی آگ میں جلاتا ہوا مجھ پر گالیوں کی بوچھاڑ کر دیتا ہے اور کہتا ہے کہ تو نے نبوت کا ڈھونگ رچا کر ہمارا ستیاناس کر دیا۔ جواباً میں اس سے دوگنا منہ کھول کر اور دوگنی لمبی زبان نکال کر گالیوں کی جوابی فائرنگ کرتا ہوا کہتا ہوں۔ او کذاب! تو ہی

وہ مردود ہے جس نے مجھے دعویٰ نبوت کے لئے اکسایا. جھوٹی نبوت کا سبق پڑھایا. انگریز سے ملوایا. دین وملت کا غدار بنایا اور اب جہنم میں پہنچایا۔ بتاتو نے مجھے ڈبویا یا میں نے تجھے! اس کے بعد گالیوں کی شدت اپنے نقطہ عروج کو پہنچ جاتی ہے۔ آگ کے شعلوں پر تیرتے ہوئے جب میری جماعت کے لوگ میرے قریب سے گزرتے ہیں تو غصہ میں پھنکارتے ہوئے کہتے ہیں۔ لعنت ہے تیرے دعویٰ نبوت پر۔ میں انہیں دھتکارتا ہوا کہتا ہوں کروڑ لعنت ہے تم پر تصدیق دعویٰ نبوت کرنے پر. وہ کہتے ہیں لعنت ہے تیرے نبی ہونے پر۔ میں کہتا ہوں لعنت ہے تمہارے امتی ہونے پر. پھر گالیوں کا ایسا مشاعرہ گرم ہوتا ہے کہ جہنم ہماری گالیوں سے گونجنے لگتا ہے۔ آخر اہل جہنم کی پرزور شکایت پر ہمیں گرز مار مار کر خاموش کرایا جاتا ہے۔ پھر بھی سب سے بعد میں چپ میں ہی ہوتا ہوں۔ ٹھہرا جو سب کا استاد۔

س : آج کل جو قادیانی جہنم میں آرہے ہیں، کیا آپ سے ان کی ملاقات ہوتی ہے؟

ج : جی ہاں! ملاقات ضرور ہوتی ہے۔ پچھلے دنوں پاکستان کے سابق وزیر خارجہ سر ظفر اللہ. میری بیٹی امتہ الحفیظ. اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندہ نسیم احمد. شیزان فیکٹری کا مالک چوہدری شاہنواز وغیرہ تشریف لائے۔ ان سے تفصیلی ملاقات ہوئی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا جو ماں بہن کی گالیوں پر ختم ہوا۔

س : آپ کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی امت کا فلاں فرد جہنم میں آگیا ہے۔ کیا سرراہ ملاقات ہوتی ہے یا باقاعدہ انتظام واہتمام ہے؟

ج : جب میرا کوئی امتی جہنم میں آتا ہے تو اسے مین گیٹ پر روک لیا جاتا ہے۔ پھر مجھے اس کی آمد کی اطلاع کی جاتی ہے اور حکم ہوتا ہے کہ فوراً مین گیٹ پر پہنچو۔ میں فوراً پہنچ جاتا ہوں۔ حکم ہوتا ہے کہ اسے کندھوں پر اٹھاؤ اور جہنم میں فلاں مقام پر چھوڑ کر آؤ۔ میں اس ظالم کو اپنے ناتواں کندھوں پر اٹھاتا ہوں اور ہانپتا. کانپتا. لڑکھڑاتا. بڑبڑاتا اسے اس کی سیٹ پر چھوڑ کر آتا ہوں کہ چند منٹ بعد دوبارہ بلا لیا جاتا ہوں کہ اور مہمان آیا ہے۔ اسے پہنچا کر سانس ہی لیتا ہوں کہ اطلاع آتی ہے کہ اپنی آمدنی کا دس فی صد حصہ دینے والا بہشتی مقبرے کا مہربان آیا ہے۔ یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے اور میرے پاؤں پتھر کے اور میری ٹانگوں کی نسیں پھول کر سائیکل کی ٹیوب کی طرح ہوجاتی ہیں۔ اکثر ظالم جہنم کی آگ کے خوف سے چیخیں مارتے ہوئے مجھ پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ تین تین چار چار

من کے موٹے موٹے پیٹوں والے قادیانی مجھ پر سواری کرتے ہیں اور میں واحد بدقسمت سواری ہوں جس کا کوئی کرایہ نہیں۔ شاید اللہ نے مجھ پر یہ عذاب نازل کر رکھا ہے کہ اپنے فتنہ ارتداد سے گمراہ کردہ لوگوں کا بوجھ ان کے گناہوں سمیت اپنے کندھوں پر ہی اٹھاؤں۔ بعض مہینوں میں میری امت کے افراد کی آمد بہت بڑھ جاتی ہے۔ اور وہ مہینے میرے لئے بہت سخت ہوتے ہیں۔ ویسے ایک بات تو ہے کہ میرے امتی جائیں بھی تو کہاں، جہنم ہی میں تو آنا ہے۔ جنت کے دروازے تو ختم نبوت کے منکرین کے لئے بند ہیں۔

س : کیا نصرت جہاں بیگم سے جہنم میں ملاقات ہوتی ہے؟

ج : ہاں اکثر ملاقات ہوتی رہتی ہے۔ سارے بچوں کو ساتھ لے کر آتی ہے۔ بچے رو رو کر کہتے ہیں کاش تو ہمارا ابا نہ ہوتا۔ نصرت جہاں بیگم چیختی ہے کہ کاش تو میرا خاوند نہ ہوتا۔ کاش تو پیدا نہ ہوتا تیرے جہنم لینے سے لاکھوں لوگ جہنم کے سفاک جبڑوں میں کسے ہوئے ہیں اور کسے جا رہے ہیں۔ اے فریبی! تو خود کو نبی کہتا تھا۔ مجھے ام المومنین کہتا تھا اور بچوں کو اہل بیت کا نام دیتا تھا۔ اور اب سب کو لے کر جہنم میں بیٹھا ہوا ہے۔ لعنت ہے تیری شخصیت پر۔ میرا سسر میر ناصر نواب چیختا پیٹتا میرے پاس آتا ہے اور مجھے گردن سے پکڑ لیتا ہے۔ اور گلا پھاڑتا ہوا کہتا ہے او دجال! مجھے کیا معلوم تھا کہ میرے گھر میں سہرا سجا کر آنے والا بڈھا دولہا کل جہنم کا بھی دولہا ہو گا۔ اور میں بد قسمت اس کا باراتی۔ کائنات میں نہ تجھ سا کوئی منحوس داماد ہو گا اور نہ مجھ سا بدبختوں کا مارا سسر!

س : بچوں میں سب سے زیادہ پیار کس سے تھا؟

ج : مرزا بشیرالدین سے۔ کیونکہ بچپن سے ہی اس سے ایسی نشانیاں آشکارا ہوتی تھیں۔ جس سے میں بہت خوش تھا کہ یہ میرا جانشین ہو گا۔

- ○ چار سال کی عمر تک بستر پر پیشاب کرتا رہا اور دس سال کی عمر تک کھڑا ہو کر پیشاب کرتا رہا اور پھر میرا خلیفہ بن کر بھی۔
- ○ مار پیٹ کے باوجود اکثر ننگا پھرتا رہتا تھا، اور بے تحاشا گالیاں بکتا تھا۔
- ○ عجیب و غریب شکلیں بنا لیتا اور مختلف جانوروں کی بولیاں بول لیتا تھا۔
- ○ اکثر مجھ ایسے چور کے بھی پیسے چرا کر لے جاتا۔
- ○ جھوٹ اس انداز سے بولتا کہ میں بھی سچ سمجھتا۔

○ دبے پاؤں آتا اور میری شراب کی بوتل سے شراب پی جاتا۔

○ ہنستے ہنستے اچانک زار و قطار رونے لگتا اور روتا روتا اچانک ہنسنے لگتا اور پھر فخر سے کہتا کیسا فنکار ہوں پاپا جان! میں اس سے از حد خوش تھا کیونکہ یہی وہ لوصاف تھے جو میرے ہر خلیفہ میں پائے جانے ضروری ہیں۔ تراخ تراخ جوتے پڑ رہے ہیں لب پیارے کو!

س : کیا کسی بچے سے نفرت بھی تھی؟

ج : جی ہاں! مجھے اپنے بیٹے مرزا فضل سے شدید نفرت تھی کیونکہ وہ مجھے نبی نہیں مانتا تھا۔ مجھے صاف کہتا کہ ابا جھوٹی نبوت کا ڈرامہ بند کر دے۔ خدا کا خوف کر، ساری رات گھوڑے بیچ کر سویا رہتا ہے اور صبح اٹھ کر لوگوں سے کہتا ہے کہ آج رات مجھ پر فلاں فلاں وحی آئی ہے۔ میں اس کی پٹائی کرتا لیکن وہ باز نہ آتا۔ پھر وہ ایام جوانی میں مر گیا لیکن مجھے اس پر اتنا غصہ تھا کہ میں نے اس کی نماز جنازہ بھی نہ پڑھی اور شاید یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ مجھ ایسا مرتد اعظم اس کی نماز جنازہ میں شرکت نہ کر سکا۔

س : کبھی اپنی حسین و جمیل آنکھوں میں سرمہ بھی ڈالتے تھے؟

ج : بھئی میرا آپ کا مذاق نہیں ہے۔

س : سنا ہے آپ نے بڑھاپے میں اپنی رشتہ دار لڑکی محمدی بیگم سے بوڑھا عشق بھی فرمایا تھا اور شادی کے لئے بھی بہت ہاتھ پاؤں مارے تھے۔ چند الفاظ اس عشق ناکام کے بارے میں؟

ج : نہ چھیڑ میرے زخموں کو بہت رسوائی پائی ہے میں نے
محمدی بیگم کے عشق میں ذلت کی ٹوکری اٹھائی ہے میں نے
ہائے مرزا سلطان لے گیا میری آسمانی منکوحہ کو
بہت چیخا، بہت تڑپا، بہت دی دہائی ہے میں نے

س : امت مسلمہ کے پیران کرام، مشائخ عظام، خطباء، ادباء، علماء، صوفیا، شعراء اور ختم نبوت کے لاکھوں پروانوں نے آپ کے برپا کردہ فتنہ کو مٹانے کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں اور صرف کر دیں، تاریخی تحریکیں چلائیں، جانوں کے نذرانے پیش کیے اور زندانوں کو آباد کیا لیکن کیا وجہ ہے کہ اس سخت جدوجہد کے باوجود آپ کا فتنہ ابھی تک زندہ ہے؟

ج : دشمن کو شکست دینے کے لئے اس کی طاقت کو تقسیم کرنے اور اس کی صفوں میں انتشار پیدا کرنا ایک اہم جنگی حکمت عملی ہے۔ ہم نے اس نہج پر خوب کام کیا ہے اور فرقہ پرستی کی تلوار سے آپ کی صفوں کو الٹ پلٹ کر کے رکھ دیا ہے۔ فرقہ پرستی کی وباء کو پھیلانے اور مزید پھیلانے کے لئے ہمارا

کروڑوں روپے کا بجٹ سالانہ منظور ہوتا ہے جس سے امت مسلمہ آپس میں خوب دست و گریباں ہوتی ہے۔ اور ہم ان کی آپس کی سر پھٹول دیکھ کی اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔ دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے کچھ غداروں کو ساتھ ملانا ضروری ہے آپ کے کتنے صحافی ہیں جو ہمارے وظیفہ خوار ہیں۔ آپ کے کتنے شاعر ہیں جو ہمارے دسترخواں کے خوشہ چیں ہیں۔ آپ کے کتنے سیاست دان ہیں جنھیں الیکشن ہم لڑاتے ہیں۔ کتنی لادین سیاسی جماعتیں ہیں جن کی جھولی میں ہماری عطا کردہ دولت ہوتی ہے اور جیب میں ہمارا عطا کردہ ہدایت نامہ ہوتا ہے۔ اور پھر جب کبھی پاکستان میں ہمارے خلاف کوئی آواز اٹھتی ہے تو یہی طبقہ ہمارے حق میں آواز اٹھاتا ہے اور آپ کی آواز کو دباتا ہے۔ یہ لوگ جو کچھ ہمارے لئے کرتے ہیں ہم خود اپنے لئے نہیں کر سکتے۔ یہی لوگ ہمارا سرمایہ ہیں یہی لوگ ہماری زندگی ہیں اور یہی لوگ ہماری جماعت کی روح ہیں۔

علاوہ ازیں ہمارے زندہ رہنے کے چند مندرجہ ذیل عوامل ہیں:

مسلمان حکمرانوں کی بے حسی و بے حمیتی۔

دین سے بے بہرہ لوگوں کا اعلیٰ عہدوں پر تعینات ہونا۔

عوام کی کثیر تعداد کا فتنہ قادیانیت سے نا آشنا ہونا۔

کلیدی اور حساس عہدوں پر قادیانی افسران کا قبضہ اور ان کے وسیع اختیارات۔

صوبائی اسمبلی، قومی اسمبلی، سینٹ اور حکومت کے خفیہ اداروں میں ہمارے آدمیوں کی موجودگی۔

یہود، ہنود اور نصاریٰ سے گہرے تعلقات اور ان کی سرپرستی۔

بین الاقوامی صحافت پر ہمارا اثر و نفوذ۔

دونوں سپر پاورز کا ایجنٹ ہونا۔

دنیا کی انسانی حقوق کی محافظ نام نہاد تنظیموں کا ہمارے لئے واویلا کرنا اور دنیا میں ہمیں مظلوم ثابت کرنا۔

س : ۱۹۷۴ء میں مسلمانوں کے بھرپور مطالبہ پر پاکستان کی قومی اسمبلی نے آپ کو کافر قرار دے دیا۔ کیا آپ کی جماعت پر اس فیصلہ کا کوئی اثر پڑا؟

ج : ملت اسلامیہ اس فیصلہ پر پھولے نہیں سماتی تھی، لیکن یہ فیصلہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکا۔ یہ فیصلہ ایک خانہ پری ہے اور ہم اسے ایک عام تحریر سے زیادہ اہمیت نہیں دیتے۔ آج یہ فیصلہ ہوئے سولہ سال بیت گئے لیکن آپ دیکھیں کہ اس فیصلہ نے کس حد تک ہمیں بیڑیاں

پہنائیں۔ آج آپ کے سامنے ہم خود کو دھڑلے سے مسلمان لکھتے ہیں، مسلمانوں ایسے نام رکھتے ہیں، کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں، ہمارے جرائد و رسائل و اخبارات شائع ہو رہے ہیں. میری نبوت کا لٹریچر دھڑا دھڑ چھپ رہا ہے. آج بھی مجھے نبی اور رسول، میری بیوی کو ام المومنین. میرے ساتھیوں کو صحابہ کہا اور لکھا جا رہا ہے، ملک کی کلیدی اور حساس آسامیوں پر ہمارا قبضہ ہے. خود کو مسلمان ظاہر کر کے صوبائی اسمبلی، قومی اسمبلی اور سینٹ میں ہمارے آدمی موجود ہیں۔ خود کو مسلمان ظاہر کر کے ہم حج کے موقع پر مکہ اور مدینہ جاتے رہتے ہیں۔ پاکستان کے اندر ہمارا مرکز کفر و الحاد "ربوہ" موجود ہے۔ اور ہم پورے پاکستان میں بڑے ٹھاٹھ سے عین اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اور لاکھوں مسلمانوں کے حقوق ہڑپ کر رہے ہیں۔ اب آپ بتائیں کہ کیا دھوکا لگا ہے ہمیں پارلیمنٹ کے اس فیصلہ کے ہاتھوں!

س : تو پھر آپ کے فتنہ کا اصل علاج کیا ہے؟

ج : ہمارا اصل علاج وہی ہے جو آپ کے بڑوں نے ہمارے بڑوں کا کیا تھا یعنی جو علاج ابو بکر صدیقؓ نے مسیلمہ کذاب کا کیا تھا۔ میری ایک نہایت اہم بات پلے باندھ لیں کہ جب تک پاکستان میں اسلامی نظام نافذ نہیں ہوتا ہمارا فتنہ اپنی تمام تر حشر سامانیوں سمیت زندہ رہے گا کیونکہ اسلامی نظام ہمارے لئے پیغام موت ہے اور انگریزی نظام مژدہ حیات! آپ آج پاکستان میں مرتد اور زندیق کی شرعی سزا نافذ کریں اور پھر دیکھیں کہ ارض پاکستان سے ہمارا فتنہ یوں غائب ہو گا جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ قصور آپ کا ہے ہمارا نہیں. ذرا سوچئے اور سر پکڑ کر سوچئے!!

س : اگر ایک دفعہ پھر زندگی مل جائے تو؟

ج : اگر میں دوبارہ دنیا میں بھیج دیا جاؤں تو اپنے کپڑے پھاڑ لوں، مینار پاکستان پر چڑھ جاؤں، قطب مینار کی چوٹی پر جا بیٹھوں، "پیسا ٹاور" پر چڑھ دوڑوں، فیصل آباد کے گھنٹہ گھر کی چوٹی پر کھڑا ہو جاؤں اور پھیپھڑوں اور گلے کی پوری طاقت سے چلاؤں. لوگو! میں دجال ہوں، میں کذاب ہوں میں وہ ذلیل و رذیل شخص ہوں جس نے جھوٹی نبوت کا ڈھونگ رچایا، اپنی ارتدادی کتابیں نذر آتش کر دوں، بہشتی مقبرہ اکھیڑ کر رکھ دوں. نام نہاد قصر خلافت کی اینٹ سے اینٹ بجا دوں، ربوہ کو اس طرح آگ لگاؤں کہ پوری دنیا میں اس کا دھواں پھیلے، قادیان کو اس طرح مٹاؤں کہ رہتی دنیا تک تاریخ میں باب عبرت بن

جائے. قادیانی مرتدوں کو سولی چڑھا دوں. مرزا طاہر ملعون کا گلا دبا کر زبان اور آنکھیں نوچ لوں اور لاؤڈ سپیکر لگا کر سڑکوں پر اعلان کروں کہ خدا کی دھرتی پر رہنے والو! نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے اب قیامت تک کوئی نیا نبی نہیں آئے گا. جو بھی نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ کذاب ہو گا. دجال ہو گیا اور واجب القتل ہو گا۔ مگر ہائے افسوس اب ایسا نہیں ہو سکتا۔ میں ایسا نہیں کر سکتا ہر کسی نے دنیا میں ایک ہی دفعہ آنا ہے اور پھر موت کا پیالہ پی کر واپس چلے جانا ہے۔ ہائے کاش میں واپس جا سکوں۔ کاش میں واپس جا سکوں۔ کاش میں واپس جا سکوں ..... سسکیاں ہچکیاں۔

س : اپنے موجودہ خلیفہ مرزا طاہر کو کبھی خواب میں سمجھایا ہے؟

ج : عالم خواب میں مرزا طاہر سے کئی ملاقاتیں کی ہیں اور اسے بڑے پیار سے سمجھایا ہے کہ بیٹا خدا کا خوف کر شیطان کے خول سے باہر نکل. پتہ نہیں چراغ زندگی کب بجھ جائے. وقت کو غنیمت جان اور تائب ہو کر اپنی آخرت سنوار لے. میں نے اسے کئی مرتبہ روتے ہوئے سمجھایا کہ بیٹا! میری طرف دیکھ. اپنی دادی نصرت جہاں بیگم کی طرف دیکھ. اپنے ابا بشیرالدین کی طرف دیکھ. اپنے بھائی مرزا ناصر کی طرف دیکھ اور اپنے دیگر چچاؤں اور پھوپھیوں کی طرف دیکھ سارا خاندان جہنم میں جل رہا ہے۔ تو تو ابھی زندہ ہے۔ تیرے پاس تو توبہ کی مہلت ہے. توبہ کر لے۔ جواباً وہ کہتا ہے دادا جان بات تو آپ کی درست ہے لیکن میں کھربوں روپے کی جھوٹی نبوت کا کاروبار کیسے چھوڑ دوں. جماعت کی کروڑوں روپے کی زمینیں. بلند و بالا عمارات. ہزاروں عبادت گاہیں. لمبی لمبی کاریں. شراب و کباب و شباب کی محفلیں. بہشتی مقبرہ کی لمبی چوڑی آمدنی. خدمت گاروں کا جھرمٹ. اندھے عقیدت مندوں کا ہجوم. یہود و نصاریٰ سے دوستانہ یارانے. سپر طاقتوں سے تعلقات اور اربوں روپے کا بنک بیلنس چھوڑتے ہوئے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ورنہ یہ تو میں بھی جانتا ہوں کہ نہ آپ نبی تھے اور نہ ہی میں خلیفہ. یہ تو ایک ناٹک ہے جو ہم پون صدی سے رچا رہے ہیں پھر مجھ سے گلہ کرتا ہوا کہتا ہے کہ دادا جان! آپ تو نبوت کاذبہ کے اس کاروبار کو ادھورا چھوڑ گئے تھے یہ تو ہماری محنت و لیاقت ہے کہ ہم نے اس ادھورے کاروبار کو سنبھالا. چلایا. اور چمکایا۔ اتنی جدوجہد کرنے کے بعد اس چلے چلائے اور چمکے چمکائے کھربوں ڈالر کے بزنس کو چھوڑنے کا فی الحال میرا کوئی ارادہ نہیں. آپ سب بڑے شوق سے جہنم میں جلیں. مجھے تو دنیا کی ہر آسائش میسر ہے اور میں ایک پرنس کی زندگی بسر کر رہا ہوں!

س : قادیانیوں کے نام کوئی پیغام؟

ج : میری طرف سے قادیانیوں سے کہنا کہ مرزا قادیانی نے ہاتھ جوڑ کر کہا ہے کہ قادیانیو! اپنی کھال بچاؤ، آل بچاؤ، مال بچاؤ اور اگر مرزا طاہر چندہ مانگے تو اس ملعون کے سر پر دھول جماؤ۔ ختم نبوت پر ایمان لاؤ، قرآن وحدیث پڑھو اور پڑھاؤ، مجھ پر لعنت بھیجو اور بھجواؤ ورنہ جہنم میں میرے پاس تشریف لاؤ، آگ پھانکو اور گرز کھاؤ اور جہنم کے دائمی مکین بن جاؤ۔

اچھا آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے گرزوں کی مار، چھتروں کی بوچھاڑ، آگ کی چنگاڑ، دھوئیں کی یلغار، دوزخ کی چیخ و پکار، سانپوں کی پھنکار اور فرشتوں کی دھنکار کے باوجود خاصا وقت عنایت کیا۔ یہ آپ ہی کی ہمت و حوصلہ ہے کہ آپ نے اس عذاب شدید کے باوجود ہمارے سوالوں کے جوابات دیئے۔ اچھا اب آپ کو آگ اور گرزوں کے حوالے کرتے ہیں۔ آئندہ کبھی انٹرویو کی ضرورت پڑی تو پھر زحمت دیں گے ..... تب تک کے لئے اجازت !!!! (ٹھاہ ٹھاہ، تڑاخ تڑاخ، ڈزن ڈزن، ہائے ہائے، ہو ہو کی صدائیں۔

قادیانی ہلیات

- زندگی کے تمام گوشوں میں قادیانیوں کی "رہنمائی" کے لیے کانے سنیاسی باوا مرزا قادیانی کے تحفے۔
- حکیم ہلاکت ٹیچی ٹیچی کے تیار کردہ فخریہ نسخے۔
- دواخانہ ابلیسیہ شیطانیہ کذابیہ دجالیہ کفریہ مرتدیہ زندیقیہ قادیانیہ کے نادر مجربات۔

صلائے عام ہے
یارانِ "عقل فروشوں" کیلئے

میں لاہور کی ایک سیر گاہ میں سیر کر رہا تھا۔ میرا گزر چپس کے بنے ہوئے ایک بینچ کے قریب سے ہوا جس پر ایک نوجوان اور ایک ادھیڑ عمر شخص بیٹھے باتوں میں مصروف تھے۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے ادھیڑ عمر شخص اس نوجوان کو کسی بات پر قائل کر رہا ہے۔ اچانک میرے کانوں میں مرزا قادیانی کا لفظ پڑا۔ میں ٹھٹھک گیا اور قریب ہی پڑے دوسرے بینچ پر بیٹھ کر ان کی باتوں کو سمجھنے کی کوشش کرنے لگا۔ میں نے سنا کہ وہ شخص اس نوجوان کو قادیانیت کے " فضائل " سناتے ہوئے مرزا قادیانی کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا رہا تھا۔ وہ بے تکان بولے جا رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ " مرزا قادیانی اللہ کا " نبی " ہے جسے اس دنیا کی اصلاح کے لئے بھیجا گیا ہے۔ اب صرف قادیانیت کا پیغام ہی انسانیت کے لئے نجات دہندہ ہے۔ مرزا قادیانی کی تعلیمات میں زندگی کے ہر ہر پہلو کے لئے راہنمائی ہے۔ مرزا قادیانی نے انسان کی زندگی کے ہر دکھ درد کا علاج بتلایا ہے۔ آپ زندگی کے کسی بھی شعبے سے اپنی الجھن لے کر آیئے اور مرزا قادیانی کی تعلیمات کی روشنی میں منٹوں میں اس کا حل پایئے۔" قادیانی مبلغ کی یہ باتیں سن کر میں بھی ان کے پاس بینچ پر جا بیٹھا اور شریک گفتگو ہو گیا۔ جب میں نے اس مبلغ سے مرزا قادیانی اور قادیانیت کے بارے میں چند چبھتے ہوئے سوالات پوچھے تو وہ مجھے قادیانیت سے باخبر پا کر کھسیانا ہو کر ہی ہی ہی کرنے لگا اور پھر جب میں نے صدارتی امتناع قادیانیت آرڈیننس کی دفعہ ۲۹۸ سی کا ذکر خیر چھیڑا تو وہ وہاں سے یوں غائب ہو گیا جیسے گدھے کے سر سے سینگ!۔ اس کے وہاں سے چلے جانے کے بعد میرے ذہن کی وادی میں اس کے الفاظ گونجنے لگے کہ " مرزا قادیانی کی تعلیمات میں زندگی کے ہر ہر دکھ درد کا علاج بتایا گیا ہے۔" اچانک ایک بجلی سی کوندی اور میرے دماغ میں مرزا قادیانی کی کتابوں کے نقوش ابھرے اور انسانی زندگی کی مشکلات اور مرزا قادیانی کی تعلیمات سے ان کا " حل " آشکار ہونے لگا۔ اس ساری صورت حال کو آپ بھی اپنی چشمان بینا سے ملاحظہ فرمایئے۔

قادیانیو! ذیل میں درج نسخے میرے طبع زاد نہیں اور نہ ہی یہ سمجھنا کہ یہ کسی مسلمان کی ہانکی ہوئی گپیں ہیں۔ یہ سارے نسخے تمہارے انگریزی نبی مرزا قادیانی پر نازل

ہونے والی شیطانی وحی ' رویا 'کشوف ' الہامات ' تحریرات و اقوال اور زندگی شرمندگی کے واقعات سے اخذ کئے گئے ہیں۔ میں نے ہر چیز کو تمہاری کتابوں کے حوالوں سے پیش کیا ہے اگر مرزا قادیانی کی زندگی کا کوئی واقعہ طویل تھا تو میں نے پورا واقعہ درج نہیں کیا۔ بلکہ اس واقعہ کی طرف صرف اشارہ کیا ہے' لیکن اس واقعہ کا حوالہ آپ کی کتب سے پیش کر دیا ہے۔

کھانے میں برکت ڈالنے کے لئے :۔

" ایک دانہ کس کس نے کھانا "

(البشریٰ جلد دوم ص ۱۰۷ مصنفہ مرزا قادیانی)

اگر آپ گھر میں بیٹھے کھانا کھا رہے ہیں اور ابھی آپ نے کھانا شروع ہی کیا ہے کہ آپ کے گھر میں آٹھ دس مہمان آ گئے ہیں اور آپ کے پاس صرف وہی کھانا ہے جو آپ کھا رہے ہیں۔ آپ روٹی کو ہاتھ میں پکڑ کر فضا میں بلند کریں اور ایک آدمی کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھیں " ایک دانہ کس کس نے کھانا " وہ لازماً" جواب دے گا کہ آپ کھایئے پھر دوسرے سے پوچھئے " ایک دانہ کس کس نے کھانا " وہ بھی یقیناً کہے گا۔ آپ تناول فرمائیں۔ پھر تیسرے سے بڑی محبت سے پوچھئے۔ " ایک دانہ کس کس نے کھانا " ۔ اس کا جواب بھی یہی ہو گا کہ محترم آپ ہی تناول فرمائیں۔ پھر اس طرح ہر ایک سے پوچھتے جائیں جب سب سے ایک ہی جواب پا کر فارغ ہو جائیں تو پھر انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ کھانے پر دو ہاتھوں اور بتیس دانتوں سے حملہ آور ہو جایئے اور صرف ڈھائی منٹ میں سارا کھانا چٹ کر جایئے۔ دیکھا مرزا قادیانی کی مدد سے آپ کو مصیبت سے کس طرح نجات ملی۔

چہرے کے ڈنٹ دور کرنے کے لئے :۔ صبح سویرے اٹھئے۔ قادیانی ہاؤس سے فارغ ہونے کے بعد جانگیہ پہن کر صحن میں آلتی پالتی مار کر بیٹھ جایئے۔ چڑھتے سورج کی طرف منہ کرتے ہوئے سارا جسم ڈھیلا چھوڑ دیں۔ سانس کو آہستہ آہستہ اندر کھینچنا شروع کریں۔ اور تیزی کے ساتھ لعنت لعنت کا ورد شروع کریں۔ سانس اندر کھینچتے

جائیں اور لعنت کے ورد اور آواز میں تیزی پیدا کرتے جائیں۔ چند منٹ کے بعد آپ اپنے چہرے کو سرخ اور پھولا ہوا دیکھیں گے۔ پچکے ہوئے گال ابھر آئیں گے۔ پھر یکدم شوں کی آواز نکال کر سانس کو چھوڑ دیں۔ دوبارہ آہستہ آہستہ سانس لیتے ہوئے یہی عمل دھرائیں۔ ہر روز دس دفعہ یہ ورزش کریں۔ ایک مہینہ کا کورس ہے۔

اگر راستے میں ڈاکو پڑ جائیں :۔ اگر آپ کہیں جا رہے ہیں اور کسی ڈاکو یا ڈاکوؤں نے آپ کا راستہ روک لیا ہے تو آپ بالکل نہ گھبرائیں۔ مرزا قادیانی کا نسخہ آپ کے لئے حاضر ہے۔ تن کر کھڑے ہو جائیں۔ چھاتی کو ابھار لیں۔ نتھنے پھلا لیں اور پوری آنکھیں نکال لیں اور انتہائی غصہ سے اور پوری طاقت سے اپنے منہ سے " غشم غشم غشم " کے الفاظ نکالئے غشم غشم غشم کے الفاظ اپنے منہ سے اس طرح نکالیں کہ گویا الفاظ نہیں شعلے یا گولیاں نکل رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی شہادت کی انگلی کو اس طرح حرکت دیں کہ گویا آپ فائرنگ کر رہے ہیں۔ اس دوران دونوں پاؤں سے اس زور سے مٹی اڑائیں کہ مٹی آپ کے سر پر پڑے۔ آپ کی اس پیدا کردہ صورت حال سے ڈاکو خوفزدہ ہو کر بھاگ جائیں گے اور آپ غشم غشم غشم کی کلاشنکوف کے ذریعے محفوظ و مامون رہیں گے۔ (۲)

مخالفین کے جلسوں کو منتشر کرنے کے لئے :۔ اگر آپ کے شہر میں آپ کی کسی مخالف جماعت کا جلسہ ہو رہا ہے اور آپ اس جلسہ کو درہم برہم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی مشکل کے حل کے لئے مرزا قادیانی اپنے نسخے سمیت حاضر ہے۔ " پیٹ پھٹ گیا " (البشریٰ جلد دوم ص ۱۹)

ہزاروں کا مجمع ہے۔ دور دور تک انسانی سروں کی فصل لہلہاتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ سحریاں مقرر کا سحر پورے مجمع پر طاری ہے۔ مجمع مقرر کی مٹھی میں بند ہے اور وہ جب چاہتا ہے حاضرین کو ہنسا دیتا ہے اور جب چاہتا ہے رلا دیتا ہے۔ اس جمے ہوئے مجمع کو اکھیڑنے کے لئے آپ مجمع میں چھ سات مقامات پر اپنے دو دو آدمی بٹھا دیں۔ جلسہ شروع ہونے سے تھوڑی دیر بعد ان میں سے ایک آدمی اپنی جگہ تڑپنا شروع کر دے اور دوسرا شور مچاتا روتا پیٹتا ہوا مرزا قادیانی کا الہام پڑھے " پیٹ پھٹ گیا " " پیٹ

پھٹ گیا" اس کے شور مچانے پر لوگ تڑپتے ہوئے آدمی کی جانب لپکیں گے اور اسے فوری طبی امداد کے لئے ہسپتال پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ اس طرح جلسہ میں اچھی خاصی ہڑبونگ مچ جائے گی۔ اس واقعہ کے پورے پانچ منٹ بعد دوسری جگہ پر بیٹھی ہوئی جوڑی یہی عمل دھرائے۔ اس جگہ پر بھی ایک انتشار پھیل جائے گا۔ پھر صرف تین منٹ بعد تیسری جگہ سے شور اٹھے۔ "پیٹ پھٹ گیا" "پیٹ پھٹ گیا" اور اسی طرح باقی جگہوں سے بھی ٹھیک دو دو منٹ بعد چیخ و پکار ہو کہ "پیٹ پھٹ گیا" مقرر اور میزبانوں کی ہزار کوششوں کے باوجود جلسہ درہم برہم ہو جائے گا اور آپ فاتح بن کر گھر لوٹیں گے۔

آپ یہ نسخہ سیاسی جلسوں میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مجرب ہے۔

اگر ہندو ہمسائے سے لڑائی ہو جائے :۔ اگر کسی وجہ سے آپ کی اپنے ہندو ہمسائے سے ان بن ہو جائے تو آپ کو لڑائی جھگڑے اور دھینگامشتی کی کوئی ضرورت نہیں۔ صبح سویرے بیدار ہو جائیں۔ صحن میں ایک دری بچھائیں اور سارے گھر والے اس پر بیٹھ کر اونچی آواز سے انتہائی ترنم کے ساتھ مرزا قادیانی کا یہ "عارفانہ" کلام پڑھیں۔

چپکے چپکے حرام کروانا — آریوں کا اصول بھاری ہے
نام اولاد کے حصول کا ہے — ساری شہوت کی بے قراری ہے
بیٹا بیٹا پکارتی ہے غلط — یار کی اس کو آہ و زاری ہے
دس سے کروا چکی ہے زنا لیکن — پاک دامن ابھی بیچاری ہے
زن بیگانہ پر یہ شیدا ہیں — جس کو دیکھو وہی شکاری ہے

(آریہ دھرم ص ۔ ۷۷ ۔ ۷۶ مصنفہ مرزا قادیانی)

کلام پڑھنے کے بعد پانچ پانچ قلا بازیاں لگائیں اور اس کے بعد حقے کے پانی کے دو دو گھونٹ پی لیں۔ یہ عمل پندرہ دن تک دھرائیں۔ ہندو گھر بیچ کر چلے جائیں گے۔

صحت و تندرستی کے لئے :۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی پیچیدہ بیماری کا شکار ہے اور ڈاکٹروں، حکیموں کے ہاں جا جا کر آپ کی کمر ہمت ٹوٹ گئی ہے اور جیب

اجڑ گئی ہے۔ تو مایوس نہ ہوں آج ہی مرزا قادیانی کے نسخہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تندرستی پائیں ایک کاغذ کی پرچی پر مرزا قادیانی کی وحی لکھیں۔

" مرزے ہم نے تیری صحت کا ٹھیکہ لیا ہے " پرچی کو لپیٹ کر ایک کیپسول میں بند کر دیں اور اس طرح کے ۳۰ کیپسول بنا لیں۔ صبح دوپہر شام ایک ایک کیپسول کنوئیں کے پانی سے کھائیں۔ بعد میں گرم گرم ابلے انڈے کے ساتھ ٹھنڈا ٹھنڈا پیپسی کولا پئیں۔ دس دن کا علاج ہے۔

پرہیز:۔ دس دن تک اپنے گھر سے کوئی چیز نہیں کھانی۔ اگر مریض اتنا لاغر ہو کہ وہ کیپسول نہ کھا سکے تو کالی روشنائی کے ساتھ پرچی پر مذکورہ بالا الہام لکھیں اور اسے آدھا کپ پانی میں ڈبو دیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد ساری تحریر پانی میں حل ہو جائے گی۔ پھر اس آدھا کپ پانی کو ایک بڑی سرنج میں بھر لیں اور اس پانی کو گلوکوز کی بوتل میں سرنج کے ذریعے داخل کر دیں اور مریض کو گلوکوز لگا دیں۔ تھوڑی ہی دیر بعد صحت یابی ہو جائے گی۔

پیچش:۔ اگر آپ کے بچے کو پیچش کی بیماری لگ گئی ہے اور لگا تار پاخانے آ رہے ہیں اور کوئی دوائی کارگر ثابت نہیں ہو رہی تو قطعاً" نہ گھبرایئے۔ مرزا قادیانی کا مندرجہ ذیل الہام موٹے مارکر کے ساتھ بچے کے پیٹ پر لکھ دیں۔

۲۷ دسمبر ۱۸۹۱ ۔ ۳۲ ۔ ۲۸ ۔ ۲۷ ۔ ۱۴ ۔ ۳ ۔ ۲۷ ۔ ۲ ۔ ۲۶ ۔ ۲ ۔ ۲۸ ۔ ۱ ۔ ۲۳ ۔ ۱۵ ۔ ۱۱ ۔ ۱ ۔ ۲ ۔ ۲۷ ۔ ۱۴ ۔ ۱۰ ۔ ۱ ۔ ۲۸ ۔ ۲۷ ۔ ۴۷ ۔ ۱۶ ۔ ۱۱ ۔ ۲۴ ۔ ۱۴ ۔ ۱۱ ۔ ۱۷ ۔ ۱ ۔ ۵ ۔ ۳۴ ۔ ۲۳ ۔ ۳۴ ۔ ۱۱ ۔ ۱۴ ۔ ۷ ۔ ۲۳ ۔ ۱۴ ۔ ۱ ۔ ۱ ۔ ۱۴ ۔ ۵ ۔ ۲۸ ۔ ۷ ۔ ۳۴ ۔ ۱ ۔ ۷ ۔ ۳۴ ۔ ۱۱ ۔ ۱۶ ۔ ۱ ۔ ۱۴ ۔ ۷ ۔ ۲ ۔ ۱ ۔ ۷ ۔ ۵ ۔ ۱ ۔ ۱۴ ۔ ۱ ۔ ۱۴ ۔ ۲ ۔ ۲۸ ۔ ۱ ۔ ۷

(البشریٰ جلد دوم ص ۔ ۱۷۔ مجموعہ الہامات مرزا قادیانی)

اور اگر اسہال کسی بڑے کو لگ جائیں تو مرزا قادیانی کا مندرجہ ذیل الہام بڑے کے پیٹ پر موٹے مارکر کے ساتھ لکھ دیں۔

۲۸ ۔ ۲۷ ۔ ۱۴ ۔ ۳ ۔ ۲۷ ۔ ۲ ۔ ۲۶ ۔ ۲ ۔ ۲۸ ۔ ۱ ۔ ۲۳ ۔ ۱۵ ۔ ۱۱ ۔ ۱ ۔ ۲ ۔ ۲۷ ۔

۱۴ ـ ۱۰ ـ ۱ ـ ۲۸ ـ ۲۷ ـ ۴۷ ـ ۱۶ ـ ۱۱ ـ ۳۴ ـ ۱۴ ـ ۱۱ ـ ۱ ـ ۵ ـ ۳۴ ـ ۲۳ ـ ۳۴
ـ ۱۱ ـ ۱۴ ـ ۱ ـ ۲۳ ـ ۱۴ ـ ۱ ـ ۱ ـ ۱۴ ـ ۵ ـ ۲۹ ـ ۷ ـ ۳۴ ـ ۷۱ ـ ۳۴ ـ ۱۱ ـ ۱۶ ـ ۱
ـ ۱۴ ـ ۷ ـ ۲ ـ ۱ ـ ۷ ـ ۵ ـ ۱ ـ ۱۴ ـ ۱۴ ـ ۲ ـ ۳۸ ـ ۲ ـ ۳۸ ـ ۱ ـ ۷ ـ (تبلیغ رسالت جلد دوم ص ۸۵ ـ مجموعہ اشتہارات مرزا قادیانی)

اور اگر الہام کی عبارت بچ جائے تو بقایا عبارت مریض کے منہ پر لکھ دیں۔

پرہیز = موسم جیسا بھی ہو مریض ۲ ماہ تک نہائے نہیں اور جب جسم سے بدبو کی لہریں اٹھیں تو منہ میں قادیاں قادیاں کا ورد کرے۔

تیز رفتاری کے لئے :۔ اگر آپ کسی نہایت اہم کام کے سلسلہ میں کہیں جا رہے ہیں اور آپ کو مقررہ وقت پر وہاں پہنچنا ہے ورنہ آپ کو ایک بہت بڑے نقصان سے دو چار ہونے کا اندیشہ ہے۔ آپ کے پاس سواری نہیں یا سواری ہے تو سست رفتار ہے۔ اس موقعہ پر آپ پریشان نہ ہوں۔ مرزا قادیانی کے فرشتے ٹیچی ٹیچی کا ورد کریں۔ آپ کی سپیڈ دوگنی ہو جائے گی۔ کیونکہ مرزا قادیانی نے کہا ہے کہ میرے فرشتے کا نام ٹیچی ٹیچی اس لئے ہے کہ یہ انتہائی برق رفتاری کے ساتھ مجھ پر وحی لے کر آتا ہے اور مرزا قادیانی یہ بھی کہتا ہے کہ ٹیچی کا لفظ ٹچ سے ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے ٹچ کر کے آنے والا۔ یعنی انتہائی برق رفتار۔ اگر آپ نے رفتار چار گنا کرنی ہو تو " ٹچ ٹیچی ٹچ " پڑھیں اگر آپ نے رفتار آٹھ گنا کرنی ہو تو ٹیچو ٹیچی ٹیچو پڑھیں۔ اور اگر سولہ گنا کرنی ہو تو ٹچن ٹیچی ٹچن ۔ باالفاظ دیگر یہ آپ کے پاس چار گیئر ہیں جنہیں آپ حسب منشا استعمال کر سکتے ہیں۔

احتیاط = صرف اس بات کی احتیاط رکھیں کہ کسی بھی وقت آپ کے یا گاڑی کے کتے نیل ہو سکتے ہیں ۔ (۳)

لو بلڈ پریشر کے لئے :۔ اگر آپ لو بلڈ پریشر کے مریض ہیں جس سے آپ کی زندگی مفلوج ہو گئی ہے۔ بیٹھتے ہیں تو جسم گرتا ہے۔ چلتے ہیں تو چکر آتے ہیں۔ کمزوری اور نقاہت کی وجہ سے آپ کا کاروبار اور سوشل تعلقات ختم ہو چکے ہیں۔ حوصلہ نہ ہاریئے مرزا قادیانی کا نسخہ آپ کی مدد کے لئے حاضر ہے۔ مرزا قادیانی کی

سنت پر عمل کرتے ہوئے صبح و شام ای پلومر کی شراب کا پاؤ پاؤ کا ایک ایک پیگ غٹا غٹ پی جائیں۔ شراب پیتے وقت مرزا قادیانی کی سنت کے مطابق آپ کی ایک آنکھ بند اور منہ قادیان کی طرف ہونا چاہئے۔ (۴) شراب پینے کے بعد بد زبانی کرنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ اگر آپ گالیاں بکنا نہیں جانتے تو مرزا قادیانی کے یہ دونوں الہام پڑھ لیا کریں۔

" آریوں کا پرمیشر (خدا) ناف سے دس انگل نیچے ہے۔ سمجھنے والے سمجھ لیں "

(چشمہ معرفت ص ۱۱۶۔ مصنفہ مرزا قادیانی)

" جھوٹے آدمی کی یہ نشانی ہے کہ جاہلوں کے روبرو تو بہت لاف گزاف مارتے ہیں مگر جب کوئی دامن پکڑ کر پوچھے کہ ذرا ثبوت دے کر جاؤ تو جہاں سے نکلے تھے وہیں داخل ہو جاتے ہیں۔ (حیات احمدیہ جلد اول نمبر ۳ ص ۲۵)

پاؤں کی موچ :۔ اگر آپ کے پاؤں میں موچ آ گئی ہے اور پاؤں پر ذرا بھی بوجھ ڈالنے سے ٹیسیں اٹھتی ہیں تو آپ کو کسی ڈاکٹر یا حکیم کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔ مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کرتے ہوئے جوتی کا دایاں پاؤں بائیں پاؤں میں اور بایاں پاؤں دائیں پاؤں میں ڈال کر ہر چار گھنٹے بعد چار چار قدم چلیں۔ ہر مرتبہ چلنے کے بعد فوراً بیٹھ جائیں اور پھر سر کے بل چلتے ہوئے چار قدموں کے برابر فاصلہ طے کریں اور بعد میں خربوزے کے جوس کا ایک گلاس پی لیں۔

نوٹ = اگر آپ سر کے بل نہیں چل سکتے تو دو آدمی آپ کی ٹانگیں پکڑیں اور آپ سہارے سے سر کے بل آہستہ آہستہ چلیں۔ (۵)

شہرت حاصل کرنے کے لئے :۔ اگر آپ معاشرے میں شہرت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ لوگوں میں خود کو متعارف کروانا چاہتے ہیں اور آپ کے دل میں یہ خواہش مچل رہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ آپ کو جاننے لگیں تو مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کرتے ہوئے قمیض کے نیچے والے چاک میں اوپر والا بٹن لگائیے اور اوپر والے چاک میں نیچے والا بٹن لگائیے۔ گھر کی ساری چابیوں کا گچھا شلوار کے ازار بند سے باندھ کر ازار بند نیچے لٹکائیں بائیں پاؤں میں دایاں جوتا اور دائیں پاؤں میں بایاں

جوتا پہنیں۔ تیار ہو کر محلے کے چوک میں آ جائیں اور چہل قدمی شروع کر دیں۔ چابیوں کا گچھا چھن چھن کرتا آپ کے ہمرکاب ہو گا اور یہ چھن چھن کا میوزک جلد ہی لوگوں کو آپ کی جانب متوجہ کرا دے گا پھر جب لوگ آپ کی قمیض اور جوتوں کی صورت حال دیکھیں گے تو ہنس ہنس کے لوٹ پوٹ ہو جائیں گے۔ بچے تالیاں پیٹتے آوازے کستے آپ کے پیچھے لگ جائیں گے۔ جہاں سے آپ گزریں گے لوگوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جائیں گے۔ ٹریفک جام ہو جائے گا۔ روزانہ پانچ گھنٹے اس کام کو دیں اور روزانہ ایک نئے محلے میں نکل جائیں۔ پندرہ دن کے بعد آپ اپنے علاقے کی سب سے مشہور و معروف شخصیت ہوں گے۔ آپ نے دیکھا کہ جو کام آپ لاکھوں روپیہ خرچ کر کے نہیں کر سکتے تھے۔ وہ آپ نے مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کر کے مفت میں کر لیا۔ (۶)

نوٹ = اگر مشق کے دوران گندے انڈے یا ٹماٹر پڑیں تو اپنے کپڑوں اور منہ سے ان کے داغ دور نہ کریں۔ کیونکہ یہ داغ آپ کے حسن میں اضافہ کریں گے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو آپ کی جانب متوجہ کریں گے۔

قرض خواہوں سے نجات کے لئے :۔ اگر آپ درجنوں لوگوں کے مقروض ہیں اور آپ نے قرضہ لیا بھی اس لئے تھا کہ کسی کو ایک پائی بھی واپس نہیں کریں گے۔ قرض خواہ روزانہ آپ کا دروازہ اور آپ کو پیٹتے ہیں اور آپ ان کے ہاتھوں بڑے پریشان ہیں۔ لیجئے مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کیجئے اور مصیبت سے نجات پایئے۔ صبح اٹھتے ہی آدھ تولہ افیون کھائیں' آدھ گھنٹہ کے بعد آپ اپنے آپ میں نہیں رہیں گے بلکہ کسی اور دنیا میں پہنچ جائیں گے۔ گھر والوں کو افیون کھانے سے پہلے کہہ دیں کہ مجھے افیون کھانے کے بعد گھر کے باہر بٹھا دیں۔ آپ نشے میں جھومتے جھامتے تھڑے پر بیٹھ جائیں گے۔ قرض لینے والے جب آپ سے قرض کا مطالبہ کریں گے تو جواب میں آپ صرف ہلکی ہلکی مسکراہٹ دیں گے۔ وہ آپ کو پکڑ کر ہلائیں گے تو آپ گر جائیں گے۔ وہ آپ کو بٹھائیں گے تو آپ سردی میں ٹھٹھرے ہوئے چوہے کی طرح بیٹھ جائیں گے۔ وہ پیسوں کی بات کریں گے تو آپ شاہی قلعے کی

سیر کا تذکرہ چھیڑیں گے وہ اپنی رقم کی بات کریں گے تو آپ چار کا پہاڑا سنائیں گے۔ وہ اپنا رونا روئیں گے تو آپ امریکی الیکشن میں بش کے ہارنے کے اسباب بتائیں گے۔ آخر وہ آپ کو فاتر العقل سمجھ کر چھوڑ جائیں گے اور اگر جاتی دفعہ آپ کو دو چار تھپڑیا ٹھڈے رسید کریں گے تو نشے میں دھت ہونے کی وجہ سے آپ کو تکلیف کا احساس بھی نہ ہو گا۔ ایک مہینہ تک اس نسخہ کو باقاعدہ استعمال کریں اور قرض خواہوں سے نجات حاصل کریں۔ (۷)

سخت گیر افسران کی چاپلوسی کے لئے :۔ اگر آپ کسی سرکاری یا غیر سرکاری دفتر میں ملازم ہیں اور آپ کا افسر بڑا سخت گیر ہے۔ آپ سے کوئی سنگین غلطی ہو گئی ہے اور افسر نے اس کا سخت نوٹس لیتے ہوئے آپ کو میمو یا شوکاز نوٹس دے دیا ہے اور آپ کی نوکری خطرے میں ہے۔ اس خطرے کا مقابلہ مرزا قادیانی کے نسخہ سے کیجئے اور سہمے ہوئے دل کو خوش کیجئے۔ افسر کے سامنے حاضر ہو جائیں۔ پاؤں جوڑ لیں اور اس کے ساتھ ہاتھ بھی جوڑ لیں۔ خود کو افسر کے سامنے اس طرح جھکا دیں جس طرح مرزا قادیانی انگریز افسران کے سامنے جھکتا تھا اور پھر گلو گیر اور رندھی ہوئی آواز میں مرزا قادیانی کا یہ شعر پڑھیں۔

کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار

(درثمین ص ۶۸ مصنفہ مرزا قادیانی)

افسر کا دل پسیج جائے گا۔ شعر کو بار بار پڑھئے اور پڑھتے پڑھتے رونے کی کوشش بھی کریں۔ جتنی دفعہ پڑھتے جائیں گے۔ افسر کا دل اتنا ہی نرم ہوتا جائے گا۔ نرم کیوں نہ ہو۔ آپ اسے اس شعر میں کہہ رہے ہیں کہ سر جی!

میں خاک کا کیڑا ہوں
"میں بندے دا پتر نئیں"
میں انسان کی جائے نفرت ہوں
میں انسانوں کی عار ہوں

افسر سمجھے گا کہ میمو یا شوکاز نوٹس سے اس بیچارے کا دماغی توازن بگڑ گیا ہے۔ لہٰذا وہ آپ کی اس دگرگوں صورت حال کو دیکھتا ہوا آپ کو معاف کر دے گا۔

کیوں جی! کیسا رہا مرزا قادیانی کا نسخہ باکمال۔

کسی لڑکی کو دام محبت میں پھنسانے کے لئے:۔ اگر آپ کا دل کسی لڑکی پر لٹو ہو گیا ہے۔ جس طرح مرزا قادیانی کا دل محمدی بیگم پر لٹو ہو گیا تھا اور آپ اس لڑکی کو ہر حال میں حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مرزا قادیانی کی مندرجہ ذیل وحی صبح شام پچاس پچاس مرتبہ پڑھیں۔ جس راستے سے لڑکی گزرتی ہو۔ اس راستے کی مٹی پر پڑھ کر پھونکیں۔ دور کھڑے ہو کر لڑکی کے مکان پر دم کریں۔ اپنے بدن پر دم کریں۔ ایک مہینہ میں آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔

وحی پیش خدمت ہے I love you میں تم سے محبت کرتا ہوں I am with you میں تمہارے ساتھ ہوں۔ (حقیقتہ الوحی ص ۔ ۳۰۳ مصنفہ مرزا قادیانی)

پڑھنے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل امور پر پوری توجہ دینا ہے

پورا ایک مہینہ نہانا نہیں۔

پاؤں میں جوتا نہیں پہننا۔

ناخن اور بال نہیں کٹوانے

سر میں روزانہ تھوڑی سی قادیان کی خاک ڈالنی ہے۔

پورا ایک مہینہ کپڑے نہیں بدلنے۔

قادیان کی طرف منہ کر کے روزانہ ایک گھنٹہ زور زور سے رونا ہے۔

نظر کی تیزی کے لئے:۔ روزانہ دوپہر کے وقت گھر کی سب سے اونچی چھت پر دھوپ میں بیٹھ جائیں اور مرزا قادیانی کی تصویر سامنے رکھ کر ٹکٹکی باندھ کر دیکھیں اور اپنی دونوں آنکھیں مرزا قادیانی کی چھوٹی والی آنکھ میں گاڑ دیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران آپ کی آنکھ جھپکے نہیں۔ پانچ منٹ کے بعد پھر سورج کی طرف دیکھئے اور پھر مرزا قادیانی کی آنکھوں کی طرف دیکھئے۔ اسی طرح ایک دفعہ سورج اور دوسری دفعہ مرزا قادیانی کی آنکھوں کی طرف دیکھئے۔ یہ عمل جاری رکھئے۔ جب تک کہ سورج کو

دیکھنے سے آپ کی آنکھیں اس قدر خیرہ نہ ہو جائیں کہ آپ مرزا قادیانی کی تصویر نہ دیکھ سکیں۔ تب فوراً اٹھئے اور باہر گلی کی طرف دوڑ لگا دیں۔ اگر آپ اترتے ہوئے سیڑھیوں میں لڑھک جائیں یا گلی میں بھاگتے ہوئے آپ کا سر کسی کھمبے یا دوسری رکاوٹ سے ٹکرائے تو وہیں بیٹھ کر آرام کریں اور کچھ دیر بعد الٹے پاؤں واپس گھر آ جائیں۔ سات روز کا کورس ہے۔ کورس سخت ضرور ہے' لیکن مجرب ہے۔ (۸)

اگر پولیس سے کسی کیس میں جوتے پڑیں:۔ اگر آپ چوری یا فراڈ کے کسی کیس میں پکڑے گئے ہیں اور پولیس نے آپ پر زبردست تشدد کیا ہے جس سے آپ کے جسم پر زخم ہو گئے ہیں اور آپ بڑی سخت اذیت میں مبتلا ہیں تو دل نہ چھوڑیں۔ مرزا قادیانی کا الہام آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہے۔

"لائف آف پین" یعنی زندگی دکھ کی (ص ۔ ۶۵ تذکرہ)

مرزے قادیانی کا یہ الہام کاغذ کی پرچیوں پر لکھ کر زخموں پر رکھیں آدھی رات کو اٹھیں اور زور زور سے پڑھیں۔ "لائف آف پین" "لائف آف پین" ہر تین دفعہ پڑھنے کے بعد ہلکی ہلکی چیخیں ماریں۔ آپ کا درد چیخ کی آواز کے ساتھ ہی جسم سے نکلتا جائے گا اور زخم ٹھیک ہوتے جائیں گے ایک رات میں بلند آواز سے پانچ سو مرتبہ پڑھنا ہے اور چیخیں بھی مارنی ہیں۔ دوران مشق اگر گلا بیٹھ جائے تو فوراً نمکین گرم پانی سے غرارے کریں۔ پانچ دن کا علاج ہے۔

قوت حافظہ کے لئے:۔ اگر آپ کی قوت حافظہ کمزور ہے تو مرزا قادیانی کا ایک اور محبوب طریقہ اپنایئے اور مضبوط حافظہ پایئے۔ ایک جیب میں وٹوانیاں رکھیں اور دوسری جیب میں گڑ کے ڈھیلے۔ کچھ دن جان بوجھ کر گڑ کے ڈھیلوں سے استنجا کریں اور وٹوانیاں کھائیں۔ کچھ دنوں بعد عادت پک جائے گی اور حافظہ بھی پک جائے گا۔ پھر تھوڑی سی مشق سے آپ کا حافظہ اپنے بام عروج پر پہنچ جائے گا اور ہر جگہ آپ کے حافظے کے چرچے ہونے لگیں گے۔ مثلاً آپ کہنے لگیں گے کہ سورج مغرب سے نکلتا ہے۔ ستارے دن کو چمکتے ہیں۔ دسمبر عیسوی سال کا پہلا مہینہ ہے۔ گھر والے اگر آپ سے کہیں گے کہ ذرا باورچی خانہ سے دودھ پکڑانا تو آپ غسل خانے سے جھاڑو

لے کر آ جائیں گے۔ اگر گھر والے آپ سے کہیں گے کہ چائے پی لیں تو آپ کہیں گے کہ میں تمباکو نہیں پیتا۔ اگر گھر میں بیٹھا کوئی بزرگ آپ سے کہے گا کہ ذرا میری ٹوپی پکڑانا تو آپ جوتا پکڑ لائیں گے۔ دیکھا مرزا قادیانی کی سنت پر عمل کرنے سے آپ کا حافظہ کتنی ترقی کر گیا اور اسی حافظہ کی وجہ ہے کہ ہر قادیانی مرزا قادیانی کو نبی مانتا ہے۔

موت کا خوف دور کرنے کے لئے :۔ اگر آپ کے دل و دماغ پر ہر وقت موت کا خوف طاری رہتا ہے جس کی وجہ سے آپ کی صحت متاثر ہو رہی ہے۔ آپ ہر وقت بجھے بجھے اور گرے گرے رہتے ہیں تو آپ کے علاج کے لئے مرزا قادیانی کا الہام حاضر ہے۔

"لائف" (تذکرہ ص ۵۹۳)

جس وقت زیادہ خوف محسوس ہو اپنے سارے کپڑے اتار دیں۔ صرف جانگیہ تن پر رہنے دیں۔ پورے جسم پر تیل ملیں اور ساتھ ساتھ بیٹھکیں لگاتے جائیں۔ تیل مالش اور بیٹھکوں کے دوران اونچی آواز سے لائف ۔ لائف ۔ لائف پڑھیں۔ پھر قادیان کی مٹی بدن پر مل لیں۔ اس کے بعد لائف بوائے صابن سے نہا لیں۔ آپ یہ علاج اپنے گھر، دفتر، فیکٹری، دوکان اور سر راہ کسی بھی جگہ کر سکتے ہیں۔ بس صرف تیل کی شیشی اور قادیان کی خاک کی پڑیا اپنی جیب میں رکھیں۔

اگر کسی بیمار کی جان نہ نکلتی ہو :۔ اگر کسی بیمار کی جان نہ نکلتی ہو تو وہ شدید تکلیف میں ہوتا ہے اور اس سے دوگنی تکلیف اس کے گھر والے محسوس کر رہے ہوتے ہیں۔ اس انتہائی مشکل وقت میں بھی مرزا قادیانی کا نسخہ آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔

"اس کتے کا آخری دم ہے" (تذکرہ ص ۴۱۷)

بیمار کی چارپائی صحن میں رکھیئے اور سارے عزیز و اقارب چارپائی کے ارد گرد بیٹھ جائیں۔ گھر کا سمجھ دار آدمی اٹھے وہ بیمار کے بازو ٹانگیں اور گردن سیدھی کر کے اسے اٹن شین کرے۔ منہ سے زور دار سیٹی بجائے جس کا مطلب یہ ہو گا کہ گاڑی چلنے

والی ہے۔ پھر وہ شخص بیمار کے بالکل قریب بیٹھ جائے اور مندرجہ بالا الہام پڑھتا جائے۔ الہام پڑھتے وقت خود بھی غرائے۔ جتنی زور سے غرائے گا اتنی جلدی روح جسم سے نکلے گی۔

آسیب سے نجات کے لئے :۔ اگر آپ کے گھر میں آسیب ہے اور جنات نے آپ کا جینا دو بھر کر رکھا ہے تو قطعاً نہ گھبرایئے۔ گھر کے جتنے کمرے ہیں اتنی ہی مرزا قادیانی کی تصویریں لیں اور انہیں گتے پر چسپاں کر کے ہر کمرے میں لٹکا دیں۔ صرف پانچ منٹ میں آپ دیکھیں گے کہ جنات چیخیں مارتے ہوئے گھر سے بھاگ رہے ہوں گے۔ بھاگیں کیوں نہ؟ مرزا قادیانی کی شکل ہی اتنی ہولناک' خوفناک' شرر ناک اور عبرتناک ہے۔ ویسے بھی جس گھر میں مرزا قادیانی کی تصویر لگی ہو۔ اس تصویر سے نحوست کی اتنی لہریں اٹھ رہی ہوتی ہیں کہ جنات کا وہاں پر دم گھٹنے لگتا ہے۔ یہ تو صرف قادیانیوں کی ہمت ہے جو اتنی نحوست اور تعفن کو برداشت کر جاتے ہیں۔ پھر چار مزید تصویریں لیں اور انہیں ایک ایک کر کے کمروں میں جلا کر دھواں دیں۔ جنات کبھی اس طرف کا رخ نہیں کریں گے۔

نوٹ :۔ روتے اور ضد کرتے بچوں کو بھی مرزا قادیانی کی تصویر دکھا کر چپ کرایا جا سکتا ہے۔

خوبصورت لباس پہن کر آئینہ دیکھنے پر :۔ نیا اور دیدہ زیب لباس پہنئے' چہرے پر ہلکا سا میک اپ کیجئے' کنگھے سے بالوں کو سنواریئے' کلائی پہ خوبصورت سی گھڑی باندھیئے اور پھر قد آدم آئینہ کے سامنے کھڑے ہو جایئے۔ اپنی شکل دیکھتے ہوئے مرزا قادیانی کا یہ الہام پڑھیئے.....

" میں نے دیکھا کہ میں ایک جنگل میں ہوں اور میرے ارد گرد بہت سے بندر اور سؤر وغیرہ ہیں اور اس سے میں نے استدلال یہ کیا کہ یہ احمدی جماعت کے لوگ ہیں۔"

(نزول المسیح ماخوذ از پیغام صلح ۳۴ ۔ ۷ ۔ ۱۷ نقل از قادیانی مذہب)

اگر آپ کا بچہ جھوٹ بولنے سے شرماتا ہے :۔ اگر آپ کا بچہ جھوٹ بولنے

سے شرماتا ہے تو اسے مرزا صاحب کا مندرجہ ذیل نسخہ اپنی زیر نگرانی صبح' شام پچاس پچاس مرتبہ پڑھایئے۔

"کچھ عرصہ گزرا ہے کہ مظفر گڑھ میں ایک ایسا بکرا پیدا ہوا جو بکریوں کی طرح دودھ دیتا تھا" (سرمہ چشم آریہ ص ۴۱ مصنفہ مرزا قادیانی)

" اس کے بعد تین معتبر اور ثقہ اور معزز آدمیوں نے میرے پاس بیان کیا کہ ہم نے بچشم خود چند مردوں کو عورتوں کی طرح دودھ دیتے دیکھا ہے۔ بلکہ ایک نے ان میں سے کہا کہ امیر علی نام ایک سید کا لڑکا' ہمارے گاؤں میں اپنے باپ کے دودھ سے ہی پرورش پایا تھا۔ کیوں کہ اس کی ماں مرگئی تھی۔" (سرمہ چشم آریہ ص ۴۱)

" بعض نے یہ بھی دیکھا کہ چوہا مٹی خشک سے پیدا ہوا۔ جس کا آدھا دھڑ تو مٹی تھا اور آدھا چوہا بن گیا (سرمہ چشم آریہ ص ۴۱ مصنفہ مرزا قادیانی)

چند دنوں کے بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ کا بچہ بڑی بے شرمی اور ڈھٹائی سے جھوٹ بولے گا اور اس کے ساتھ ساتھ جھوٹ سازی میں ماہر بھی ہو جائے گا۔

اگر آپ پھسل جائیں :۔ آپ کے علاقے میں شدید بارش ہوتی ہے اور آپ گھر سے سودا سلف خریدنے کے لئے بازار جا رہے ہیں۔ راستہ میں کسی جگہ پھسلن ہونے کی وجہ سے آپ دھڑام سے گر جاتے ہیں تو گرتے ہی فوراً پڑھئے۔

" پٹی' پٹی گئی " (تذکرہ ص ۸۰۱)

اس کے بعد اٹھئے اور چوٹ والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر مندرجہ بالا نسخہ دس مرتبہ پڑھئے درد فوراً چوسا جائے گا اور آپ دوسری دفعہ پھسلن کے لئے دوبارہ بالکل فٹ ہوں گے۔

کرایہ دار سے مکان خالی کروانے کے لئے :۔ اگر آپ مکان کرایہ دار سے خالی کروانا چاہتے ہیں لیکن کرایہ دار کسی بھی صورت میں مکان خالی کرنے کے لئے تیار نہیں تو آپ ایک موٹا مارکر لے کر مکان کے مین گیٹ' کھڑکیوں' دروازوں اور دیواروں پر مرزا قادیانی کی مندرجہ ذیل وحی لکھ دیں۔ کرایہ دار گھبراہٹ سے بوکھلا اٹھے گا اور سر پہ پاؤں رکھ کر بھاگ جائے گا' لیکن شرط یہ ہے کہ وحی آدھی رات کو

اس وقت لکھی جائے جس وقت مرزا قادیانی بھانو سے ٹانگیں دبوایا کرتا تھا۔ وحی مندرجہ ذیل ہے۔ "ماتم کدہ" (تذکرہ ص ۷۵۲)

چوہے مار گولیاں بنایئے:۔ چھوٹی چھوٹی کاغذ کی پرچیوں پر مرزا قادیانی کی وحی لکھئے" زندگیوں کا خاتمہ" (تذکرہ ص ۵۷۷)

پرچیوں کو گول کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنایئے۔ گولی کے اوپر تھوڑی سی چینی اور تھوڑا سا دیسی گھی لگا دیں۔ خوشبو سے چوہا بھاگا بھاگا آئے گا اور فوراً گولی نگل جائے گا۔ ادھر گولی چوہے کے اندر ادھر چوہے کا دم باہر یعنی " زندگیوں کا خاتمہ "

گلی محلے کے خاکروب سے کام لینے کے لئے:۔ اگر آپ کے گلی محلے کا خاکروب اکثر چھٹیاں کرتا ہے یا آپ کی گلی کی صفائی چھوڑ جاتا ہے صفائی کرنے کے لئے اکثر دیر سے آتا ہے تو آپ صبح صبح اٹھ کر مرزا قادیانی کی طرح ایک آنکھ پوری اور دوسری آنکھ آدھی کھول کر جھاڑو ہاتھ میں پکڑ کر دس مرتبہ مرزا قادیانی کی وحی پڑھیں۔

" حنیف مسیح " (تذکرہ ص ۷۳۴) پڑھتے ہی آپ کے مکان پر خاکروب یوں آئے گا جس طرح نشیب کی طرف بہتا ہوا پانی۔

دولت مند بننے کے لئے:۔ دولت مند بننے کے لئے مرزا قادیانی کا الہام یاد رکھیں۔ "کرنسی نوٹ" (تذکرہ ص ۵۴۱)

اپنے کسی نومولود بچے کا نام کرنسی نوٹ رکھیں۔ ماں' باپ' دادا' دادی' نانا' نانی' بچے' چچیاں' ماموں' ممانیاں اور دیگر رشتہ دار و محلے دار جب اس بچے کو کرنسی نوٹ کے نام سے پکاریں گے تو گھر میں کرنسی نوٹوں کی چہل پہل ہو جائے گی۔ مہینہ میں ایک دفعہ بچے کے گلے میں کرنسی نوٹوں کا ہار ڈال کر اسے علاقے کی گلیوں میں اچھی طرح گھما لیا کریں۔ اگر دولت کی زیادہ ضرورت ہو تو بڑے بیٹے کا نام بدل کر " ڈالر اور بڑی بیٹی کا نام " پونڈ " رکھ لیں اور اپنا نام " موری والا پیسہ " رکھ لیں۔

فصلوں سے پرندے اڑانے کے لئے:۔ فصلوں کو خراب کرنے والے پرندوں

کو اڑانے کے لئے مرزا قادیانی کی وحی پیش خدمت ہے۔

پریش ۔ عمر پراطوس یا پلاطوس (مکتوب احمدیہ جلد اول ص ۶۸)

کھیت کی طرف منہ کر کے منہ کے گرد ہاتھوں کا ہالہ بنا کر دھماکے دار اور کڑاکے دار طریقہ سے مندرجہ بالا تین الفاظ ادا کیجئے۔ الفاظ کی ادائیگی اس طرح سے ہو کہ گویا آپ منہ سے الفاظ نہیں نکال رہے بلکہ الفاظ کے کارتوس چلا رہے ہیں۔ لفظوں کے اس دھماکے کے بعد آپ کو گھبرائے ہوئے پرندے بڑی تیزی سے اڑتے ہوئے دکھائی دیں گے ممکن ہے کہ کچھ پرندے آپ کے " پریش ۔ عمر پراطوس یا پلاطوس " کے کارتوس کی آواز سے ڈر کر مرجائیں جو کہ آسانی سے آپ کے کھانے کے کام آسکتے ہیں۔

گنجے پن کا فوری علاج :۔ اگر آپ گنجے ہیں اور اپنی ٹنڈ پر بہت سی دوائیاں اور رنگ برنگے تیل استعمال کر چکے ہیں لیکن ابھی تک آپ فارغ البال ہیں تو گھبرایئے نہیں۔ دواخانہ مرتدیہ قادیانیہ کا نسخہ پیش خدمت ہے۔

خواب میں دکھائے گئے۔ (۱) تین استرے (۲) عطر کی شیشی (تذکرہ ص ۷۷۴)

آپ کچھا اور بنیان پہن کر کسی نہر کے کنارے بیٹھ جائیں۔ جسم بالکل ڈھیلا چھوڑ دیں اور آنکھیں بند کر لیں اور تصور کریں کہ تینوں استرے آپ سر پر پھیر رہے ہیں پورے ایک گھنٹے کے بعد تصور کریں کہ اب استرے چلنے بند ہو گئے ہیں اور آپ کے سر پر چھوٹے چھوٹے بال نمودار ہو گئے ہیں۔ اس کے بعد تصور کریں کہ آپ کے بالوں کی عمر ایک ماہ ہو گئی ہے۔ اب ان پر عطر کی شیشی سے عطر چھڑکائیں۔ جس سے آپ کی ٹنڈ مہک اٹھے گی۔ اب تصور کریں کہ تینوں استرے آپ کے سر پر دوبارہ چلنے شروع ہو گئے ہیں اور ان کے چلنے سے ایک ماہ کی عمر کے سارے بال صاف ہو گئے ہیں۔ اب پھر تصور کریں کہ ایک مہینہ گزر گیا ہے۔ پھر تینوں استرے چلا دیجئے۔ ساتھ ساتھ عطر کی شیشی سے چھڑکاؤ بھی کرتے جائیں۔ تصور میں یہ عمل دس مرتبہ کریں لیکن اس بات کی احتیاط رہے کہ استروں کی چال سے آپ کے کان محفوظ رہیں۔ یہ عمل ایک مہینہ تک متواتر کرتے رہیں اور تصور میں یہ رکھیں کہ بالوں کی لمبائی چار

انچ ہو گئی ہے۔

پرہیز:۔ ایک مہینہ نہانا نہیں۔

ایک مہینہ آئینہ نہیں دیکھنا۔

ایک مہینہ سر کسی کو نہیں دکھانا بلکہ چادر سے اچھی طرح ڈھانپ کے رکھیں۔ ایک مہینہ کے بعد سر پر ہاتھ پھیریں۔ اگر سر پھر بھی صاف شفاف ہو تو ایک پیالی میں پانی لے کر اس میں ناک ڈبو کر مرنے کی کوشش کریں۔

اگر والدین کی سختی کی وجہ سے لڑکی سے ملاقات نہ ہو سکے:۔ اگر لڑکی کے والدین کو آپ کے عشق کا پتہ چل گیا ہے اور انہوں نے لڑکی کے باہر نکلنے پر پابندی لگا دی ہے اور آپ اپنے محبوب کی شکل دیکھنے کو ترستے ہیں تو فوراً مرزا قادیانی کا مندرجہ ذیل کلام پڑھیئے۔ مرزا قادیانی اپنی محبت میں یہی کلام پڑھا کرتا تھا۔

سبب کوئی خداوند بنا دے — کسی صورت سے وہ صورت دکھا دے
کرم فرما کے آ او میرے جانی — بہت روئے ہیں اب ہم کو ہنسا دے
کبھی نکلے گا آخر تنگ ہو کر — ولا اک بار شورو غل مچا دے

(سیرت المہدی جلد اول ص ۲۳۳۔ ۲۳۲ مصنفہ مرزا بشیر احمد)

اگر محبوب دھوکا دے جائے:۔ اگر آپ کا دل محبوب کی محبت میں جکڑا ہوا ہے، لیکن محبوب بے وفائی کر گیا ہے اور آپ اس کی جدائی میں انگاروں پہ لوٹ رہے ہیں۔ وقت کی ہر گھڑی آپ کے سینے پہ تلوار کی نوک چبھو رہی ہے اور آپ کی زندگی میں کسی کروٹ چین نہیں۔ تو ایمرجنسی چین حاصل کرنے کے لئے۔ مرزا قادیانی کا مندرجہ ذیل کلام پڑھئے۔ مجرب ہے۔ حکیم نورالدین اور مرزا بشیرالدین کے بھی زیر استعمال رہا اور اکسیر پایا۔

نہیں منظور تھی گر تم کو الفت — تو یہ مجھ کو بھی بتلایا تو ہوتا
میری دلسوزیوں سے بے خبر ہو — میرا کچھ بھید بھی پایا تو ہوتا
دل اپنا اس کو دوں یا ہوش یا جاں — کوئی اک حکم فرمایا تو ہوتا

(سیرت المہدی حصہ اول ص ۲۳۳۔ ۲۳۲ مصنفہ مرزا بشیر احمد ابن مرزا قادیانی)

قادیانیو! ہم نے مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کی چھابڑی سے یہ چند نسخے بطور نمونہ پیش کئے ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کسی اور بیماری یا مسئلے کے لئے نسخہ کی ضرورت ہو تو فوراً رابطہ کریں۔ ہم آپ کو مرزا قادیانی کی تعلیمات کی " تاریکی " میں اس کا جواب فوراً ارسال کریں گے۔

مرزا قادیانی
کا
شاعرانہ ریمانڈ

اَشعار کے طنزیہ قہقہے ، مصرعوں کی گدگدیاں ، الفاظ کی چُبھن
مزاح اور حقائق کا حسین امتزاج جس میں قادیانی نبوّت کی
شناخت پریڈ بھی ہے اور ریمانڈ بھی!

راقم آثم شاعر تو نہیں لیکن، مطالعہ کی حد تک شاعری سے ایک تعلق ضرور ہے۔ گذشتہ چند ماہ سے دوران مطالعہ شاعری ایک عجیب اور دلچسپ صورت حال سامنے آ رہی ہے کہ میری نظروں سے بہت سے اشعار ایسے گزرے جنہیں پڑھ کر یوں محسوس ہوا کہ عہد رفتہ اور عہد حاضر کے شاعروں نے یہ اشعار صرف مرتد زماں، کذاب ہندوستاں، مرزا قادیانی، اس کی سیرت رزیلہ اور اس کی جماعت خبیثہ کو سامنے رکھ کر کہے ہیں اور یہ اشعار اپنے موضوعات پر یوں پورے اترتے ہیں، جس طرح دجال، کذاب، مرتد اور زندیق کے القاظ مرزا قادیانی کی شخصیت بے حیثیت پر پورے اترتے ہیں۔ بندہ اپنے اس خیال میں کس حد تک صحیح ہے۔ اس کے لئے میں آپ کو دعوت مطالعہ و تجربہ دیتا ہوں۔

لیجئے کتابچہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ بسم اللہ کیجئے!!!

مرزا قادیانی کی شکل دیکھ کر

خرس کا سر، شکل بندر کی ہے منہ خنزیر کا
ایک پہلو یہ بھی ہے انسان کی تصویر کا

مرزا قادیانی کی فطرت رزیلہ دیکھ کر

ہوتا ہے اک پل میں کھنڈر دل بسا ہوا
پانی بھی مانگتا نہیں تیرا ڈسا ہوا

مرزا قادیانی کی عادات و حرکات و سکنات دیکھ کر

ہلاکت آفریں ہے اس کی ہر بات
عبادت کیا، اشدت کیا، ادا کیا

مرزا قادیانی کا روپ بہروپ

سوچو تو سلوٹوں سے بھری ہے تمام روح
دیکھو تو ایک شکن بھی نہیں ہے لباس میں

افیون کھانے پر

تھوڑی سے کھا کے دیکھئے تاثیر کبھی
پل میں تمہیں کرائے گی یہ سیر چاند کی

سر پر پگڑی باندھنے پر

دستار کی ہر تار کی تحقیق ہے لازم
ہر صاحب دستار معزز نہیں ہوتا

سر کے بال سفید ہونے پر

گو قلب سیاہ ہے ابھی تک
پر بال سفید ہو گئے ہیں

خوبصورت لباس پہن کر دربار انگریز میں سلام کرنے پر

ایسے بھی لوگ ہیں جنہیں پر کھا تو ان کی روح
بے پیرہن تھی جسم سراپا لباس تھا

مٹی کے ڈھیلے کھانے اور گڑ سے استنجا کرنے پر۔

احمقوں کی کمی نہیں غالب
ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں

ایک سو ایک بیماریوں کا مجموعہ ہونے پر

بیٹھے ہو جو یوں جسم کی قبروں میں سمٹ کر
کتبہ بھی سر قبر لگا کیوں نہیں دیتے

ای پلومر کی شراب پینے پر

پی شوق سے "مرزا" ارے کیا بات ہے ڈر کی
دوزخ تیرے قبضے میں ہے جنت تیرے گھر کی

مریدوں کے گھر پر تکلف دعوتیں اڑانے پر

بہت ہی مزے دار تھا تیرا کھانا
بڑھ کر ہاتھ ذرا مجھ کو اٹھانا

مرزا قادیانی اپنے خاص ساتھیوں کی محفل مئے نوش میں

شام ہے آؤ لب جو بیٹھ کر دو ایک گھڑی
کچھ پئیں کچھ گردش ایام کی باتیں کریں

تعارف شخصیت مرزا قادیانی

ذہن آوارہ، دل آوارہ، نظر آوارہ
کیسے اس حال کو پہنچا، نہ کسی نے پوچھا!

مرزا قادیانی کی بانکی چال دیکھ کر

حضرت تمہاری چال بھی کتنی عجیب ہے
رکھتے کہیں ہو پاؤں اور پڑتا کہیں پہ ہے

جب مسلمانوں کی طرف سے قتل کی دھمکیاں ملیں

موت کا ایک دن معین ہے۔
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

مختلف روپ اختیار کرنے پر

اس کے قامت سے اسے جان گئے لوگ فراز
جو لبادہ بھی وہ چالاک پہن کے نکلا

مرزا قادیانی کے سونے پر

سر کہیں، بال کہیں، ہاتھ کہیں، پاؤں کہیں
ان کا سونا بھی کس شان کا سونا ہے

دعویٰ نبوت کرنے پر

کیا مصطفیٰ کے بعد آیا نہ مسیلمہ
پھر قادیاں میں کس لئے مجھ سا نبی نہ ہو

قرآن مجید میں تحریف کرنے پر

ڈھیٹ اور بے شرم بھی عالم میں ہوتے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپ کی

امام زماں کا دعویٰ کرنے پر

اتنی نہ بڑھا پاکی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

منافق اعظم کا کردار ادا کرنے پر

غدار نے بھی دھار لیا روپ مسلماں
تسبیح کے دانوں میں چھپی تیغ ستم ہے۔

جعلی نبوت کو دیکھ کر

کاغذی پھول مہکتے نہیں گلدانوں میں
خون ہوتا نہیں تصویر کی شریانوں میں

عالم ہونے کا دعویٰ کرنے پر

مذہبی لوگوں میں اٹھنا بیٹھنا آسان نہیں
احتیاطاً ہم نے بھی پہلا سیپارہ پڑھ لیا

کفر وارتداد میں لاثانی ہونے پر

آخر زمانہ آئینہ دکھلا کے رہ گیا
لانا پڑا تم ہی کو تمہارے جواب میں

چہرہ قادیانیت دیکھنے پر

اتنے حجاب پر بھی یہ عالم ہے "کفر" کا
کیا حال ہو جو دیکھ لیں پردہ اٹھا کے ہم

مختلف ذاتیں بدلنے پر

بدگمانی ہو جس کو خود سے جمالؔ
راستہ وہ بدلتا رہتا ہے!

شان رسالتؐ میں گستاخیاں کرنے پر

لب کشائی نہ کر نبی کے خلاف
ورنہ ہو جائے گی تیری زبان برباد

دولت کی خاطر انگریز کے در پر ایمان بیچنے پر

بیچتا پھرتا ہوں خود کو سر بازار حیات
مجھ کو رسوا کئے رکھتی ہے ضرورت میری

جہاد کو حرام قرار دے کر انگریزی حکومت کا ساتھ دینے پر

پرائی محنتیں آؤ کہ بانٹ لیں دونوں!
کچھ اس طرح کہ ثمر تیرے اور ثمر میرے

شیطان سے دوستی کا اظہار کرنے پر

چاہ میں ان کے طمانچے کھائے ہیں!
دیکھ لو سرخی میرے رخسار کی

حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی ؒ کو مناظرے کا چیلنج دینے پر

ابتداء یہ تھی کہ میں تھا اور دعویٰ علم کا
انتہا یہ تھی کہ اس دعوے پہ شرمایا بہت

مولانا ثناءاللہ امرتسری ؒ سے تحریری مباہلہ کرنے پر

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دارز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

مولانا کرم الدین کے دائر کردہ مقدمہ کی پیشی پر قادیاں سے جہلم کا تکلیف دہ سفر کرنے پر

انہیں پتھروں پہ اگر چل کے آ سکو تو آؤ
میرے گھر کے راستے میں کوئی کہکشاں نہیں ہے

مسلمانوں کو مرتد بنانے کی کوشش کرنے پر

اللہ رے اسیری بلبل کا اہتمام
صیاد عطر مل کے چلا ہے گلاب کا

مسلمانوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لئے عیسائیوں اور ہندوؤں سے ملی بھگت کر کے مناظرے کرنے پر

اب دام مکر کسی اور جا بچھایئے
بس ہو چکی نماز مصلے اٹھایئے

قادیانیت کو عین اسلام کہنے پر

لٹیروں نے جنگل میں شمع جلا دی
مسافر یہ سمجھا کہ منزل یہی ہے

اسلام کا لبادہ اوڑھ کر شیطانی تصانیف شائع کرنے پر

وہ اک دھبہ ہیں علم و آگہی کے نام پر
تیرگی پھیلا رہے ہیں روشنی کے نام پر

کسی مسلمان کا فتنہ ارتداد کا شکار ہونے پر

جلا ہے دل یا کوئی گھر یہ دیکھنا لوگو
ہوائیں پھرتی ہیں چاروں طرف دھواں لے کر

مسلمانوں کی طرف سے مذمت و مرمت کرنے پر ملکہ کو غم کی کہانی سنانے پر

تجھے دکھاؤں گا وہ زخم جو لگے دل پر
عزیز جاں کچھ آساں نہیں وفا کرنا

ملکہ کا جواب محبت

تیرے بغیر کسی چیز کی کمی تو نہیں
تیرے بغیر طبیعت اداس رہتی ہے

جب ملکہ کا لاڈلا سفر آخرت پہ جا رہا تھا

دونوں جہاں تیری محبت میں ہار کے
وہ جا رہا ہے کوئی "زیست کفر" گزار کے

جب محمدی بیگم کے عشق میں پریشان بیٹھا تھا

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

عاشق نامراد جب محمدی بیگم کو خوابوں میں دیکھتا تھا

سو بار تیرا دامن ہاتھ میں میرے آیا
جب آنکھ کھلی دیکھا تو اپنا ہی گریباں تھا

جب محمدی بیگم سے عشق دیوانگی کی حد تک پہنچا

سر چڑھ کے کہا یار کی پاپوش نے مجھ سے
سنتے ہو؟ میں سودائے محبت کی دوا ہوں

جب محمدی بیگم کی نسبت مرزا سلطان سے طے پا گئی

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

محمدی بیگم کی بارات کی رخصتی کے وقت

جان بہت شرمندہ ہوں
تجھ سے بچھڑ کر زندہ ہوں

محمدی بیگم کی بارات کی رخصتی کے بعد مرزا قادیانی کی دیوانگی

اٹھا کر چوم لی ہیں چند مرجھائی ہوئی کلیاں
نہ تم آئے تو یوں جشن بہاراں کر لیا میں نے

محمدی بیگم کی رخصتی کے بعد جب لوگ مرزا قادیانی پہ ہنس رہے تھے

اے دیکھنے والو! مجھے ہنس ہنس کے نہ دیکھو
تم کو بھی محبت کہیں مجھ سا نہ بنا دے

عالم نزع میں محمدی بیگم کو یاد کرنے پر

تو کہاں دور جا بسی ہے مجھ سے!
اب تو آ جا کہ وقت آخر ہے!

مرنے کے بعد بھی محمدی بیگم کی یاد

آنکھیں کھلی ہوئی ہیں پس مرگ اس لئے
جانے کوئی کہ طالب دیدار مر گیا

نو سرباز ہونے پر

سجاتا رہتا ہوں کاغذ کے پھول پیڑوں پر
میں تتلیوں کو پریشان کرتا رہتا ہوں

مرکز قادیانی نبوت "قادیان" دیکھ کر

پھول ہیں کہ لاشے ہیں باغ ہے کہ مقتل
شاخ شاخ ہوتا ہے درد کا گماں یارو

بہشتی مقبرہ دیکھ کر

میں نے ایک ایسا شہر بھی دیکھا ہے یارو
جہاں جنت کے نام پر جہنم بکتا ہے یارو

قادیانی جماعت کے افراد دیکھ کر

روحیں تو اک زمانہ ہوا ہو چکیں فروخت
کس نرخ سے بکیں گے بدن دیکھتے رہو

مرزا قادیانی کے ساتھی "قادیانی صحابہ" دیکھنے پر

خنداں نہیں، مہک نہیں، رعنائیاں نہیں
قاتل یہ پھول ہیں کہ جنازے بہلد کے

قادیانی جماعت کا سالانہ میلہ دیکھ کر

عجب شان سے نکلا تھا "قادیانیوں" کا جلوس
کہ پھول ہاتھ میں اور آستین میں خنجر تھے

شکار پر نکلے قادیانی مبلغین دیکھ کر

دیکھ کر دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ
سانپ ہوتے ہیں آستینوں میں

لاہوری گروپ کے لیڈر محمد علی لاہوری سے مرزا قادیانی کی پر شکوہ گفتگو سن کر

تمام عمر کہاں کوئی ساتھ دیتا ہے۔
یہ جانتا ہوں مگر تھوڑی دور ساتھ چلو

محمد علی لاہوری قادیانی کا جواب شکوہ

ہے تجھ کو گلہ میرے خیالات سے اب تک
میں بھی ترے حالات سے شاکی تو رہا ہوں

اٹھارہ سالہ نصرت جہاں بیگم سے دوسری شادی رچانے کے بعد ستر سالہ بڈھے کھوسٹ مرزا قادیانی کے ہنی مون منانے پر

چلو آج چھٹی منانے چلیں
کسی باغ میں بیر کھانے چلیں

دوسری شادی کے وقت مرزا قادیانی کی قوت مردمی ساقط ہونے پر نصرت جہاں بیگم کا طعنہ

خوش نصیب کون زمانے میں ہے گوہر کے سوا
سب کچھ اللہ نے دے رکھا ہے شوہر کے سوا

پہلی شب برات کے موقعہ پر نصرت جہاں بیگم کے تحفہ مانگنے پر

تحفہ شب برات میں کیا دوں
میری جاں! تم تو خود پٹاخہ ہو

ستر سالہ بڈھے کھوسٹ خاوند کی بوتھی دیکھ کر نصرت جہاں بیگم کا تبصرہ

آنکھیں غلط ہیں آپ کی اور ہونٹ ہیں خراب
پورے جہاں میں آپ کا کوئی نہیں جواب

"پھجے کی ماں" سے ناراضگی کی وجہ

ہم نے دل اسے دیا دلدار سمجھ کر
وہ کھا گیا اسے نسوار سمجھ کر

نصرت جہاں بیگم کے سامنے بیٹھ کر سگریٹ سلگانے پر

تمہارے آتشیں ہونٹوں سے جاناں
اجازت ہو تو سگریٹ ہی جلا لوں

مرزا قادیانی کا ایک مرید جب دیوانگی میں آیا

قینچیاں نظر کروں، کنگھے تجھے پیش کروں
اے میرے کانے گرو بتا تجھے کیا پیش کروں

ایک رات جب نصرت جہاں بیگم سے ناراضگی ہو گئی

تکیے پہ شب کو پانی چھڑک کر میں سو گیا
وہ سمجھیں ان کے ہجر میں رویا تمام رات

محمدی بیگم کے والد کی سختی دیکھ کر

اس کا ابا بڑا "ڈاڈا" ہے
پتہ نہیں بندہ ہے کہ "کاڈا" ہے

نصرت جہاں بیگم کے میکے روانگی پر

ہماری یاد کبھی لے جو دل میں انگڑائی
برآمدے کے ستوں سے لپٹ کے رو لینا

نصرت جہاں بیگم سے شادی کے دو سال بعد مرزا قادیانی کی کیفیت

فائدہ یہ خوب شادی کا ہوا
ہم کو بھی کھانا پکانا آ گیا

مساجد کی طرز پر قادیانی عبادت گاہیں تعمیر کرنے پر

کاروانوں کو لوٹنے کے لئے
رہزنوں نے دیئے جلائے ہیں

جب انگریز ہی کے دور میں مسلمانوں کو گالی گلوچ کرنے پر عدالت سے تحریری معافی مانگنی پڑی اس پر مرزا قادیانی کا گلہ

تمہیں نے مجھ کو تماشا بنایا
تمہیں ہنس رہے ہو تماشا سمجھ کر

ایک رات جب بھانو ٹانگیں دبا کر جانے لگی

میں نے کبھی یہ ضد تو نہیں کی پر آج شب
اے مہ جبیں نہ جا کہ طبیعت اداس ہے

آخری وقت میں جب طبیب علاج کے لئے آیا

اے طبیب ہٹ جا ذرا پرے میں مریض عشق ہوں لادوا
مجھے جس نے درد عطا کیا اسی چارہ گر کی تلاش ہے

مریدوں کا چندہ کھانے پر

وفا کے نام پر کچھ شعبدہ گر
چرا لیتے ہیں ہاتھوں کی حنا تک

کسی قادیانی کا دل سے مرزا قادیانی کو جھوٹا سمجھنے کے باوجود زبان سے سچا کہنا

مروت کی قسم تیری خوشی کے واسطے اکثر!
سراب دشت کو آب رواں کہنا ہی پڑتا ہے

بھانو سے آدھی رات کو ٹانگیں دبوانے پر

پلی ہے مغربی تہذیب کے آغوش عشرت میں!
نبوت بھی ریلی ہے، پیغمبر بھی رسیلا ہے

پادری آتھم کے ہاتھوں ذلیل و رسوا ہونے پر

فتح و شکست نصیبوں سے ہے ولے اے میر
مقابلہ تو دل ناتواں نے خوب کیا

وقت نزع شیطان کو پکارتے ہوئے

تیرا بیمار محبت نزع کے عالم میں ہے
دم ہے آخر اب تو آجا پھر چلا جا دیکھ کر

مرض الموت میں جب ٹیپی ٹیپی ملاقات کے لئے نہ آیا

زندگی کے اداس لمحوں میں
بے وفا دوست یاد آتے ہیں

جب فرشتہ روح نکالنے لگا

بسنہ موت کا ماتھے پہ آیا آئینہ لاؤ
ہم اپنی زندگی کی آخری تصویر دیکھیں گے

مرنے کے بعد جب فوٹو گرافر فوٹو اتار رہا تھا

ہے کس بلا کا فوٹو گرافر ستم ظریف
میت سے کہہ رہا ہے ذرا مسکرایئے

مرنے کے بعد جب مرزا قادیانی کی ذاتی اشیا بر آمد ہوئیں

چند تصویر بتاں چند حسینوں کے خطوط
بعد مرنے کے میرے گھر سے یہ سامان نکلا

جب ٹٹی خانہ میں مرنے پر مسلمانوں نے ٹھٹھہ و مذاق کیا

ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرق دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

موت کے بعد جب منہ سے پاخانہ بہہ رہا تھا

دیکھو مجھے جو دیدہ عبرت نگاہ ہو
میری سنو جو گوش نصیحت نیوش ہو

جب جنازہ جا رہا تھا

دنیا سے جا رہا ہوں چھپا کر کفن سے منہ
افسوس بعد مرنے کے آئی حیا مجھے

مرزا قادیانی کی قبر دیکھ کر

آتش افشاں ہے زمین ایسی جگہوں سے کہ جہاں
لقمہ خاک ہوئے زہر اگلنے والے

عذاب قبر پر

وہ آگ ہے کہ میری پور پور جلتی ہے
"وہ گرز ہیں کہ میری نس نس کٹتی ہے"

وجہ مضمون:۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیں ہوتیں

جب مرزا قادیانی کو انگریزی نبوّت ملی!

ایک کشادہ اور خوبصورت کمرہ جس کی آرائش و زیبائش قابل دید ہے۔ کمرے میں نقش و نگار سے مزین ایک میز پڑا ہے۔ میز کے ارد گرد حلقہ بنائے کچھ آدمی بیٹھے ہیں۔ یہ لوگ کسی گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے ہیں جیسے کسی نہایت اہم چیز کی تلاش ہو یا کسی الجھے ہوئے مسئلے کا حل مطلوب ہو۔ سوچنے والوں میں سے کسی کے ماتھے پر سوچ کی سلوٹیں ہیں۔ کوئی کرسی سے ٹیک لگائے پوری آنکھیں کھول کر خلاء میں گھور رہا ہے اور کوئی سگار منہ میں رکھے سوچوں کی وادیوں میں سرگرداں ہے۔ کمرے میں مکمل خاموشی ہے اور کبھی کبھی کسی کے کھانسنے یا بولنے سے یہ سکوت ٹوٹ جاتا ہے۔ یہ لوگ کون ہیں؟ یہ انگریزی حکومت کے ہندوستان میں اعلیٰ عہدوں پر فائز سرکردہ لوگ ہیں۔ یہ مسلمانوں کی تاریخ اور ان کی نفسیات پر سوچ رہے ہیں۔ یہ ہندوستان کے سیاسی اور مذہبی حالات پر غور کر رہے ہیں۔ یہ ہندوستان میں اٹھنے والی مختلف دینی اور سیاسی تحریکوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ وہ ان سوچوں میں گم ہیں کہ ہمیں ہندوستان کو غلام بنائے ایک لمبا عرصہ بیت گیا لیکن ہندوستان کے باہمت مسلمانوں نے ہماری غلامی کو آج تک تسلیم نہیں کیا۔ ہم ان کے دلوں سے مذہب کی محبت کی حدت و حرارت نہیں نکال سکے۔ ان کی مساجد آباد ہیں۔ دینی مدارس سے ہمارے خلاف جری جوانوں کی فوج تیار ہو کر نکل رہی ہے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے بچے اپنے سینوں میں قرآن لئے پھرتے ہیں۔ ان کے علماء ہمارے عیسائی مبلغین کے پاؤں نہیں جمنے دیتے۔ لاکھوں عیسائی مبلغین کی ڈاریں پورے ہندوستان میں بکھیرنے کے باوجود ہم ناکام و نامراد رہے۔ ہم ان کے دلوں سے ان کے نبیؐ کی محبت نہیں نکال سکے۔ قرآن کے لاکھوں نسخے جلوانے کے باوجود ان کے گھروں سے قرآن پڑھنے کی صدائیں اٹھتی ہیں۔ ہم نے انہیں پابند سلاسل کر کے دیکھ لیا لیکن ان کے دلوں میں فکر حریت کے چراغ کی لو کو مدھم نہ کر سکے۔ اگرچہ سیم و زر کے بل پر ہم نے چند غداروں کو خرید تو لیا لیکن انہوں نے ان غداروں پر لعنتوں کے ڈونگرے برسائے۔

کرسی صدارت پر بیٹھا ہوا گنجے سر والا آدمی اپنی مونچھوں کو مروڑتا ہوا بولا کہ

میں نے وہ راز پا لیا ہے جس سے مسلمانوں کو دائمی غلام بنایا جا سکتا ہے۔ وہ بولا کہ جہاد ہی وہ جذبہ ہے جو مسلمانوں میں جرأت' ہمت اور شجاعت پیدا کرتا ہے اور ان کے ہاتھ ہمارے گریبانوں تک پہنچاتا ہے۔ جب بھی کوئی مرد قلندر نعرہ جہاد بلند کرتا ہے تو فاقہ مست مسلمان اس کی صدا پر لبیک لبیک کہتے ہوئے میدان کار زار میں کود پڑتے ہیں اور دیوانہ وار اپنے دین پر نثار ہو جاتے ہیں۔ ایک مسلمان جب ہم سے برسرپیکار ہوتا ہے تو اس کی آنکھوں کے سامنے موت نہیں بلکہ نعمتوں سے لدی جنت اور دل میں اللہ اور اپنے رسولؐ سے ملاقات کی تڑپ ہوتی ہے۔ ایسی قوم کو غلام بنانے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ ان کے دلوں سے جذبہ جہاد نوچ لیا جائے لیکن اس کے لئے ہمیں ایک جھوٹے نبی کی ضرورت ہو گی' جو اعلان کرے گا کہ خدا نے مجھے اس دھرتی پر نبی اور رسول بنا کر بھیجا ہے اور اس کے ساتھ ہی وہ اعلان کرے گا کہ اب اللہ تعالیٰ نے جہاد کو حرام قرار دے دیا ہے۔ نبوت کا دعویٰ کرنے سے سادہ لوح مسلمانوں کی محبتوں اور عقیدتوں کا رخ اپنے نبی سے ہٹ کر اس جھوٹے نبی کی جانب ہو جائے گا اور اس طرح وہ شخص اپنی اچھی خاصی جماعت بنا لے گا اور پھر وہ اور اس کی جماعت جہاد کے حرام ہونے کی تبلیغ و تشہیر کرے گی۔

جھوٹے نبی کی تلاش

وائسرائے ہند کے کہنے پر جھوٹے نبی کی تلاش شروع ہو گئی۔ تلاش کرنے والے ماہرین کو تاکید کی گئی کہ سب سے زیادہ کوشش اس نکتہ پر کی جائے کہ مطلوبہ شخص پنجاب سے مل جائے! کیونکہ پنجاب کے لوگ بڑے بہادر' دلیر اور دلاور ہوتے ہیں۔ زیادہ تر دینی و سیاسی تحریکیں پنجاب ہی سے اٹھتی ہیں۔ جھوٹے نبی کی تلاش کرنے والی ٹیم اپنے مشن پر روانہ ہو جاتی ہے۔ کچھ دنوں بعد ٹیم کا ایک شخص اپنے ساتھ درمیانے قد کے ایک آدمی کو لاتا ہے۔ جس کا منہ میلا کچیلا' آنکھیں چھوٹی چھوٹی اور ادھ کھلی' موٹے موٹے ہونٹ جن پر سیاہی پھیلی ہوئی' سر اور داڑھی کے بال الجھے ہوئے اور کنگھی سے ناآشنا' بڑے بڑے اور گہرے کان جیسے چھوٹے چھوٹے

پیالے ہوں' دانتوں سے جھانکتی ہوئی پیلاہٹ' کپڑوں پر میل کی تہیں' خاک میں اٹے ہوئے جوتے اور غیر متوازن جسم۔ یہ شخص چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا اور جھومتا ہوا کمرے میں داخل ہوتا ہے۔ جھوٹے نبی کا انتخاب کرنے والی ٹیم کے تمام ممبران کمرے میں بیٹھے ہیں۔ وہ حیرت زدہ ہو کر آنے والے آدمی سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے ساتھ یہ شخص کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے کہ جناب یہ آپ کی نبوت کا امیدوار ہے۔ وہ غصے سے کہتے ہیں تمہیں اس کے سوا کوئی اور نہ ملا۔ یہ انسان ہے کہ بھوت؟ اس کی شکل دیکھ کر تو ہمیں متلی آ رہی ہے' لوگ اس کو کیسے نبی مان لیں گے۔ آنے والا شخص جواب دیتا ہے کہ جناب ہم نے سارا ہندوستان چھان مارا۔ بڑے بڑے غداروں اور دولت و اقتدار کے حریصوں کو اس کام کے لئے تیار کرنے کی انتہائی کوشش کی لیکن ہر ایک نے نفی میں جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ جناب نبوت کا دعویٰ تو بڑی دور کی بات ہے ہمیں تو یہ سوچ کر ہی کپکپی سی آتی ہے اور خوف سے جسم میں سرد لہر دوڑ جاتی ہے۔ جناب ہم نے یہ تجربہ کیا ہے مسلمان کتنا ہی گناہ گار ہو وہ اپنے نبی سے بے پناہ محبت کرتا ہے اور اپنے نبی کی عزت و ناموس پہ جان قربان کرنا اپنے لئے سعادت عظمیٰ سمجھتا ہے۔ جناب! یہی ایک بختوں کا مارا' نصیبوں کا ہارا ملا ہے جس کی مہار شیطان نے تھام رکھی ہے۔ آپ کی خدمت عالیہ میں پیش کر دیا ہے۔ آگے جناب کی مرضی لیکن یہ بات یاد رہے کہ دیکھنے میں تو یہ پھٹا پرانا اور فرسودہ و بد شکل معلوم ہوتا ہے لیکن ہے بڑے کام کی چیز اور جھوٹی نبوت کے لئے جن اوصاف رذیلہ کی ضرورت ہوتی ہے اس میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ آپ انٹرویو تو لے کر دیکھیں۔ چند منٹوں میں صورت حال نکھر کر آپ کے سامنے آ جائے گی۔

انٹرویو

بورڈ ـــــ تمہارا نام' ولدیت' پتہ ؟

مرزا قادیانی ـــــ میرا نام مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔ میرے باپ کا نام غلام مرتضیٰ اور میرا گھر مشرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور کے چھوٹے سے گاؤں قادیان میں ہے۔

بورڈ --- تمہاری تعلیم؟

مرزا قادیانی --- میں ٹوٹی پھوٹی اردو' ٹوٹی پھوٹی انگریزی اور بہت ہی ٹوٹی پھوٹی عربی جانتا ہوں۔

بورڈ --- آج کل کیا کام کرتے ہو؟

مرزا قادیانی --- آج کل میں سیالکوٹ کی کچہری میں منشی ہوں۔

بورڈ --- نبی تو علم کا سمندر ہوتا ہے اور تمہاری تعلیم تو بہت کم ہے مگر ہمیں اپنی نبوت چلانے کے لئے بہت سارا لٹریچر اور بہت ساری کتابیں چاہئیں۔ تو پھر یہ لٹریچر اور کتابیں کون لکھے گا؟

مرزا قادیانی --- جناب آپ فکر نہ کریں میرا ایک دوست حکیم نور الدین ہے۔ وہ پڑھا لکھا آدمی ہے اور پہلے ہی اسلام کے بہت سے بنیادی عقائد کا باغی ہے۔ وہ ہر قدم پر میرے ساتھ ہو گا اور کچھ علمائے سو اس کے دوست ہیں' وہ بھی آ جائیں گے۔ باقی تحریف قرآن و حدیث کے لئے عیسائیوں اور یہودیوں کی ٹیم آپ مجھے دے دیں۔ وہ سب مل کر کتابیں اور لٹریچر تیار کریں گے اور کتابوں پر نام میرا چلے گا اور اس طرح پورے ہندوستان میں میرے علم کا ڈنکا بجے گا اور میں اپنا نام " سلطان القلم" رکھ لوں گا۔ (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ --- نبی تو بڑے حسین و جمیل ہوتے ہیں اور تم تو بڑے کریہہ الصورت ہو۔ تمہارے نقوش انتہائی بھدے اور رنگ کالا ہے۔ لہٰذا اس رنگ اور شکل کے ساتھ تمہارا نبی بننا بہت مشکل ہے۔

مرزا قادیانی --- سر جی! دراصل میں بچپن میں دوپہر کو چلچلاتی دھوپ میں چڑیاں پکڑا کرتا تھا اور گاؤں میں آوارہ گردی کرتا تھا۔ جس سے میرا رنگ کالا ہو گیا۔ آپ کے ولایت میں رنگ گورا کرنے والی اعلیٰ سے اعلیٰ کریمیں بنتی ہیں آپ وہ کریمیں مجھے منگوا کر دیں' میں وہ کریمیں اپنے بوتھے پر خوب رگڑوں گا اور جتنا بھی ممکن ہو سکا اپنا رنگ صاف کروں گا اور جہاں تک میرے بھدے نقوش کی بات ہے اگر آپ کا دل مانے تو پھر آپ میری پلاسٹک سرجری کروالیں' ویسے میں آپ کو ایک بات بتاؤں

جھوٹے نبی ہوتے ایسی ہی شکلوں کے ہیں۔ امت مسلمہ میں سب سے پہلے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا اسود عنسی تھا۔ وہ انتہائی کالا اور بدشکل تھا۔ جس کی وجہ سے اسے اسود (کالا) کہا جاتا تھا اور عنسی اس کے قبیلے کا نام تھا۔ آپ مسیلمہ کذاب کو دیکھئے اس کا قد انتہائی ٹھگنا اور چہرے پر لعنتیں ملامتیں رقص کرتی تھیں۔

سرجی! جو بھی شخص نبوت کا دعویٰ کرتا ہے اس کا منہ سیاہی چوس کی طرح لعنت چوس ہو جاتا ہے اور اللہ ' اس کے فرشتوں' انسانوں' جنوں اور حجرو شجر کی طرف سے اس پر لعنتیں پڑتی ہیں اور اس کا منہ لعنت ہاؤس بن جاتا ہے۔ آپ ابھی سے گھبرا رہے ہیں۔ ابھی تو جب میں دعویٰ نبوت کروں گا پھر دیکھنا میرا منہ کس طرح " قطے منہ " بنتا ہے۔

بورڈ ۔۔۔ تم سے بدبو بہت آ رہی ہے تم نہاتے نہیں ہو۔

مرزا قادیانی ۔۔۔ سرجی! دراصل میں افیون کھاتا ہوں اور آپ کو تو پتہ ہے کہ جو افیون کھاتا ہے وہ پانی سے بڑا ڈرتا ہے۔

بورڈ ۔۔۔ ہم نے تم کو اب غور سے دیکھا ہے تو پتہ چلا ہے کہ تم تو کانے بھی ہو۔ تمہاری ایک آنکھ چھوٹی ہے اور ایک بڑی ہے اور ویسے بھی تمہاری دونوں آدھ کھلی آنکھیں ہر وقت خوابیدہ سی رہتی ہیں ان مست الست آنکھوں کا کیا کیا جائے۔

مرزا قادیانی ۔۔۔ سرجی! آپ بے فکر رہیں میں کہوں گا کہ میری آنکھوں کی یہ حالت کثرت عبادت کی وجہ سے ہے۔ لوگ سمجھیں گے کہ شب بیداری کی وجہ سے آنکھوں کی یہ حالت ہو گئی ہے اور وہ مجھے کوئی بہت ہی پہنچی ہوئی ہستی سمجھیں گے۔ (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ ۔۔۔ ہم نے یہ بھی سنا ہے کہ جب تم زیادہ مقدار میں افیون کھا لیتے ہو تو گھٹنوں میں سر دے کر اونگھتے رہتے ہو۔

مرزا قادیانی ۔۔۔ سرجی! گھبرانے کی کوئی بات نہیں لوگ سمجھیں گے کہ حضرت صاحب مراقبے میں بیٹھے ہیں (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ ۔۔۔ نبوت کی ذمہ داری بہت بھاری ذمہ داری ہوتی ہے۔ نبی کو انتہائی محنت و

مشقت کرنا پڑتی ہے۔ لمبے لمبے سفر کرنا پڑتے ہیں۔ دشمنوں سے برسرپیکار ہونا پڑتا ہے۔ فصاحت و بلاغت پر مبنی تقاریر کرنا پڑتی ہیں۔ لوگوں کی تربیت کرنا پڑتی ہے۔ لیکن تمہاری صحت تو بالکل کمزور اور رنگ زرد ہے۔ چلتے ہو تو ٹانگیں کانپتی ہیں اور سر جھومتا ہے۔ اس کا کیا تدارک ہے؟

مرزا قادیانی ---- میں ایک غریب الوطن ہوں' پردیس میں نوکری کرتا ہوں۔ کچہری میں پندرہ روپے ماہوار میری تنخواہ ہے۔ گھر بھی پیسے بھیجنے پڑتے ہیں۔ یہاں بھی خرچ ہوتا ہے۔ غربت کی چکی میں پس پس کر میری یہ حالت ہو گئی ہے۔ بڑی مشکل سے دو وقت کی دال روٹی چلتی ہے اور وہ بھی اگر دس پندرہ روپے رشوت نہ لوں تو فاقوں سے مر جاؤں۔ جناب جب آپ مجھے اپنا نبی بنا لیں گے تو پھر میں بکرے' مرغے' مرغابی' تیتر' بٹیر' قورمہ' زردہ' پلاؤ اور انواع و اقسام کے پھل کھاؤں گا۔ اور اوپر سے ای پلومر کی شراب کی بوتل چڑھاؤں گا تو پھر میری صحت قابل رشک ہو جائے گی۔ (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ ---- تمہاری زبان میں لکنت ہے اس سے تو ہمیں بہت نقصان پہنچے گا جب تم تقریر کرو گے تو لوگ تمہارا مذاق اڑائیں گے۔

مرزا قادیانی ---- سر جی! آپ بالکل بے فکر رہیں۔ میں لکنت کو اس انداز سے استعمال کروں گا کہ لوگ سمجھیں گے کہ فکر دین کی وجہ سے میری آواز رندھی ہوئی ہے اور مجھ پر رقت طاری ہے۔ (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ ---- تم کانے ہو ہمارا خیال ہے کہ ہم تمہاری آنکھ کا آپریشن کرا کے تمہاری آنکھ ٹھیک کرا دیں۔

مرزا قادیانی ---- جناب میں پیدائشی کانا ہوں' میں قدرتی کانا ہوں۔ اس لئے آپریشن سے میری آنکھیں ٹھیک نہیں ہو سکتیں۔ ویسے آپ کی محبت کا بہت بہت شکریہ!

بورڈ ---- تم مسلمانوں کو اپنے گرد کس طرح اکٹھا کرو گے؟

مرزا قادیانی ---- میں عیسائیوں اور ہندوؤں سے مناظرے کروں گا۔ ان کے خلاف تقریریں کرونگا اور ان کے خلاف لٹریچر شائع کروں گا۔ جس سے مسلمان مجھے ملت

اسلامیہ کا مجاہد اور ہمدرد و غمگسار سمجھیں گے۔ اس طرح میں ان کا لیڈر بن جاؤں گا اور بہت سے لوگ میرے گرد اکٹھے ہو جائیں گے۔ کیسا ہے' جناب ؟ (ہی ہی ہی ہی)

بورڈ ۔۔۔ ہم نے نوٹ کیا ہے کہ تم گالیاں بہت بکتے ہو۔

مرزا قادیانی ۔۔۔ سر جی! یہی تو میرے پاس حریف کو بھگانے کا ہتھیار ہے ورنہ میرے پاس رکھا ہی کیا ہے۔

بورڈ ۔۔۔ نبوت کاذبہ کو چلانے کے لئے بندے کو بہت جھوٹا' مکار' عیار' ڈھیٹ' بے شرم' دجال کذاب وغیرہ ہونا بہت ضروری ہے۔ کیا تم میں یہ " خوبیاں " پائی جاتی ہیں اور کیا اس کا تمہیں کوئی عملی تجربہ بھی ہے؟

مرزا قادیانی ۔۔۔ سر جی! جتنی عمر ہے اتنا ہی تجربہ ہے۔ یہ ساری " خوبیاں " جن کا آپ نے ذکر کیا ہے۔ میری گھٹی میں پڑی ہوئی ہیں اور میں ان تمام " خوبیوں " کا مظہر کامل ہوں۔ میں بچپن میں گھر سے چیزیں چرایا کرتا تھا۔ ساتھیوں سے چیزیں چھین کے کھا جاتا تھا۔ گھر سے پیسے غائب کر لیتا تھا۔ ابا کی پنشن لے کر بھاگ جاتا تھا۔ تھیٹر میں جا کر فلمیں دیکھتا تھا۔ پھر کچہری میں ملازم ہو گیا۔ یہاں سے رشوتیں وصول کرنے' جھوٹی تسلیاں دینے اور ادھر کا مال ادھر کرنے کے فنون میں مہارت تامہ حاصل کی۔ اب میں خود کو آپ کا نبی ہونے کے لئے سو فیصد فٹ سمجھتا ہوں۔

بورڈ ۔۔۔ تم اپنے مذہب اور نبوت کی داغ بیل کس طرح ڈالو گے؟

مرزا قادیانی ۔۔۔ میں نبی بن جاؤں گا۔ بیگم کو ام المومنین بنا لوں گا۔ بیوی بچوں کو اہل بیت بنا لوں گا۔ اپنے ساتھیوں کو صحابہ کہوں گا۔ اپنے شہر قادیاں کو مکہ و مدینہ کہوں گا۔ جنت البقیع کے مقابلہ میں قادیان میں بہشتی مقبرہ بناؤں گا۔ من گھڑت باتوں کو وحی کہوں گا۔ اپنی گفتگو کو حدیث کہوں گا۔ اپنے فرضی فرشتوں کی فہرست بناؤں گا اور خود کو اولی الامر قرار دے دوں گا اور آپ کی اطاعت' اللہ اور رسول کی اطاعت قرار دے دوں گا' جہاد کو حرام قرار دے دوں گا۔ غرضیکہ اسلام کے مقابل اپنا اسلام کھڑا کر دوں گا۔ کیسا ہے میری سرکار؟ (ہی ہی ہی)

بورڈ ۔۔۔ مسٹر مرزا قادیانی ہم نے ہر پہلو سے اور ہر طرح سے تمہارا انٹرویو کیا ہے'

جس میں تم نے ثابت کیا ہے کہ تم واقعی ایک عیار' مکار ' دغاباز' فتنہ ساز' دجال' کذاب' ضمیر فروش' ایمان فروش اور ملت فروش شخصیت ہو۔ تمہیں مبارک ہو کہ ہم نے تمہیں اپنی " نبوت" کے لئے منتخب کر لیا ہے۔ ہم ابھی نائی کو بلاتے ہیں' وہ تمہارے آوارہ بالوں کی حجامت کرے گا۔ تمہاری داڑھی کی تراش خراش کرے گا۔ تمہاری بے مہار مونچھیں جو تمہارے دانتوں کو چوم رہی ہیں ان کو چھوٹا اور سیٹ کرے گا۔ جنگلی جانوروں کی طرح تمہارے بڑھے ہوئے ہاتھوں اور پاؤں کے ناخنوں کو کاٹے گا۔ پھر تمہیں انگلش صابن دیں گے اور تم اپنے جسم پر پچھلے دو برس سے جمی ہوئی میل کی تہوں کو دور کرو گے۔ پھر ہمارا میک اپ کا ماہر آدمی تمہارے تن سے یہ چیتھڑے اتار کر خوبصورت شلوار قمیض پہنائے گا اور شلوار قمیض کے اوپر واسکٹ پہنائے گا پھر تمہارے بدن سے اٹھنے والی بدبو کو مارنے کے لئے تم پر خوشبو چھڑکے گا۔ تمہاری اجڑی ہوئی آنکھوں میں دم دار سرمہ لگا کر انہیں چمکائے گا۔ تمہارے پھٹے پرانے جوتے اتار کر تمہیں لندن کے بوٹ پہنائے گا اور پھر تمہارے سر پر ایک بہت بڑی پگڑی باندھے گا۔ پھر تم مسکرائے گا اور وہ تمہارا فوٹو اتارے گا اور وہ فوٹو ملکہ کے پاس لندن بھیج دیا جائے گا اور تمہیں دولت کی تجوریاں دے کر انگریزی نبوت چلانے کے لئے قادیان بھیج دیا جائے گا۔ تم بھی خوش --- ملکہ بھی خوش ---- ہم بھی خوش --- قہقہے -- قہقہے -- قہقہے---

قادیانیوں کے لطیفے

کاروبار

مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر الدین قادیان کے سکول میں پڑھتا تھا۔ ایک دن ماسٹر صاحب کو طلبہ کے کوائف اکٹھے کرنا تھے۔ لہٰذا انہوں نے ہر ایک طالب علم کو اپنے پاس بلا کر ان کے کوائف اکٹھے کئے۔ جب مرزا بشیر الدین کی باری آئی تو ماسٹر صاحب اور مرزا بشیر الدین کے مابین مندرجہ ذیل گفتگو ہوئی۔

ماسٹر صاحب :۔ آپ کا نام؟

مرزا بشیر الدین :۔ میرا نام مرزا بشیر الدین ہے۔

ماسٹر صاحب :۔ آپ کے والد کا نام؟

مرزا بشیر الدین :۔ میرے والد کا نام مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔

ماسٹر صاحب :۔ آپ کے گھر کا پتہ؟

مرزا بشیر الدین :۔ ہمارا گھر قادیان میں ہے۔

ماسٹر صاحب :۔ آپ کے والد کیا کام کرتے ہیں؟

مرزا بشیر الدین :۔ بچپن کی سادگی میں کہتا ہے "نبوت کا کاروبار کرتے ہیں"

محبت

ایک دفعہ کسی گاؤں کے چوپال پر ایک قادیانی اور ایک سکھ کی ملاقات ہو گئی۔ تھوڑی دیر کی ملاقات ہی میں دونوں بے تکلف ہو گئے۔ قادیانی سکھ سے کہنے لگا کہ میرے پاس ایک فن ہے جس کے ذریعے میں یہ بتا سکتا ہوں کہ تمہارے دل میں کیا ہے؟ سکھ جوش میں بولا تم نہیں بتا سکتے۔ تکرار بڑھی اور دونوں میں سو سو روپے کی شرط لگ گئی۔

سکھ = بتاؤ اس وقت میرے دل میں کیا ہے؟

قادیانی = اس وقت تمہارے دل میں تمہارے گرو کی محبت کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ سکھ کو مجبوراً" ہاں میں جواب دینا پڑا اور اس نے دانت پیستے ہوئے سو روپے قادیانی کو دے دیئے۔ چند دنوں کے بعد اسی چوپال پر دونوں کی دوبارہ ملاقات ہو گئی۔ سکھ بدلہ لینے کے لئے تیار ہو کر آیا تھا۔ اس نے مرزائی سے کہا کہ میں نے بھی وہ فن جان لیا ہے جس کے ذریعے میں تمہیں بتا سکتا ہوں کہ اس وقت تمہارے دل میں کیا ہے؟ قادیانی کہنے لگا

تم جیسا کوڑھ دماغ نہیں بتا سکتا۔ لہٰذا دونوں میں پھر سو سو روپے کی شرط لگ گئی۔

قادیانی = بتاؤ اس وقت میرے دل میں کیا ہے؟

سکھ = اس وقت تمہارے دل میں تمہارے نبی مرزا قادیانی کی محبت کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔

قادیانی = "مرزے پر لعنت بے شمار" نکال سو روپیہ۔ سکھ ہار چکا تھا اس لئے اسے قادیانی کو سو روپیہ دینا پڑا۔ مرزائی سو کا نوٹ جیب میں ڈالے دانت نکال رہا تھا اور سارے لوگ اپنے دانتوں میں انگلیاں لئے اس کی بے غیرتی پر تصویر حیرت بنے بیٹھے تھے۔

امتحان

ایک شریر قادیانی بچہ سکول میں فیل ہو گیا۔ گھر پہنچا تو باپ نے جوتوں سے تواضع کرنا شروع کر دی۔ باپ جوتوں کی بارش برسا رہا تھا اور ساتھ ساتھ چلاتا ہوا کہہ رہا تھا کہ ہمیشہ باادب محنتی اور ذہین بچے ہر امتحان میں پاس ہوا کرتے ہیں اور بے ادب' نالائق' کند ذہن' خبیث اور الو کے پٹھے فیل ہوتے ہیں۔ بچہ جوتوں کی بوچھاڑ میں سے سر نکال کر بولا "ابا جی ہمارے حضرت مرزا قادیانی بھی تو مختاری کے امتحان میں فیل ہوئے تھے"

بچے کا جواب باپ کے جگر میں تیر بن کے لگا اور وہ چونک اٹھا۔ جوتی اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور بچے کے منہ سے ہنسی چھوٹ گئی۔

نوٹ:۔ مرزا قادیانی اور اس کے ہندو دوست لالہ بھیم سین نے اکٹھے مختاری کا امتحان دیا۔ لالہ جی تو پاس ہو گئے لیکن مرزا جی فیل ہو گئے۔

مرزا صاحباں

تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء اپنے زوروں پر تھی۔ شیخوپورہ میں ایک جلوس سڑک پر سے گزر رہا تھا کہ چند نوجوانوں کی نظر مخالف سمت سے آتے ہوئے ایک مرزائی پر پڑی۔ نوجوان چیتے کی پھرتی سے اس کی طرف لپکے اور اسے دبوچ لیا۔ مرزائی نے کہا کہ میں مسلمان ہو چکا ہوں اور ثبوت کے طور اس نے مرزا قادیانی کو دھڑا دھڑ گالیاں دینا شروع کر دیں۔ پنجابی اور اردو میں جتنی گالیاں یاد تھیں' زبان سے اگل دیں۔ نوجوان اس کی باتوں میں آ گئے اور اسے چھوڑ دیا۔ رات کو مرزائیوں نے اس مرزائی کو اس کے مکان پر

جا پکڑا اور پوچھا کہ تم نے مرزا صاحب کو گالیاں کیوں دیں؟ میں نے اپنے مرزا صاحب کو تو گالیاں نہیں دی تھیں۔ میں نے مرزا صاحباں والے کو گالیاں دی تھیں۔ مرزائی اس کی نرالی منطق سے حیران تھے کہ ادھر سے بھی بچ گیا اور ہم سے بھی بچ گیا۔

شہر

فاتح قادیان مولانا محمد حیات اور ایک مرزائی مناظر کے مابین مناظرہ ہو رہا تھا۔ مولانا بڑی مہارت سے دلائل کا جال بنتے اور مرزائی مناظر کو جکڑ لیتے۔ مرزائی پٹخیاں کھا کھا کر حواس باختہ ہو گیا اور مولانا سے کہنے لگا کہ آپ کس شہر کے رہنے والے ہیں؟ مولانا نے اپنے شہر کا نام بتایا جس کے جواب میں مرزائی مناظر غصہ سے پھنکارتا ہوا کہنے لگا' میں تو آپ کے شہر پر پیشاب بھی نہیں کرتا۔ جواباً" مولانا نے بڑے پرسکون اور میٹھے لہجے میں کہا" بھئی ہم تو بہت عرصہ قادیان میں رہے مگر ہم نے تو کبھی پیشاب روکا ہی نہیں تھا"

ہندو اور مرزائی

ایک حلوائی کی دوکان پر ایک ہندو اور مرزائی بیٹھے تھے۔ ایک مرزائی مبلغ بھی ان کے پاس آکر بیٹھ گیا اور مرزائیت کی تبلیغ شروع کر دی۔ مرزائی مبلغ بڑے زور و شور سے مرزائیت کے حق میں دلائل دیتا رہا اور ہندو ہنستا رہا۔ ہندو کے مسلسل ہنسنے پر مرزائی مبلغ نے یہ سمجھا کہ شکار پھنس گیا ہے۔ مرزائی مبلغ کہنے لگا" بھائی تمہارے مسلسل ہنسنے سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ تم نے مرزائیت کی سچائی کو قبول کر لیا ہے اگر قبول کر لیا ہے' تو پھر دیر کیسی؟ جلدی سے مرزا صاحب کو نبی تسلیم کر لو۔ ہندو کہنے لگا میں تمہاری ایک دلیل کو بھی نہیں مانتا۔ مرزائی مبلغ غصے سے کہنے لگا اگر نہیں مانتا تو پھر ہنس کیوں رہا تھا؟ ہندو کہنے لگا ہنسی تو مجھے اس بات پر آ رہی تھی کہ ہم نے تو آج تک سچے نبی کو نہیں مانا اور تم جھوٹے کو منوا رہے ہو۔

ہڑتال

مرزا قادیانی داہنی آنکھ سے کانا تھا۔ ایک دن وہ ایک بازار میں سے گزر رہا تھا۔

داہنی آنکھ تقریباً بند ہونے کی وجہ سے اس نے سمجھا کہ دائیں طرف کی ساری دوکانیں بند ہیں۔ جب سودا سلف خرید کر اس بازار سے واپس آ رہا تھا تو پھر اسے اپنے بائیں طرف کی ساری دوکانیں بند نظر آئیں یہ منظر دیکھ کر وہ اپنے مرتد ساتھیوں سے کہنے لگا کہ یہ بازار بھی عجیب بازار ہے پہلے اس طرف ہڑتال تھی اب اس طرف ہڑتال ہے۔

پکا مرزائی

سرزمین ننکانہ صاحب ختم نبوت کے شیروں کی کچھار ہے۔ ننکانہ کے غیور و جسور مسلمانوں نے قادیانیوں کی جو درگت بنائی ہے وہ تحفظ ختم نبوت کا ایک درخشاں باب ہے۔ ننکانہ کے کچھ قادیانیوں نے شعائر اسلام کو استعمال کیا۔ مسلمانوں نے فوراً پولیس سے رابطہ کیا اور قادیانیوں کو جیل کی ہوا کھانا پڑی۔ پندرہ دن جیل میں رہے۔ جہاں موٹے موٹے مچھروں نے میزبانی کا خوب حق ادا کیا پھر ضمانتیں ہو گئیں۔ ان قادیانیوں میں ایک بوڑھا شخص بھی تھا۔ ایک بڑھاپا اوپر سے مقدمات کا سیاپا کہ پتہ نہیں پھر کب گرفتار کر لیا جاؤں۔ وہ انہیں سوچوں میں گم اجڑا اجڑا رہنے لگا۔ ایک صبح بیدار ہوا اور رفع حاجت کے لئے لیٹرین میں گیا۔ لیکن کافی دیر باہر نہ آیا۔ گھر والوں کو تشویش ہوئی۔ انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا لیکن اندر سے کوئی جواب نہ آیا۔ دروازہ زور زور سے کھٹکھٹایا گیا۔ لیکن اندر سے پھر وہی سکوت! آخر دروازہ توڑا گیا تو دیکھا کہ موصوف ننگ دھڑنگ غلاظت پر پڑے ہیں اور روح پرواز کر چکی ہے۔ قادیانیوں نے پانی کی بالٹیاں گرا کر اسے دھویا۔ وہ شرم کے مارے راتوں رات اسے ربوہ لے جانا چاہتے تھے لیکن یہ خبر پورے شہر میں پھیل گئی۔ لوگ ایک دوسرے کو مبارک بادیں دینے لگے۔ سارا شہر کہہ رہا تھا کہ دیکھو کیسا پکا مرزائی ہے کہ عین اپنے نبی کی موت کے مطابق مرا اور زندگی کا آخری سانس وہیں لینا پسند کیا جہاں اس کے نبی نے لیا تھا۔

منجن

ننکانہ صاحب میں قادیانیوں کی طرف سے شعائر اسلام کی توہین کرنے کے جرم میں مسلمانوں نے علاقہ پولیس کو درخواست دی۔ پولیس نے پرچہ میں نامزد سارے قادیانی گرفتار کر لئے۔ لیکن ایک قادیانی ڈاکٹر عبدالغفور پولیس کو گھر پر نہیں ملتا تھا ایک رات

اڑھائی بجے تھانیدار صاحب خود ڈاکٹر عبدالغفور کے گھر گئے۔ دروازہ کھٹکھٹایا تو اندر سے ایک آدمی باہر آیا۔

"ڈاکٹر عبدالغفور کہاں ہے"؟ تھانیدار نے پوچھا۔

"میں ہی ڈاکٹر عبدالغفور ہوں" باہر آنے والے شخص نے جواب دیا۔

ڈاکٹر صاحب آپ کے خلاف درخواست آئی ہے اور آپ کو میرے ساتھ تھانے چلنا ہے۔"

"میں کپڑے بدل لوں ابھی آپ کے ساتھ چلتا ہوں۔"

قادیانی ڈاکٹر اور تھانیدار دونوں جیپ میں سوار ہو کر تھانے پہنچ گئے۔ تھانیدار نے ڈاکٹر عبدالغفور کو ایک پڑھا لکھا شخص اور علاقے کا ڈاکٹر سمجھتے ہوئے اس کے ساتھ نرم رویہ اختیار کیا۔ تھانے میں اس کو کرسی پر بٹھایا جبکہ بقیہ قادیانیوں کو زمین پر بٹھایا گیا تھا۔ تھانے دار اور ڈاکٹر عبدالغفور کرسیوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔

تھانیدار:۔ ڈاکٹر صاحب آپ کون سے ڈاکٹر ہیں۔

ڈاکٹر:۔ میں دانتوں کا ڈاکٹر ہوں۔

تھانیدار:۔ آپ نے تعلیم کون سے میڈیکل کالج سے حاصل کی اور آج کل کلینک کہاں کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر:۔ میرا کلینک تو کوئی نہیں میں ٹرینوں میں منجن بیچتا ہوں اور لوگ مجھے پیار سے ڈاکٹر کہتے ہیں حالانکہ میں نے سکول کی شکل تک نہیں دیکھی۔ تھانے دار نے بجلی کی سرعت سے اس کے منہ پر ایک زناٹے دار تھپڑ رسید کیا اور منجن ڈاکٹر قلابازیاں کھاتا ہوا چاروں شانے چت زمین پر پڑا تھا اور یوں چیخ رہا تھا کہ جیسے میلے میں منجن بیچ رہا ہو۔

پستول

مرزا قادیانی کا بیٹا مرزا بشیر الدین اپنے لڑکپن کے زمانہ میں پلاسٹک کے پستول سے کھیل رہا تھا اچانک اس نے پستول سے مرزا قادیانی کا نشانہ لیا اور منہ سے ٹھاہ ٹھاہ کی آوازیں نکالنے لگا۔ مرزا قادیانی ہنسنے لگا اور کہنے لگا کہ بیٹا یہ تو نقلی پستول ہے اس سے کچھ نہیں ہو گا۔ آپ بھی تو نقلی نبی ہیں۔ آپ سے بھی کچھ نہیں ہو گا۔ مرزا بشیر الدین نے برجستہ" جواب دیا۔

دندان شکن جواب

